**1563** - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ، قَالَ: حَدَّثَنِى أَبُو حَسَنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: قُلْتُ لِمُعَاوِيَةَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ أَمِيرٍ وَلَا وَالٍ يُغْلِقُ بَابَهُ دُونَ ذَوِى الْحَاجَةِ وَالْخَلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ اِلَّا أَغْلَقَ اللّٰهُ أَبْوَابَ السَّمَاءِ دُونَ حَاجَتِهِ وَمَسْكَنَتِهِ قَالَ: فَجَعَلَ مُعَاوِيَةُ رَجُلًا عَلَى حَوَائِجِ النَّاسِ

حضرت عمرو بن مرہ رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ سے کہا: میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو حکمران اپنی عوام پر ضرورت اور دوستی کے دروازے بند کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ کی ذات آسمان کے دروازے اس پر محتاجی اور دوستی کے بند کر دیتا ہے۔ حضرت معاویہ نے سن کر ایک آدمی کو لوگوں کی ضرورت پر مقرر کر دیا تھا۔

**1564** - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سَبْرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا، عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَنْ هَاهُنَا مِنْ مَعَدٍّ فَلْيَقُمْ؟ قَالَ: فَأَخَذْتُ ثَوْبِى لِأَقُومَ، قَالَ: اقْعُدْ ثُمَّ قَالَ الثَّانِيَةَ، فَقُلْتُ: مِمَّنْ أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: مِنْ حِمْيَرَ

حضرت عمرو بن مرہ الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور انور ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا آپ ﷺ نے فرمایا: جو یہاں قبیلہ معد سے ہو وہ کھڑا ہو جائے۔ میں نے اپنا کپڑا پکڑا تا کہ کھڑا ہو جاؤں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بیٹھ جا۔ پھر دوسری مرتبہ فرمایا کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں کن سے ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: حمیر سے۔

## مُخَوَّلٌ

## مسند مخول رضی اللہ عنہ

**1565** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ،

حضرت محمد بن سلیمان بن مسمول فرماتے ہیں کہ

**1563**- عزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد1صفحه193-194 للمصنف وأحمد والبزار والطبرانى فى الكبير .

**1564**- عزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد7صفحه304-305 للمصنف والطبرانى فى الأوسط .

Marfat.com

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مَسْمُولٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُخَوَّلٍ الْبَهْزِيَّ ثُمَّ السُّلَمِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ أَبِي وَكَانَ قَدْ أَدْرَكَ الْجَاهِلِيَّةَ وَالْإِسْلَامَ يَقُولُ: نُصِبَتْ حَبَائِلُ لِي بِالْأَبْوَاءِ، فَوَقَعَ فِي حَبْلٍ مِنْهَا ظَبْيٌ، فَأَفْلَتَ فَخَرَجْتُ فِي إِثْرِهِ، فَوَجَدْتُ رَجُلًا قَدْ أَخَذَهُ، فَتَنَازَعْنَا فِيهِ، فَتَسَاوَقْنَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدْنَاهُ نَازِلًا بِالْأَبْوَاءِ تَحْتَ شَجَرَةٍ يَسْتَظِلُّ بِنِطَعٍ، فَاخْتَصَمْنَا إِلَيْهِ، فَقَضَى بِهِ بَيْنَنَا شِطْرَيْنِ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، نَلْقَى الْإِبِلَ وَبِهَا لَبَنٌ وَهِيَ مُصَرَّاةٌ، وَنَحْنُ مُحْتَاجُونَ، قَالَ: نَادِ صَاحِبَ الْإِبِلِ ثَلَاثًا، فَإِنْ جَاءَ، وَإِلَّا فَاحْلُلْ صِرَارَهَا، ثُمَّ اشْرَبْ، ثُمَّ صُرَّ، وَأَبْقِ لِلَّبَنِ دَوَاعِيَهُ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، الضَّوَالُّ تَرِدُ عَلَيْنَا، هَلْ لَنَا أَجْرٌ أَنْ نَسْقِيَهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، فِي كُلِّ ذَاتِ كَبِدٍ حَرَّى أَجْرٌ ثُمَّ أَنْشَأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُنَا، قَالَ: سَيَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ، خَيْرُ الْمَالِ فِيهِ غَنَمٌ بَيْنَ الْمَسْجِدَيْنِ تَأْكُلُ الشَّجَرَ وَتَرِدُ الْمَاءَ، يَأْكُلُ صَاحِبُهَا مِنْ رَسْلِهَا، وَيَشْرَبُ مِنْ أَلْبَانِهَا، وَيَلْبَسُ مِنْ أَصْوَافِهَا- أَوْ قَالَ- أَشْعَارِهَا، وَالْفِتَنُ تَرْتَكِسُ بَيْنَ جَرَاثِيمِ الْعَرَبِ، وَاللَّهِ مَا تَعْبُئُونَ يَقُولُهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَوْصِنِي، قَالَ: أَقِمِ الصَّلَاةَ، وَآتِ الزَّكَاةَ، وَصُمْ رَمَضَانَ، وَحُجَّ الْبَيْتَ، وَاعْتَمِرْ، وَبَرَّ

میں نے قاسم بن مخول البہزی' پھر سلمی کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے اپنے والد سے سنا کہ اُنہوں نے جاہلیت اور اسلام کا زمانہ پایا ہے' وہ فرماتے ہیں کہ مقامِ ابواء پر جال لگایا تھا' اس جال میں ہرن پھنسا' وہ اس سے نکلا تو میں اس کے پیچھے نکلا' میں نے ایک آدمی کو پایا کہ اُس نے اسے پکڑا ہوا تھا۔ دونوں اس ہرن کے متعلق جھگڑنے لگے' ہم دونوں اپنا معاملہ حضور ﷺ کے پاس لے کر چلے تو ہم نے آپ کو مقامِ ابواء میں ایک سایہ دار درخت کے نیچے چمڑے میں لیٹے ہوئے پایا' ہم نے آپ کی بارگاہ میں جھگڑا پیش کیا تو آپ نے ہمارے درمیان آدھے آدھے کا فیصلہ کیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو اونٹ ملتے ہیں کہ ان کے تھنوں میں دودھ روکا ہوا ہوتا ہے' ہم کو دودھ کی ضرورت بھی ہوتی ہے۔ آپ نے فرمایا: اونٹ کے مالک کو تین مرتبہ پکارو! اگر آ جائے تو اجازت لے لو ورنہ اس کا دودھ دوہ لو' پھر اس کو پیو اور کچھ دودھ ان کے تھنوں میں رہنے دو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم پر ایسی اشیاء آتی ہیں جو پیاسی ہوتی ہیں کیا ہمارے لیے ثواب ہے کہ ہم اُن کو پانی پلائیں؟ آپ نے فرمایا: ہر تازہ کلیجی میں ثواب ملے گا (یعنی ہر جان دارشی کو سکون دینے سے' یعنی کھلانے پلانے کے ساتھ ثواب ملے گا) پھر حضور ﷺ ہم کو حدیث بیان کرنے لگے کہ عنقریب لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ ان کے لیے دو مسجدوں کے درمیان بہترین مال بکریاں ہوں گی' ان کو کھانے کے لیے درخت اور

Marfat.com

وَالِدَيْكَ، وَصِلْ رَحِمَكَ، وَأَقْرِ الضَّيْفَ، وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ، وَانْهَ، عَنِ الْمُنْكَرِ، وَزُلْ مَعَ الْحَقِّ حَيْثُ زَالَ

پینے کے لیے پانی دیا جائے گا' اس کا مالک بہت زیادہ (یعنی پوری بکری) کھائے گا' اس کا دودھ پئے گا اور اس کا صوف پہنے گا۔ یا فرمایا: بال پہنے گا اور فتنے' عرب کے کیڑوں کے درمیان سے' اللہ کی قسم! وہ تھکیں گے نہیں' حضور ﷺ نے یہ تین مرتبہ فرمایا' تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے وصیت کریں! آپ نے فرمایا: تُو نماز قائم کر اور زکوٰۃ ادا کر' رمضان کے روزے رکھ' بیت اللہ کا حج کر اور عمرہ کر' اپنے والدین سے نیکی کر' صلہ رحمی کر' مہمان نوازی کر' نیکی کا حکم دے اور بُرائی سے منع کرے اور ہمیشہ حق کے ساتھ رہ جہاں بھی ہو۔

## مُسْنَدُ عَمِّ أَبِي حَرَّةَ الرَّقَاشِيِّ

## ابوحرہ رقاشی کے چچا کی مسند

**1566** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي حَرَّةَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: كُنْتُ آخِذًا بِزِمَامِ نَاقَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَوْسَطِ أَيَّامِ التَّشْرِيقِ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَقَالَ: فِيمَا يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ كُلَّ رِبًا مَوْضُوعٌ، وَإِنَّ أَوَّلَ رِبًا يُوضَعُ رِبَا الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، لَكُمْ رُءُوسُ أَمْوَالِكُمْ لَا تَظْلِمُونَ وَلَا تُظْلَمُونَ

حضرت ابوحرہ الرقاشی اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حجۃ الوداع میں ایامِ تشریق کے وسط میں حضور ﷺ کی اونٹنی کی نکیل پکڑی ہوئی تھی' آپ نے اپنے ارشادات میں فرمایا: اے لوگو! ہر سود ختم ہے' بے شک سب سے پہلے عباس بن عبدالمطلب کا سود ختم کیا جاتا ہے' تمہارے لیے تمہارے اموال کے حصوں سے' اصل زر ہے' نہ تم ظلم کرو نہ تم پر ظلم کیا جائے گا۔

**1567** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي حَرَّةَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ عَمِّهِ،

حضرت ابوحرہ رقاشی اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں کہ بے شک نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مسلمان کا مال

1566- أخرجه أحمد جلد5صفحه72-73 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه265-266 .

Marfat.com

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَحِلُّ مَالُ امْرِءٍ مُسْلِمٍ إِلَّا بِطِيبِ نَفْسٍ مِنْهُ

کسی دوسرے مسلمان کے لیے حلال نہیں ہے مگر جب وہ اپنی خوشی سے دے۔

# الْحَارِثُ الْأَشْعَرِيُّ

# حضرت حارث اشعری

**1568** - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، أَنَّ زَيْدًا، حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَا سَلَامٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ الْحَارِثَ الْأَشْعَرِيَّ حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِنَّ اللَّهَ أَمَرَ يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ يَعْمَلُ بِهِنَّ، وَيَأْمُرُ بَنِي إِسْرَائِيلَ يَعْمَلُونَ بِهِنَّ، وَإِنَّ عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ قَالَ لَهُ: إِنَّ اللَّهَ أَمَرَكَ بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ تَعْمَلُ بِهِنَّ وَتَأْمُرُ بِهِنَّ بَنِي إِسْرَائِيلَ يَعْمَلُونَ بِهِنَّ، فَإِمَّا أَنْ تَأْمُرَهُمْ، وَإِمَّا أَنْ آمُرَهُمْ؟، قَالَ: إِنَّكَ إِنْ تَسْبِقْنِي بِهِنَّ خَشِيتُ أَنْ أُعَذَّبَ، أَوْ يُخْسَفَ بِي، قَالَ: فَجَمَعَ النَّاسَ فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ حَتَّى امْتَلَأَ، وَقَعَدَ النَّاسُ عَلَى الشُّرُفَاتِ، قَالَ: فَوَعَظَهُمْ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ أَمَرَنِي بِخَمْسِ كَلِمَاتٍ أَعْمَلُ بِهِنَّ، وَآمُرُكُمْ أَنْ تَعْمَلُوا بِهِنَّ: أُولَاهُنَّ أَنْ تَعْبُدُوا اللَّهَ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَإِنَّ مَثَلَ مَنْ أَشْرَكَ بِاللَّهِ كَمَثَلِ رَجُلٍ اشْتَرَى عَبْدًا مِنْ خَالِصِ مَالِهِ بِذَهَبٍ أَوْ وَرِقٍ، قَالَ: هَذِهِ دَارِي، وَهَذَا عَمَلِي فَاعْمَلْ وَأَدِّ إِلَيَّ، فَجَعَلَ يَعْمَلُ وَيُؤَدِّي إِلَى غَيْرِ سَيِّدِهِ، فَأَيُّكُمْ

حضرت حارث اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے یحییٰ بن زکریا علیہما السلام کی طرف پانچ کلمات کی وحی کی کہ خود بھی ان پر عمل کریں اور بنی اسرائیل کو بھی ان پر عمل کرنے کا حکم دیں' آپ نے ان کے بیان کرنے میں دیر کی' اس کے بعد اللہ عزوجل نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف انہی کلمات کی وحی کی کہ ان کلمات کی تبلیغ کریں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آئے' آپ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے آپ کو ان پانچ کلمات کے متعلق حکم دیا تھا کہ خود بھی اس پر عمل کریں اور بنی اسرائیل کو بھی ان کلمات پر عمل کرنے کا حکم دیں' کیا آپ نے بتائے ہیں یا میں بتاؤں؟ حضرت یحییٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے روح اللہ! آپ نہ کریں! میں خوف کرتا ہوں کہ اگر آپ مجھ سے سبقت لے گئے تو مجھے دھنسا دیا جائے گا یا مجھے عذاب دیا جائے گا۔ بنی اسرائیل کو بیت المقدس میں جمع کیا یہاں تک کہ مسجد بھر گئی اور خود اونچی جگہ تشریف فرما ہوئے پھر اُن کو خطبہ دیا اور فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے مجھے پانچ کلمات کی وحی کی ہے کہ خود بھی ان پر عمل کرنے کا اور بنی

**1568**- أخرجه الترمذي في الأمثال' باب: ما جاء في مثل الصلاة والصيام والصدقة . وأحمد جلد **4** صفحه **130** و **202** .

Marfat.com

يَسُرُّهُ أَنْ يَكُونَ عَبْدُهُ كَذَلِكَ؟ وَإِنَّ اللَّهَ خَلَقَكُمْ وَرَزَقَكُمْ فَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَآمُرُكُمْ بِالصَّلَاةِ، فَإِذَا صَلَّيْتُمْ فَلَا تَلْتَفِتُوا، وَآمُرُكُمْ بِالصِّيَامِ، وَإِنَّ مَثَلَ ذَلِكَ كَمَثَلِ رَجُلٍ كَانَتْ مَعَهُ صُرَّةٌ، فِيهَا مِسْكٌ، وَمَعَهُ عِصَابَةٌ كُلُّهُمْ يُعْجِبُهُ أَنْ يَجِدَ رِيحَهَا، وَإِنَّ الصِّيَامَ أَطْيَبُ، عِنْدَ اللَّهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ، وَآمُرُكُمْ بِالصَّدَقَةِ، وَإِنَّ مَثَلَ ذَلِكَ كَمَثَلِ رَجُلٍ أَسَرَهُ الْعَدُوُّ وَقَامُوا إِلَيْهِ، فَأَوْثَقُوا يَدَهُ إِلَى عُنُقِهِ، فَقَالَ: هَلْ لَكُمْ أَنْ أَفْدِيَ نَفْسِي مِنْكُمْ؟ قَالَ: فَجَعَلَ يُعْطِيهِمُ الْقَلِيلَ وَالْكَثِيرَ لِيَفُكَّ نَفْسَهُ مِنْهُمْ، وَآمُرُكُمْ بِذِكْرِ اللَّهِ كَثِيرًا، وَإِنَّ مَثَلَ ذَلِكَ كَمَثَلِ رَجُلٍ طَلَبَهُ الْعَدُوُّ سِرَاعًا فِي إِثْرِهِ حَتَّى أَتَى عَلَى حِصْنٍ حَصِينٍ، فَأَحْرَزَ نَفْسَهُ فِيهِ كَذَلِكَ الْعَبْدُ لَا يُحْرِزُ نَفْسَهُ مِنَ الشَّيْطَانِ إِلَّا بِذِكْرِ اللَّهِ " وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " وَأَنَا آمُرُكُمْ بِخَمْسٍ أَمَرَنِي اللَّهُ بِهِنَّ: الْجَمَاعَةُ، وَالسَّمْعُ، وَالطَّاعَةُ، وَالْهِجْرَةُ، وَالْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، فَمَنْ فَارَقَ الْجَمَاعَةَ قِيدَ شِبْرٍ خَلَعَ الْإِسْلَامُ مِنْ رَأْسِهِ، إِلَّا أَنْ يَرْجِعَ، وَمَنْ دَعَا بِدَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ فَإِنَّهُ مِنْ جُثَى جَهَنَّمَ " : قِيلَ: وَإِنْ صَامَ وَصَلَّى، قَالَ: وَإِنْ صَلَّى وَصَامَ فَادْعُوا بِدَعْوَى اللَّهِ الَّذِي سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِينَ الْمُؤْمِنِينَ عِبَادَ اللَّهِ

اسرائیل سے بھی عمل کروانے کا حکم دیا ہے' ان میں پہلا کلمہ یہ ہے کہ (۱) اللہ کے ساتھ شرک نہ کرنے کا' بے شک اس کی مثال جو اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہراتا ہے تو وہ اس آدمی کی طرح ہے جو کسی غلام کو خریدے خالص اپنے مال سے سونے یا چاندی کے ساتھ' پھر اس کو اپنے گھر میں ٹھہرائے اور کہے: تُو کام کر اور اپنے کام کی مزدوری مجھے دے۔ وہ غلام دوسرے آدمی کے لیے کام کرنا شروع کرے اپنے آقا کے علاوہ' تو کیا تم میں سے کوئی آدمی اپنے غلام سے راضی ہوگا اس طرح کہ اللہ عزوجل نے تم کو پیدا کیا اور تم کو رزق دیا' اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ' جب تم نماز پڑھنے کا ارادہ کرو تو اِدھر اُدھر نہ دیکھو کیونکہ اللہ عزوجل کی رحمت اس آدمی کے چہرے کی طرف رہتی ہے جب تک وہ اِدھر اُدھر نہ دیکھے۔ (۲) تم کو روزے رکھنے کا حکم دیتا ہے' روزے کی مثال اس آدمی کی طرح ہے جس کے پاس تھیلا ہو اور اس میں مشک خوشبو ہو' تم میں سب اس کی خوشبو حاصل کرنے کو پسند کریں گے' روزے دار کے منہ کی بو اللہ عزوجل کے ہاں مشک کی خوشبو سے بھی زیادہ اچھی ہے (۳) تم کو صدقہ کا حکم دیتا ہے' صدقہ دینے کی مثال اس آدمی کی طرح ہے جس کو قید کر لیا گیا ہو اور اس کے پاؤں گردن کے ساتھ بندھے ہوئے ہوں' اس کو لایا جائے تا کہ اس کی گردن اُڑا دی جائے تو وہ ان کو کہنے لگے: کیا تمہارے لیے یہ مناسب ہے کہ تم میں سے کوئی میری جان کا فدیہ دے' وہ تھوڑا یا زیادہ سب کچھ دیدے

Marfat.com

یہاں تک کہ اتنا مال اکٹھا ہو جس سے اس کی جان کا فدیہ ہو جائے (۴) اور میں تم کو اللہ کے ذکر کا حکم دیتا ہوں کہ تم کثرت سے اللہ کا ذکر و کرو' اللہ کا ذکر کرنے والے کی مثال اس آدمی کی طرح ہے جس کو اس کا دشمن تلاش کرے اور وہ تیزی سے اس کے پیچھے چلے' وہ ایک قلعہ میں آ جائے اس میں آ کر اس نے اپنی جان کو بچا لیا تو اس طرح بندہ شیطان سے نجات اللہ کے ذکر سے حاصل کر سکتا ہے۔

# مُسْنَدُ أَبِي هُبَيْرَةَ الْأَنْصَارِيِّ

# مسند ابوھبیرہ انصاری رضی اللہ عنہ

**1569** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنَا مَخْرَمَةُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ نَافِعٍ، قَالَ: رَآنِي أَبُو هُبَيْرَةَ الْأَنْصَارِيُّ صَاحِبُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أُصَلِّي الضُّحَى حِينَ طَلَعَتِ الشَّمْسُ، فَعَابَ ذَلِكَ عَلَيَّ، وَنَهَانِي، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُصَلُّوا حَتَّى تَرْتَفِعَ الشَّمْسُ، فَإِنَّهَا إِنَّمَا تَطْلُعُ فِي قَرْنِ شَيْطَانٍ

حضرت سعید بن نافع سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں: مجھے ابوھبیرہ انصاری رضی اللہ عنہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی نے دیکھا اور میں چاشت کی نماز پڑھ رہا تھا جب سورج طلوع ہوا' پس اس نے مجھ پر عیب لگایا اور مجھے منع کیا' پھر کہا کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نماز نہ پڑھو حتیٰ کہ سورج بلند ہو جائے' بے شک وہ طلوع ہوتا ہے شیطان کے دو سینگوں کے درمیان سے۔

# مُسْنَدُ سَعْدٍ مَوْلَى أَبِي بَكْرٍ

# مسند سعد مولیٰ ابوبکر رضی اللہ عنہ

**1570** - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت سعد مولیٰ ابوبکر رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے

1569- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه226 للمصنف وأحمد والطبراني في الأوسط .

Marfat.com

الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَعْدٍ، مَوْلَى أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِأَبِي بَكْرٍ، وَكَانَ سَعْدٌ مَمْلُوكًا لَهُ، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُعْجِبُهُ خِدْمَتُهُ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْتِقْ سَعْدًا فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا لَنَا هَاهُنَا غَيْرُهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْتِقْ سَعْدًا، أَتَتْكَ الرِّجَالُ، أَتَتْكَ الرِّجَالُ

روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فرمایا (اس وقت جب حضرت سعد رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے غلام تھے) حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کی خدمت کو پسند کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سعد کو آزاد کر دیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہمارے پاس اس کے علاوہ کوئی اور نہیں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سعد کو آزاد کر دے! تیرے پاس مرد آئیں گے، تیرے پاس مرد آئیں گے۔

**1571** - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ: قَرَّبْتُ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرًا، فَجَعَلُوا يَقْرُنُونَ، فَنَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الْقِرَانِ

حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھجوریں پیش کیں۔ صحابہ کرام دو دو ملا کر کھانے لگے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجوروں کو ملا کر کھانے سے منع فرمایا۔

**1572** - حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ دَغْفَلٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُوُفِّيَ وَهُوَ ابْنُ خَمْسٍ وَسِتِّينَ

حضرت دغفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا اس وقت آپ کی عمر ۶۵ سال تھی۔

## عُبَيْدٌ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## مسند عبید رضی اللہ عنہ (مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم)

**1573** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ،

حضرت عبید رضی اللہ عنہ (مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) فرماتے

---

1571- أخرجه أحمد جلد1صفحه199 . وابن ماجه في الأطعمة' باب: النهي عن قرن التمر .

1573- أخرجه أحمد جلد5صفحه431 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه171 للمصنف .

Marfat.com

حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ عُبَيْدٍ، مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ امْرَأَتَيْنِ كَانَتَا صَائِمَتَيْنِ، فَكَانَتَا تَغْتَابَانِ النَّاسَ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحٍ، فَقَالَ لَهُمَا: قِيئَا، فَقَاءَتَا قَيْحًا وَدَمًا وَلَحْمًا عَبِيطًا، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ هَاتَيْنِ صَامَتَا، عَنِ الْحَلَالِ وَأَفْطَرَتَا عَلَى الْحَرَامِ

ہیں کہ دو عورتیں روزہ کی حالت میں تھیں اور دونوں غیبت کر رہی تھیں۔ حضور ﷺ نے ایک پیالہ منگوایا اور فرمایا: تم دونوں اس میں قے کرو۔ دونوں نے اس میں قے کی۔ اس قے میں خون اور گوشت جما ہوا تھا۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: ان دونوں نے حلال روزہ رکھا ہوا تھا' دونوں نے حرام سے افطار کیا ہے۔

# أَبُو مَالِكٍ الْأَشْعَرِيُّ

# مسند حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ

**1574** - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، أَنَّ زَيْدًا، حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا سَلَامٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ أَبَا مَالِكٍ الْأَشْعَرِيَّ حَدَّثَهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: " أَرْبَعٌ فِي أُمَّتِي مِنْ أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ لَا يَتْرُكُونَهُنَّ: الْفَخْرُ فِي الْأَحْسَابِ، وَالطَّعْنُ فِي الْأَنْسَابِ، وَالِاسْتِسْقَاءُ بِالنُّجُومِ، وَالنِّيَاحَةُ " ، وَقَالَ النَّائِحَةُ: إِذَا لَمْ تَتُبْ قَبْلَ مَوْتِهَا يُقَامُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَيْهَا سِرْبَالٌ مِنْ قَطِرَانٍ وَدِرْعٌ مِنْ جَرَبٍ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری امت کے لوگ زمانہ جاہلیت کی چار چیزیں نہیں چھوڑیں گے: (۱) حسب ونسب میں فخر کرنے کو نہیں چھوڑیں گے۔ (۲) نسب میں طعن کرنے کو (۳) ستاروں کے ذریعے بارش مانگنے کو (۴) نوحہ کرنے سے۔ نوحہ کرنے والی جب تک توبہ نہیں کرے گی قیامت کے دن کھڑا کیا جائے گا اس حالت میں کہ اُن پر تارکول کے کُرتے ہوں گے۔

# مُسْنَدُ الْعَبَّاسِ بْنِ

# مسند عباس بن

1574- أخرجه أحمد جلد 5 صفحه 342-343 . ومسلم في الجنائز' باب: التشديد في النياحة . والبيهقي في السنن جلد 4 صفحه 63 . وابن ماجه في الجنائز' باب: في النهي عن النياحة .

Marfat.com

# مِرْدَاسٍ السُّلَمِيّ

**1575** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْقَاهِرِ بْنُ السَّرِيِّ السُّلَمِيُّ، حَدَّثَنِي ابْنُ كِنَانَةَ بْنُ الْعَبَّاسِ بْنِ مِرْدَاسٍ السُّلَمِيُّ، أَنَّ أَبَاهُ، حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِيهِ الْعَبَّاسِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا عَشِيَّةَ عَرَفَةَ لِأُمَّتِهِ بِالْمَغْفِرَةِ وَالرَّحْمَةِ وَأَكْثَرَ الدُّعَاءَ، فَأَجَابَهُ اللَّهُ أَنِّي قَدْ فَعَلْتُ وَغَفَرْتُ لِأُمَّتِكَ إِلَّا ظُلْمَ بَعْضِهِمْ بَعْضًا، فَأَعَادَ، فَقَالَ: يَا رَبِّ، إِنَّكَ قَادِرٌ أَنْ تَغْفِرَ لِلظَّالِمِ وَتُثِيبَ الْمَظْلُومَ خَيْرًا مِنْ مَظْلَمَتِهِ فَلَمْ يَكُنْ تِلْكَ الْعَشِيَّةَ إِلَّا ذَا، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ دَعَا غَدَاةَ الْمُزْدَلِفَةِ، فَعَادَ يَدْعُو لِأُمَّتِهِ، فَلَمْ يَلْبَثِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تَبَسَّمَ، فَقَالَ بَعْضُ أَصْحَابِهِ: يَا رَسُولَ اللَّهِ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، تَبَسَّمْتَ فِي سَاعَةٍ لَمْ تَكُنْ تَضْحَكُ فِيهَا، فَمَا أَضْحَكَكَ أَضْحَكَ اللَّهُ سِنَّكَ؟ قَالَ: تَبَسَّمْتُ مِنْ عَدُوِّ اللَّهِ إِبْلِيسَ حِينَ عَلِمَ أَنَّ اللَّهَ قَدْ أَجَابَنِي فِي أُمَّتِي وَغَفَرَ لِلظَّالِمِ، أَهْوَى يَدْعُو بِالثُّبُورِ وَالْوَيْلِ وَيَحْثُو التُّرَابَ عَلَى رَأْسِهِ وَقَالَ مَرَّةً: فَضَحِكْتُ مِنْ جَزَعِهِ

# مرداس سلمی رضی اللہ عنہ

حضرت عباس بن مرداس سلمی اپنے والد عباس رضی اللہ عنہ سے بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عرفہ کی شام اپنی امت کے لیے بخشش و رحمت کی دعا کی اور بہت زیادہ دعا کی‘ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا قبول فرمائی‘ فرمایا: میں ایسا کروں گا اور تیری امت کو بخشوں گا‘ مگر اس کو نہیں جو ایک دوسرے پر ظلم کرے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوبارہ دعا کی‘ عرض کی: اے رب! تُو قادر ہے‘ ظالم کو معاف کر دے‘ مظلوم کو اس سے بڑھ کر اجر دے۔ آپ شام تک یہ دعا مانگتے رہے‘ جب دوسرے دن صبح ہوئی تو آپ نے دوبارہ اپنی اُمت کے لیے یہی دعا کی‘ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تھوڑی ہی دیر رُکے تھے کہ آپ نے تبسم فرمایا‘ بعض صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! آپ نے اس وقت تبسم فرمایا ہے‘ آپ اس وقت مسکرائے تو نہیں ہیں‘ آپ کیوں مسکرائے ہیں؟ اللہ عزوجل آپ کے دانتوں کو مسکراتا ہی رکھے! آپ نے فرمایا: میں نے اللہ کے دشمن ابلیس کو دیکھ کر تبسم کیا ہے‘ جس وقت اس کو معلوم ہوا کہ اللہ عزوجل نے میری اُمت کے حوالے سے میری دعا قبول فرمائی ہے اور ظالم کو معاف کر دیا ہے‘ حالانکہ وہ ہلاکت اور فریاد کر رہا تھا اور اپنے سر پر مٹی ڈال رہا تھا۔ فرمایا: میں اس کے اس جزع فزع کو دیکھ کر ہنس پڑا۔

---

**1575**- أخرجه ابن ماجه في المناسك' باب: الدعاء بعرفة .

Marfat.com

# مسند الحكم بن ميناء

**1576** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي الْحُوَيْرِثِ، أَنَّهُ سَمِعَ الْحَكَمَ بْنَ مِينَاءَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِعُمَرَ: اجْمَعْ لِي مِنْ هَا هُنَا مِنْ قُرَيْشٍ فَجَمَعَهُمْ، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَتَخْرُجُ إِلَيْهِمْ أَمْ يَدْخُلُونَ؟ قَالَ: بَلْ أَخْرُجُ إِلَيْهِمْ، فَخَرَجَ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ هَلْ فِيكُمْ غَيْرُكُمْ قَالُوا: لَا إِلَّا بَنُو أَخَوَاتِنَا، قَالَ: " ابْنُ أُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ، ثُمَّ قَالَ: يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ، اعْلَمُوا أَنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِالنَّبِيِّ الْمُتَّقُونَ، فَانْظُرُوا لَا يَأْتِي النَّاسُ بِالْأَعْمَالِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَتَأْتُونَ بِالدُّنْيَا تَحْمِلُونَهَا فَأَصُدَّ، عَنْكُمْ بِوَجْهِي ثُمَّ قَرَأَ (إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِإِبْرَاهِيمَ لَلَّذِينَ اتَّبَعُوهُ وَهَذَا النَّبِيُّ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِينَ) (آل عمران: 68 )

# مسند حضرت حکم بن میناء رضی اللہ عنہ

حضرت حکم بن میناء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر سے کہا: میرے لیے یہاں پر قریش کے لوگوں کو جمع کرو۔ حضرت عمر نے جمع کیا۔ پھر عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ ان کی طرف نکلیں گے یا داخل ہوں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بلکہ میں اُن کی طرف نکلوں گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے۔ فرمایا: اے قریش کے گروہ! کیا تم میں اور کوئی بھی ہے؟ انہوں نے عرض کی: نہیں! مگر ہماری بہنوں کے بیٹے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قوم کی بہن کا بیٹا انہیں لوگوں میں شامل ہوتا ہے۔ پھر فرمایا: اے قریش کے گروہ! جان لو! بے شک اپنے نبی کے قریب متقی ہوں گے' ایسا نہ ہو لوگ قیامت کے دن اپنے اعمال کے ساتھ آئیں اور تم دنیا کے ساتھ آؤ' اس کو اُٹھائے ہوئے' میں تم کو اپنی رضا کے لیے روکتا ہوں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت کریمہ پڑھی: ''بے شک ابراہیم علیہ السلام کے قریب وہ لوگ ہوں گے جنہوں نے ان کی اتباع کی اور اس نبی کی اور ان لوگوں کی جو ایمان لائے اور اللہ ایمان والوں کا مددگار ہے''۔

# مُسْنَدُ عُمَيْرٍ

# مسند حضرت عمیر

**1576**- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه277 للمصنف .

Marfat.com

## بْنِ سَعْدٍ

**1577** - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي سِنَانٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ الْخَوْلَانِيِّ، قَالَ: أَتَيْنَا عُمَيْرَ بْنَ سَعْدٍ فِي نَفَرٍ مِنْ أَهْلِ فِلَسْطِينَ، وَكَانَ يُقَالُ: نَسِيجُ وَحْدِهِ، فَقَعَدْنَا عَلَى دُكَّانٍ لَهُ عَظِيمٍ فِي دَارِهِ، فَقَالَ لِغُلَامِهِ: يَا غُلَامُ، أَوْرِدِ الْخَيْلَ، قَالَ: وَفِي الدَّارِ تَوْرٌ مِنْ حِجَارَةٍ، قَالَ فَأَوْرَدَهَا، فَقَالَ: أَيْنَ فُلَانَةُ؟ قَالَ: هِيَ جَرِبَةٌ تَقْطُرُ دَمًا، أَوْ قَالَ: تَقْطُرُ مَاءً، شَكَّ أَبُو اِسْحَاقَ، قَالَ: أَوْرِدْهَا، فَقَالَ أَحَدُ الْقَوْمِ: إِذًا تَجْرَبُ الْخَيْلُ كُلُّهَا، قَالَ: أَوْرِدْهَا، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا عَدْوَى، وَلَا طِيَرَةَ، وَلَا هَامَةَ، أَلَمْ تَرَ اِلَى الْبَعِيرِ مِنَ الْإِبِلِ كَيْفَ يَكُونُ بِالصَّحْرَاءِ، ثُمَّ يُصْبِحُ فِي كَرْكَرَتِهِ أَوْ فِي مَرَاقِّهِ نُكْتَةٌ لَمْ تَكُنْ قَبْلَ ذٰلِكَ، فَمَنْ أَعْدَى الْأَوَّلَ؟

## بن سعد رضی اللہ عنہ

حضرت ابوطلحہ خولانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عمیر بن سعد رضی اللہ عنہ کے پاس فلسطین والوں کے ساتھ ایک گروہ بن کر آئے' اس کو نسیج وحدہ کہا جاتا تھا' ہم ان کے گھر میں ایک بڑی دکان پر بیٹھے' اُنہوں نے اپنے غلام سے کہا: اے غلام! گھوڑا لا! ان کے گھر میں پتھر کا لوٹا تھے' اُس سے اُنہوں نے کہا: اس کو بھی لاؤ! اُنہوں نے فرمایا: فلاں اونٹنی کہاں ہے؟ ان کے غلام نے عرض کی: اس کو خارش پڑی ہوئی ہے' اس سے خون بہہ رہا ہے۔ یا فرمایا: خون بہہ رہا ہے۔ ابواسحاق کو شک ہے۔ عمیر نے فرمایا: اس کو بھی لاؤ۔ قوم میں سے ایک نے کہا: اس وقت سارے گھوڑوں کو خارش لگ جائے گی۔ آپ نے فرمایا: اس کو بھی لاؤ! کیونکہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ بیماری کی چھوت اور فال اور مقتول کے سر سے پرندے کا نکلنا کوئی چیز نہیں ہے' کیا تم نے دیکھا نہیں ان اونٹوں کو جو صحرا میں چرتے ہیں' جو صبح گھومتے رہتے ہیں یا اس کے پیٹ میں ایک سوراخ ہوتا ہے' اس سے پہلے نہیں ہوتا ہے' تو پہلے کو کس نے لگایا ہے؟

## مُسْنَدُ الْحَارِثِ بْنِ وُقَيْشٍ

**1578** - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ وَرْدَانَ،

## مسند حارث بن وقیش رضی اللہ عنہ

حضرت حارث بن وقیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

---

**1577**- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه101-102 . للمصنف والطبراني .

**1578**- أخرجه ابن ماجه في الزهد' باب: صفة النار . وأحمد جلد 4صفحه212 . وعزاه أيضًا الهيثمي في مجمع

Marfat.com

حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ وُقَيْشٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَمُوتُ بَيْنَهُمَا أَرْبَعَةٌ إِلَّا أَدْخَلَهُمَا اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَثَلَاثَةٌ، قَالَ: وَثَلَاثَةٌ قَالَ: وَاثْنَانِ، قَالَ: وَاثْنَانِ قَالَ: وَإِنَّ مِنْ أُمَّتِي مَنْ يَدْخُلُ بِشَفَاعَتِهِ أَكْثَرُ مِنْ مُضَرَ

حضور ﷺ نے فرمایا: مسلمانوں میں سے نہیں ہیں' دو مسلمان جن کے چار مر جائیں تو اللہ تعالیٰ دونوں کو اپنے فضل سے جنت میں داخل کرے گا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یا رسول اللہ! تین؟ فرمایا: تین بھی۔ اس نے عرض کی: دو؟ فرمایا: دو بھی؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میری امت سے جو اکثر شفاعت سے جنت میں داخل ہوں گے وہ زیادہ قبیلہ مضر کی وجہ سے داخل ہوں گے۔

## حَبَّةُ بْنُ حَابِسٍ التَّمِيمِيُّ

## مسند حبہ بن حابس تمیمی رضی اللہ عنہ

1579 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا حَرْبٌ، حَدَّثَنِي يَحْيَى، قَالَ، حَدَّثَنِي حَبَّةُ بْنُ حَابِسٍ التَّمِيمِيُّ، أَنَّ أَبَاهُ، أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا شَيْءَ فِي الْهَامِ، وَالْعَيْنُ حَقٌّ، وَأَصْدَقُ الطَّيْرِ الْفَأْلُ

یحییٰ فرماتے ہیں کہ مجھے حبہ بن حابس تمیمی نے حدیث بیان کی' بے شک ان کے باپ نے خبر دی' انہوں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ہام میں کوئی شیء نہیں' نظر برحق ہے سب سے سچی شگون وہ قولیا فعل ہے جس سے اچھے نتیجے کی اُمید ہو۔ (فائدہ: زمانۂ جاہلیت میں عربوں کے عقیدہ کے مطابق مقتول کے سر سے ایک پرندہ نکل کر ''اسقونی' اسقونی'' کہتا ہے' حتیٰ کہ اس مقول کا بدلہ لے لیا جائے۔ از معجم الوسیط صفحہ ۱۲۱۷)

## الْفَلَتَانُ بْنُ عَاصِمٍ

## مسند فلتان بن عاصم رضی اللہ عنہ

1580 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ،

حضرت فلتان بن عاصم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم

الزوائد جلد3صفحه8 للمصنف والطبرانی فی الكبير .

1579- أخرجه أحمد جلد4صفحه76 وجلد5صفحه70 و379 . والترمذی فی الطب' باب: ما جاء أن العين حق .

Marfat.com

حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ كُلَيْبٍ - يَعْنِي عَنِ الْفَلَتَانِ بْنِ عَاصِمٍ، قَالَ: كُنَّا، عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُنْزِلَ عَلَيْهِ، وَكَانَ إِذَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ دَامَ بَصَرُهُ مَفْتُوحَةً عَيْنَاهُ، وَفَرَغَ سَمْعُهُ، وَقَلْبُهُ لِمَا يَأْتِيهِ مِنَ اللَّهِ، قَالَ: فَكُنَّا نَعْرِفُ ذَلِكَ مِنْهُ، فَقَالَ لِلْكَاتِبِ: " اكْتُبْ (لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ) (النساء : 95) ، (وَالْمُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ) (النساء : 95) " قَالَ: فَقَامَ الْأَعْمَى، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا ذَنْبُنَا؟ فَأَنْزَلَ اللَّهُ، فَقُلْنَا لِلْأَعْمَى: إِنَّهُ يُنَزَّلُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَافَ أَنْ يَكُونَ يُنَزَّلُ عَلَيْهِ شَيْءٌ مِنْ أَمْرِهِ، فَبَقِيَ قَائِمًا يَقُولُ: أَعُوذُ بِغَضَبِ رَسُولِ اللَّهِ، قَالَ: فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْكَاتِبِ: " اكْتُبْ (غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ) (النساء :95 )"

حضور ﷺ کے پاس تھے۔ آپ ﷺ پر وحی نازل ہونا شروع ہوگئی۔ آپ ﷺ پر جب وحی نازل ہوتی تھی تو آپ ﷺ مسلسل دیکھتے رہتے تھے۔ آپ ﷺ کی آنکھیں کھلی رہتی تھیں' آپ کے کان اور دل اللہ عزوجل کی طرف سے آنے والی وحی کی طرف متوجہ ہو جاتے' ہم اس سے پہچان لیتے تھے۔ آپ ﷺ نے کاتب وحی سے کہا: لکھو ''لا یستوی القاعدون الی آخرہ'' (النساء: ۹۵) حضرت ابن ام مکتوم کھڑے ہوئے اور عرض کی: یا رسول اللہ! ہمارا کیا گناہ ہے؟ اللہ نے جو اتارا ہے؟ ہم نے ابن مکتوم سے کہا کہ حضور ﷺ پر وحی اتری ہے' ڈر ہے کہ حضور ﷺ پر اس معاملہ میں کوئی وحی اتر جائے۔ وہ کھڑا رہ گیا اور عرض کرتا رہا: میں رسول اللہ ﷺ کے غضب سے پناہ مانگتا ہوں۔ نبی کریم ﷺ نے کاتب سے فرمایا: لکھو! ''غیر اولی الضرر'' (النساء:۹۵)۔

# مُسْنَدُ مَعْنَ بْنُ نَضْلَةَ

1581 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى إِسْحَاقُ بْنُ مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْنٍ، حَدَّثَنِي جَدِّي مُحَمَّدُ بْنُ مَعْنٍ، عَنْ أَبِيهِ مَعْنِ بْنِ نَضْلَةَ، أَنَّ نَضْلَةَ، لَقِيَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

# معن بن نضلہ رضی اللہ عنہ کی مسند

حضرت نضلہ' حضور ﷺ سے مرین کے مقام پر ملے۔ ان کے ساتھ کم دودھ دینے والی اونٹنیاں بھی تھیں۔ انہوں نے حضور ﷺ کے لیے ایک برتن میں دودھ نکالا۔ حضور ﷺ نے اسے نوش فرمایا۔ پھر انہوں

1581- أخرجه أحمد جلد 4صفحه336 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5صفحه80 . للمصنف والبزار والطبراني .

Marfat.com

بِمُرِّينَ، وَمَعَهُ شَوَائِلُ لَهُ، فَحَلَبَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي إِنَاءٍ، فَشَرِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. ثُمَّ شَرِبَ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، إِنْ كُنْتُ لَأَشْرَبُ سَبْعَةً، فَمَا أَشْبَعُ، وَمَا أَمْتَلِءُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمُؤْمِنَ يَشْرَبُ فِي مِعًى وَاحِدٍ، وَإِنَّ الْكَافِرَ يَشْرَبُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ

نے ایک ہی برتن سے پیا' پھر عرض کی: یا رسول اللہ! اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! اگر میں سات مرتبہ پیتا ہوں میں سیر نہیں ہوتا میرا پیٹ نہیں بھرتا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن ایک آنت سے پیتا ہے اور کافر سات آنتوں سے پیتا ہے۔

**1582** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَاهُ ابْنُ الْمَدِينِيُّ، بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ

امام ابویعلیٰ فرماتے ہیں: ہم کو ابن مدینی نے اپنی سند کے ساتھ اسی طرح کی حدیث بیان کی ہے۔

# مُسْنَدُ وَابِصَةَ بْنِ مَعْبَدٍ

# مسند وابصہ بن معبد رضی اللہ عنہ

**1583** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عَبْدِ السَّلَامِ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مِكْرَزٍ، عَنْ وَابِصَةَ بْنِ مَعْبَدٍ الْأَسَدِيِّ، قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَنَا أُرِيدُ أَنْ لَا أَدَعَ شَيْئًا مِنَ الْبِرِّ وَالْإِثْمِ إِلَّا سَأَلْتُهُ، فَأَتَيْتُهُ فِي عِصَابَةٍ مِنَ النَّاسِ يَسْتَفْتُونَهُ، فَجَعَلْتُ أَتَخَطَّاهُمْ، فَقَالُوا: إِلَيْكَ يَا وَابِصَةُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: دَعُونِي أَدْنُو مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِنَّهُ أَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ أَنْ أَدْنُوَ مِنْهُ، قَالَ:

حضرت وابصہ بن معبد اسدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا۔ میں چاہتا تھا کہ آج میں نیکی اور گناہ کے متعلق کوئی ایسی چیز نہیں چھوڑوں گا مگر اس کے متعلق حضور ﷺ سے پوچھوں گا۔ میں لوگوں کے ایک گروہ میں آپ ﷺ کے پاس آیا' جو آپ ﷺ سے فتوے پوچھ رہے تھے۔ آپ ﷺ سے پوچھنے کے لیے میں آنکھیں ادھر ادھر پھیرنے لگا' انہوں نے کہا: اے وابصہ! رسول اللہ ﷺ سے پوچھو! میں نے کہا: مجھے چھوڑو! میں رسول اللہ ﷺ کے قریب ہو جاؤں۔ مجھے لوگوں میں سب سے زیادہ پسند ہے کہ میں آپ ﷺ

**1583**- أخرجه أحمد جلد4صفحه227-228 . وعزاه أيضًا الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1صفحه175 للمصنف والبزار .

Marfat.com

دَعُوا وَابِصَةَ، ادْنُ يَا وَابِصَةُ، اسْتَفْتِ قَلْبَكَ، وَاسْتَفْتِ نَفْسَكَ، اسْتَفْتِ قَلْبَكَ، وَاسْتَفْتِ نَفْسَكَ، الْبِرُّ مَا اطْمَأَنَّتْ إِلَيْهِ النَّفْسُ، وَاطْمَأَنَّ إِلَيْهِ الْقَلْبُ، وَالْإِثْمُ مَا حَاكَ فِي النَّفْسِ، وَتَرَدَّدَ فِي الصَّدْرِ، وَإِنْ أَفْتَاكَ النَّاسُ، وَأَفْتَوْكَ ثَلَاثًا

**1584** - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حَمْزَةَ الْمَعْوَلِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الزُّبَيْرِ أَبِي عَبْدِ السَّلَامِ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ وَابِصَةَ الْأَسَدِيِّ، قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَنَا أُرِيدُ أَنْ لَا أَدَعَ شَيْئًا مِنَ الْبِرِّ وَالْإِثْمِ إِلَّا سَأَلْتُهُ، عَنْهُ، فَأَتَيْتُهُ وَحَوْلَهُ عِصَابَةٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَسْتَفْتُونَهُ، فَجَعَلْتُ أَتَخَطَّاهُمْ إِلَيْهِ، فَقَالُوا: إِلَيْكَ يَا وَابِصَةُ، فَقُلْتُ لَهُمْ: دَعُونِي أَدْنُو مِنْهُ، فَإِنَّهُ أَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ أَنْ أَدْنُوَ مِنْهُ، فَقَالَ: دَعُوا وَابِصَةَ، ادْنُ يَا وَابِصَةُ، ادْنُ يَا وَابِصَةُ فَدَنَوْتُ، فَجَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَالَ لِي: يَا وَابِصَةُ، أَتَسْأَلُنِي أَوْ أُخْبِرُكَ؟ قُلْتُ: بَلْ أَخْبِرْنِي يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: جِئْتَ تَسْأَلُنِي، عَنِ الْبِرِّ وَالْإِثْمِ" قُلْتُ: نَعَمْ، فَجَمَعَ أَنَامِلَهُ، ثُمَّ جَعَلَ يَنْكُتُ بِهِنَّ فِي صَدْرِي، وَيَقُولُ: يَا وَابِصَةُ، اسْتَفْتِ قَلْبَكَ، وَاسْتَفْتِ نَفْسَكَ، اسْتَفْتِ قَلْبَكَ، وَاسْتَفْتِ نَفْسَكَ، الْبِرُّ مَا اطْمَأَنَّتْ إِلَيْهِ النَّفْسُ، وَالْإِثْمُ مَا حَاكَ فِي الصُّدُورِ، وَإِنْ أَفْتَاكَ النَّاسُ، وَأَفْتَوْكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

کے قریب ہو جاؤں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وابصہ کو چھوڑ دو! اے وابصہ! قریب ہو! اپنے دل سے فتویٰ لے لو' اپنے نفس سے پوچھ لو' نیکی وہ ہے جس پر تیرا دل مطمئن ہو اور تیرا نفس مطمئن ہو۔ گناہ وہ ہے جو تیرے دل پہ کھٹکے اور دل بے قرار ہو۔ اگرچہ لوگ تجھے اس کے جائز ہونے کا فتویٰ دیں' تین مرتبہ آپ نے فرمایا۔

حضرت وابصہ بن معبد اسدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا۔ میں چاہتا تھا کہ آج میں نیکی اور گناہ کے متعلق کوئی ایسی چیز نہیں چھوڑوں گا مگر اس کے متعلق حضور ﷺ سے پوچھوں گا۔ جبکہ آپ ﷺ صحابہ کے ایک گروہ کے درمیان تشریف فرما تھے' وہ آپ سے پوچھ رہے تھے۔ آپ ﷺ سے پوچھنے کے لیے میں آنکھیں اِدھر اُدھر پھیرنے لگا' انہوں نے کہا: اے وابصہ! رسول اللہ ﷺ سے پوچھو! میں نے کہا: مجھے چھوڑو کہ میں رسول اللہ ﷺ کے قریب ہو جاؤں۔ کیونکہ مجھے لوگوں میں سب سے زیادہ پسند ہے کہ میں آپ ﷺ کے قریب ہو جاؤں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وابصہ کو بلاؤ! اے وابصہ! قریب ہو! اے وابصہ! اور قریب ہو جا! پس میں قریب ہو کر آپ ﷺ کے سامنے جا بیٹھا' آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے وابصہ! تم مجھ سے سوال کرو گے یا میں تمہیں بتاؤں؟ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ ارشاد فرمائیں! آپ نے فرمایا: تُو میرے پاس نیکی اور گناہ کے بارے پوچھنے آیا ہے' میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے اپنی

Marfat.com

انگلیوں کو اکٹھا کرنے کے بعد میرے سینے میں مارا اور فرمانے لگے: اے وابصہ! اپنے دل سے فتویٰ لے لو اپنے نفس سے پوچھ لو نیکی وہ ہے جس پر تیرا دل مطمئن ہو اور تیرا نفس مطمئن ہو۔ گناہ وہ ہے جو تیرے دل پہ کھٹکے اور دل بے قرار ہو۔ اگرچہ لوگ تجھے اس کے جائز ہونے کا فتویٰ دیں، تین مرتبہ آپ نے فرمایا۔

**1585** - حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ سُعَيْرٍ، حَدَّثَنَا السَّرِيُّ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ وَابِصَةَ بْنِ مَعْبَدٍ، قَالَ: انْصَرَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجُلٌ يُصَلِّي خَلْفَ الْقَوْمِ، فَقَالَ: أَيُّهَا الْمُصَلِّي وَحْدَهُ، أَلَا تَكُونُ وَصَلْتَهُ صَفًّا، فَدَخَلْتَ مَعَهُمْ، أَوِ اجْتَرَرْتَ رَجُلًا إِلَيْكَ أَنْ ضَاقَ بِكُمُ الْمَكَانُ، أَعِدْ صَلَاتَكَ، فَإِنَّهُ لَا صَلَاةَ لَكَ

حضرت وابصہ بن معبد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز سے فارغ ہوتے ہی ایک آدمی کو دیکھا وہ قوم کے پیچھے اکیلا نماز پڑھ رہا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے نمازی اکیلے نماز پڑھنے والے کیا تو آگے والی صف میں شامل نہیں ہوسکتا تھا ان کے ساتھ شریک ہو جاتا۔ یا اگلی صف سے آدمی کو پیچھے کھینچ لیتا اگر آگے جگہ تنگ تھی اپنی نماز دوبارہ لوٹا تیری نماز نہیں ہوئی۔

**1586** - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ الْكِلَابِيُّ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا أَصْبَغُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ شَدَّادٍ، مَوْلَى عِيَاضٍ، عَنْ وَابِصَةَ، قَالَ أَبُو عُثْمَانَ عَمْرٌو يَعْنِي ابْنَ مَعْبَدٍ إِنْ شَاءَ اللَّهُ أَنَّهُ كَانَ يَقُومُ فِي النَّاسِ يَوْمَ الْأَضْحَى، أَوْ يَوْمَ الْفِطْرِ، فَيَقُولُ: إِنِّي شَهِدْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى

حضرت وابصہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ابو عثمان بن معبد نے کہا: ان شاء اللہ! وہ لوگوں کے ساتھ عید الاضحیٰ اور عید الفطر کے دن شریک ہوں گے۔ فرمایا: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع کے دن حاضر تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کون سا دن ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یا رسول اللہ! یہ دسویں ذوالحجہ کا دن ہے۔ فرمایا:

---

**1585**- أخرجه أحمد جلد **4**صفحه**228** . وأبو داؤد في الصلاة' باب: الرجل يصلي وحده خلف الصف . والترمذي في الصلاة' وباب: ما جاء في الصلاة خلف الصف . والبيهقي في السنن جلد **3**صفحه**104** . وابن ماجه في الاقامة . والدارمي في الصلاة' باب: في صلاة الرجل خلف الصف وحده .

**1586**- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**269-270** للمصنف والطبراني في الأوسط .

Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، وَهُوَ يَقُولُ: أَيُّ يَوْمٍ هَذَا؟ قَالَ: النَّاسُ يَوْمَ النَّحْرِ قَالَ: فَأَيُّ شَهْرٍ هَذَا؟ ثُمَّ قَالَ: أَيُّ بَلَدٍ هَذَا؟ قَالُوا: هَذِهِ الْبَلْدَةُ، قَالَ: فَإِنَّ دِمَاءَكُمْ وَأَمْوَالَكُمْ وَأَعْرَاضَكُمْ حَرَامٌ عَلَيْكُمْ، كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هَذَا فِي شَهْرِكُمْ هَذَا فِي بَلَدِكُمْ هَذَا إِلَى يَوْمِ تَلْقَوْنَهُ، ثُمَّ قَالَ: اللَّهُمَّ هَلْ بَلَّغْتُ؟ يُبَلِّغُ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ قَالَ وَابِصَةُ: نَشْهَدُ عَلَيْكُمْ كَمَا أَشْهَدَ عَلَيْنَا

یہ کون سا مہینہ ہے؟ پھر فرمایا: یہ کون سا شہر ہے؟ عرض کی: یارسول اللہ! یہ مکہ مکرمہ ہے فرمایا: تمہارے خون اور تمہارے اموال اور تمہاری عزت ایک دوسرے پر حرام ہیں اس دن کی طرح اور اس مہینہ کی طرح اور اس شہر کی طرح مرنے تک۔ پھر فرمایا: اے اللہ! کیا میں نے پہنچا دیا! حاضر غائب کو یہ پیغام پہنچا دے۔ حضرت وابصہ نے کہا: ہم آپ پر گواہ ہیں جس طرح آپ ہم پر گواہ ہیں۔

**1587** - قَالَ عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ: حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ الْخُزَاعِيُّ، أَنَّ جَعْفَرَ بْنَ بُرْقَانَ، حَدَّثَهُمْ فِي هَذَا الْحَدِيثِ، أَنَّ سَالِمَ بْنَ وَابِصَةَ، صَلَّى بِهِمْ بِالرَّقَّةِ وَذَكَرَ حَدِيثَ وَابِصَةَ هَذَا، وَقَالَ وَابِصَةُ: نَشْهَدُ عَلَيْكُمْ كَمَا أَشْهَدَ عَلَيْنَا، فَأُوعِيتُمْ وَنَحْنُ نُبَلِّغُكُمْ

حضرت جعفر بن برقان فرماتے ہیں کہ انہوں نے اس حدیث کو بیان کیا کہ حضرت سالم بن وابصہ رضی اللہ عنہ نے ان کے ساتھ مقامِ رقہ میں نماز پڑھی۔ یہ وابصہ والی حدیث ذکر کی حضرت وابصہ نے فرمایا: ہم آپ پر گواہ ہیں جس طرح ہم آپ سے۔ ہم پر گواہی دی ہے تم یاد کر لو ہم پہنچانے والے ہیں۔

## مسند ثابت بن قيس الأنصاری

## مسند حضرت ثابت بن قیس انصاری رضی اللہ عنہ

**1588** - حَدَّثَنَا أَبُو عَلِيٍّ أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو فَضَالَةَ فَرَجُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عَبْدِ الْخَبِيرِ بْنِ قَيْسِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ شَمَّاسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قُتِلَ يَوْمَ قُرَيْظَةَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يُدْعَى خَلَّادًا، فَقِيلَ لِأُمِّهِ: يَا أُمَّ خَلَّادٍ، قُتِلَ خَلَّادٌ، فَجَاءَتْ وَهِيَ مُتَنَقِّبَةٌ، فَقِيلَ لَهَا: قُتِلَ خَلَّادٌ،

حضرت عبید الخبیر بن قیس بن ثابت بن شماس اپنے باپ اور دادا سے روایت کرتے ہیں کہ قریظہ کے دن انصار کے آدمی کو شہید کیا گیا۔ اس کو خلاد کے نام سے پکارتے تھے۔ اس کی والدہ سے کہا گیا: اے اُم خلاد! خلاد کو قتل کیا گیا ہے وہ آئیں اس حالت میں کہ باپردہ تھیں۔ ان سے عرض کی گئی: خلاد کو شہید کیا گیا ہے اور

**1588**- أخرجه أبو داؤد في الجهاد' باب: فضل قتال الروم على غيرهم من الأمم.

Marfat.com

وَتجِيئِينَا مُتَنَقِّبَةً، قَالَتْ: اِنْ رُزِئْتُ خَلَّادًا، فَلا أُرْزَأُ حَيَائِي، فَذَكَرُوا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَمَا اِنَّ لَهُ أَجْرَ شَهِيدَيْنِ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَبِمَ؟ قَالَ: لِأَنَّ أَهْلَ الْكِتَابِ قَتَلُوهُ

آپ باپردہ حالت میں ہیں۔ انہوں نے فرمایا: میں نے خلاد کو کھویا ہے اپنی حیاء کو نہیں کھویا۔ اس کا ذکر حضور ﷺ کی بارگاہ میں کیا گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کے لیے دو شہیدوں کا اجر ہے۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! کس وجہ سے؟ فرمایا: کیونکہ اہل کتاب نے اس کو قتل کیا ہے۔

## مُسْنَدُ سَفِينَةَ

## مسند سفینہ رضی اللہ عنہ (نام کے آدمی کی)

## رَجُلٌ

**1589** - حَدَّثَنَا زَحْمَوَيْهِ، حَدَّثَنَا صَالِحٌ، حَدَّثَنَا حَاجِبٌ يَعْنِي ابْنَ عُمَرَ، قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ الْحَكَمِ الْأَعْرَجِ عَلَى بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، فَتَذَاكَرُوا أَمْرَ الْمَيِّتِ يُعَذَّبُ بِبُكَاءِ الْحَيِّ، فَحَدَّثَنَا بَكْرٌ قَالَ: حَدَّثَنَا رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ أَبُو هُرَيْرَةَ خَالَفَهُ فِي ذٰلِكَ، فَقَالَ: قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: وَاللّٰهِ لَئِنِ انْطَلَقَ رَجُلٌ مُحَارِبًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، ثُمَّ قُتِلَ فِي قُطْرٍ مِنْ أَقْطَارِ الْأَرْضِ شَهِيدًا، فَعَمَدَتِ امْرَأَةٌ سَفَهًا أَوْ جَهْلًا، فَبَكَتْ عَلَيْهِ، لَيُعَذِّبَنَّ هٰذَا الشَّهِيدَ بِبُكَاءِ هٰذِهِ السَّفِيهَةِ عَلَيْهِ، فَقَالَ رَجُلٌ: صَدَقَ رَسُولُ اللّٰهِ، وَكَذَبَ أَبُو هُرَيْرَةَ صَدَقَ رَسُولُ اللّٰهِ، وَكَذَبَ أَبُو هُرَيْرَةَ

حضرت بکر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میت کے معاملہ کا تذکرہ ہوا اس کو عذاب دیا جاتا ہے۔ زندوں کے رونے کی وجہ سے ہم کو بکر نے بیان کیا کہ ہم کو اصحابِ رسول ﷺ نے بیان کیا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اس کی مخالفت کرتے تھے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! اللہ کی قسم! اگر کوئی آدمی اللہ کی راہ میں بھاگتا ہوا چلے زمین کے کونوں میں سے ایک کونے میں۔ ایک عورت بیوقوف یا بے علم اس پر روئے تو اس شہید کو اس بیوقوف کے رونے کی وجہ سے عذاب ہوگا۔ ایک آدمی نے کہا رسول اللہ ﷺ نے سچ کہا اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جھوٹ کہا۔ رسول اللہ ﷺ نے سچ کہا اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جھوٹ کہا۔

## رَجُلٌ

## ایک آدمی کی مسند (جس کا

---

1589- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه16 للمصنف .

Marfat.com

## نام معلوم نہیں)

**1590** - حَدَّثَنَا زَحْمَوَيْهِ، حَدَّثَنَا صَالِحٌ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ بَعْضِ، أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، عَلِّمْنِي عَمَلًا يُدْخِلُنِي الْجَنَّةَ، وَلَا تُكْثِرْ عَلَيَّ، قَالَ: لَا تَغْضَبْ

حضرت ابو صالح رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ کے بعض اصحاب سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے ایسا عمل بتائیں کہ جس کی وجہ سے جنت میں داخل ہو جاؤں اور مجھے زیادہ نہ بتائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: غصہ نہ کر۔

## رَجُلٌ، عَنْ أَبِيهِ

## ایک آدمی کی مسند جو اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں

**1591** - حَدَّثَنَا زَحْمَوَيْهِ، حَدَّثَنَا صَالِحٌ، حَدَّثَنَا أَبُو جَنَابٍ يَحْيَى بْنُ أَبِي حَيَّةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أَخِي وَجِعٌ، فَقَالَ: مَا وَجَعُ أَخِيكَ؟ قَالَ: بِهِ لَمَمٌ، قَالَ: فَابْعَثْ إِلَيَّ بِهِ قَالَ: فَجَاءَهُ، فَجَلَسَ بَيْنَ يَدَيْهِ، قَالَ: " فَقَرَأَ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ، وَأَرْبَعَ آيَاتٍ مِنْ أَوَّلِ سُورَةِ الْبَقَرَةِ، وَآيَتَيْنِ مِنْ وَسَطِهَا (وَإِلَهُكُمْ إِلَهٌ وَاحِدٌ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمَنُ الرَّحِيمُ إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَوَاتِ

ایک آدمی اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور عرض کی: میرا بھائی بیمار ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے بھائی کو کیا تکلیف ہے؟ اس نے عرض کی: اس کو دیوانگی ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو میری طرف بھیجنا۔ وہ آیا تو وہ آپ کے سامنے بیٹھ گیا' اس پر حضور ﷺ نے سورۃ فاتحہ اور چار آیتیں سورۃ البقرۃ کی اول اور آخر کی دو آیتیں درمیان سے پڑھیں۔ ''والھکم الہ واحد الی آخرہ ''۔ جب اس سے فارغ ہوئے تو آپ نے آیۃ الکرسی پڑھی اور سورۃ البقرہ کی آخری تین آیتیں پڑھیں

---

**1590**- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8**صفحه**9** و**70** . وأحمد جلد **2**صفحه**466**' وجلد **3**صفحه**484**' وجلد**5**صفحه**34** . والبخاري في الأدب' باب: الحذر من الغضب . والترمذي في البر' باب: ما جاء في كثرة الغضب .

**1591**- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**5**صفحه**115** . للمصنف .

Marfat.com

وَالْأَرْضِ) حَتَّى فَرَغَ مِنَ الْآيَةِ، وَآيَةَ الْكُرْسِيِّ، وَثَلَاثَ آيَاتٍ مِنْ آخِرِ سُورَةِ الْبَقَرَةِ، وَآيَةً مِنْ أَوَّلِ سُورَةِ آلِ عِمْرَانَ (شَهِدَ اللَّهُ أَنَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ وَالْمَلَائِكَةُ وَأُولُو الْعِلْمِ قَائِمًا بِالْقِسْطِ) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ، وَآيَةً مِنْ سُورَةِ الْأَعْرَافِ (إِنَّ رَبَّكُمُ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضَ)، وَآيَةً مِنْ سُورَةِ الْمُؤْمِنِينَ (فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ) (المؤمنون:116)، وَآيَةً مِنْ سُورَةِ الْجِنِّ (وَأَنَّهُ تَعَالَى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا) (الجن:3) وَعَشْرَ آيَاتٍ مِنْ سُورَةِ الصَّفِّ مِنْ أَوَّلِهَا، وَثَلَاثَ آيَاتٍ مِنْ آخِرِ سُورَةِ الْحَشْرِ، وَقُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ، وَالْمُعَوِّذَتَيْنِ "

اور سورۂ آل عمران کے اول سے یہ آیت پڑھی: ''شَهِدَ اللّٰهُ الی آخرہٖ'' (آل عمران:۱۸) سورۃ الاعراف سے ایک آیت پڑھی: ''اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهِ الَّذِیْ الی آخرہٖ'' (آیت:۸۴) سورۃ مومنین سے ایک آیت پڑھی: ''فتعالی اللّٰهُ الی آخرہٖ''۔ سورۂ جن سے ایک آیت: ''وَاَنَّهُ تَعَالٰی الی آخرہٖ''۔ سورۃ صف سے دس آیتیں پڑھیں' سورۃ حشر کے آخر سے تین آیتیں پڑھیں اور قل ھواللہ احد اور معوذتین پڑھیں۔

**1592** - حَدَّثَنَا زَحْمَوَيْهِ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدِ بْنِ دِينَارٍ، مَوْلَى آلِ الزُّبَيْرِ، أَخْبَرَنِي الثِّقَةُ، " أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى يَوْمَ خَيْبَرَ أَنْ يُوقَعَ عَلَى الْحُبَالَى، وَقَالَ: تَسْقِي زَرْعَ غَيْرِكَ؟

حضرت یحییٰ بن سعید بن دینار مولی آل زبیر سے روایت ہے کہ مجھے ثقہ آدمی نے خبر دی کہ حضور ﷺ نے خیبر کے دن منع فرمایا کہ حاملہ سے وطی کی جائے اور فرمایا: کیا تم غیر کی کھیتی کو سیراب کرو گے؟

# فَرْوَةُ بْنُ نَوْفَلٍ الْأَشْجَعِيُّ

# مسند فروہ بن نوفل الاشجعی رضی اللہ عنہ

**1593** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ،

حضرت فروہ بن نوفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

**1592**- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه300 للمصنف .

**1593**- أخرجه الترمذي في الدعوات' باب: قرأة (قل يا ايها الكافرون) عند النوم . وأحمد جلد 5صفحه456 . وأبو داؤد في الأدب' باب: ما يقول عند النوم .

Marfat.com

حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ، قَالَ: أَتَيْتُ الْمَدِينَةَ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ قَالَ: قُلْتُ: لِتُعَلِّمَنِي كَلِمَاتٍ إِذَا أَخَذْتُ مَضْجَعِي، قَالَ: اقْرَأْ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ فَإِنَّهَا بَرَاءَةٌ مِنَ الشِّرْكِ

مدینہ شریف آیا۔ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: تم کیسے آئے ہو؟ میں نے عرض کی: تا کہ مجھے آپ چند کلمات سکھا دیں جب میں اپنے بستر پر جاؤں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: قل یا ایھا الکافرون پڑھ لیا کر' کیونکہ یہ سورت شرک سے بری کرتی ہے۔

## رَسُولُ قَيْصَرَ

## قیصر کے نمائندہ کی حدیث

**1594** - حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ بْنُ أَشْرَسَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي رَاشِدٍ، قَالَ كَانَ رَسُولُ قَيْصَرَ جَارًا لِي زَمَنَ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، فَقُلْتُ لَهُ: أَخْبِرْنِي، عَنْ كِتَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى قَيْصَرَ، فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْسَلَ دِحْيَةَ الْكَلْبِيَّ إِلَى قَيْصَرَ، وَكَتَبَ مَعَهُ إِلَيْهِ كِتَابًا يُخَيِّرُهُ بَيْنَ إِحْدَى ثَلَاثٍ: إِمَّا أَنْ يُسْلِمَ وَلَهُ مَا فِي يَدَيْهِ مِنْ مُلْكِهِ، وَإِمَّا أَنْ يُؤَدِّيَ الْخَرَاجَ، وَإِمَّا أَنْ يَأْذَنَ بِحَرْبٍ قَالَ، فَجَمَعَ قَيْصَرُ بَطَارِقَتَهُ وَقِسِّيسِيهِ فِي قَصْرِهِ، وَأَغْلَقَ عَلَيْهِمُ الْبَابَ، وَقَالَ: إِنَّ مُحَمَّدًا كَتَبَ إِلَيَّ يُخَيِّرُنِي بَيْنَ إِحْدَى ثَلَاثٍ، إِمَّا أَنْ أُسْلِمَ وَلِي مَا فِي يَدِي مِنْ مُلْكِي، وَإِمَّا أَنْ أُؤَدِّيَ الْخَرَاجَ، وَإِمَّا أَنْ آذَنَ بِحَرْبٍ، وَقَدْ تَجِدُونَ فِيمَا تَقْرَءُونَ مِنْ كُتُبِكُمْ أَنَّهُ سَيَمْلِكُ مَا تَحْتَ

حضرت سعید بن ابوراشد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ قیصر کا نمائندہ یزید بن معاویہ کے زمانہ میں میرا پڑوسی تھا' میں نے اُن کو کہا: مجھے آپ حضور ﷺ کا خط بتائیں جو آپ نے قیصر کو لکھا تھا۔ اس نے کہا: بے شک حضور ﷺ نے حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کو قیصر کی طرف بھیجا' حضرت دحیہ رضی اللہ عنہ کے پاس آپ کا خط تھا جو آپ نے قیصر کو لکھا تھا۔ قیصر کو تین باتوں کا اختیار دیا: (۱) یا تو وہ مسلمان ہو جائے تو اس کی بادشاہی اسی کے پاس رہے گی' (۲) ٹیکس دے (۳) یا لڑائی کا اعلان کرنا۔ قیصر نے اپنے اُمراء اور پادری اپنے محل میں جمع کیے' ان کے آنے کے بعد دروازہ بند کر دیا اور کہا: محمد نے میری طرف خط لکھا ہے' مجھے تین چیزوں میں سے ایک اختیار کرنے کو کہا ہے: (۱) یا تو یہ کہ میں مسلمان ہو جاؤں اس صورت میں جو بادشاہی میرے پاس ہے وہ میرے پاس ہی رہے گی (۳) یا پھر میں اُنہیں خراج (ٹیکس) دوں

1594- أخرجه أحمد جلد3صفحه441-442 . وعزاه أيضًا الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه234-236 .

Marfat.com

قَدَمِي مِنْ مُلْكِي، فَنَخَرُوا نَخْرَةً حَتَّى إِنَّ بَعْضَهُمْ خَرَجُوا مِنْ بَرَانِسِهِمْ، وَقَالُوا: تُرْسِلُ إِلَى رَجُلٍ مِنَ الْعَرَبِ، جَاءَ فِي بُرْدَيْهِ وَنَعْلَيْهِ بِالْخَرَاجِ، فَقَالَ: اسْكُتُوا إِنَّمَا أَرَدْتُ أَنْ أَعْلَمَ تَمَسُّكَكُمْ بِدِينِكُمْ وَرَغْبَتَكُمْ فِيهِ، ثُمَّ قَالَ: ابْتَغُوا لِي رَجُلًا مِنَ الْعَرَبِ، فَجَاءُوا بِي فَكَتَبَ مَعِي إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِتَابًا وَقَالَ لِي: انْظُرْ مَا سَقَطَ، عَنْكَ مِنْ قَوْلِهِ، فَلَا يَسْقُطُ عِنْدَ ذِكْرِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مَعَ أَصْحَابِهِ، وَهُمْ مُحْتَبُونَ بِحَمَائِلِ سُيُوفِهِمْ حَوْلَ بِئْرِ تَبُوكَ، فَقُلْتُ: أَيُّكُمْ مُحَمَّدٌ؟ فَأَوْمَأَ بِيَدِهِ إِلَى نَفْسِهِ، فَدَفَعْتُ إِلَيْهِ الْكِتَابَ، فَدَفَعَهُ إِلَى رَجُلٍ إِلَى جَنْبِهِ، فَقُلْتُ: مَنْ هَذَا؟ فَقَالُوا: مُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِي سُفْيَانَ، فَقَرَأَهُ فَإِذَا فِيهِ: كَتَبْتَ تَدْعُونِي إِلَى جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمَوَاتُ وَالْأَرْضِ، فَأَيْنَ النَّارُ إِذًا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا سُبْحَانَ اللَّهِ، إِذَا جَاءَ اللَّيْلُ فَأَيْنَ النَّهَارُ؟ فَكَتَبْتُهُ عِنْدِي، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّكَ رَسُولُ قَوْمٍ، فَإِنَّ لَكَ حَقًّا، وَلَكِنْ جِئْتَنَا وَنَحْنُ مُرْمِلُونَ قَالَ عُثْمَانُ: أَكْسُوهُ حُلَّةً صَفُورِيَّةً، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ: عَلَيَّ ضِيَافَتُهُ، وَقَالَ لِي قَيْصَرُ فِيمَا قَالَ: انْظُرْ إِلَى ظَهْرِهِ، فَرَأَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي أُرِيدُ النَّظَرَ إِلَى ظَهْرِهِ، فَأَلْقَى ثَوْبَهُ، عَنْ ظَهْرِهِ، فَنَظَرْتُ إِلَى الْخَاتَمِ فِي نُغْضِ الْكَتِفِ، فَأَقْبَلْتُ عَلَيْهِ

(۳) تیسری صورت میں مجھے جنگ کا چیلنج ہے اور تم اپنی کتابوں میں پڑھتے ہو کہ ایک دن وہ عنقریب اس بادشاہی کا مالک ہو جائے گا جو میرے قدموں کے نیچے ہے۔ سو اُنہوں نے ناک چڑھایا حتیٰ کہ ان میں سے بعض آپے سے باہر ہو گئے اور کہا: کیا آپ ایک ایسے عربی آدمی کے ہاتھ خراج بھیجنا چاہتے ہیں جو دو چادروں میں ملبوس جوتے پہنے ہوئے تیرے پاس آیا ہے۔ اُن کی یہ بات سن کر بادشاہ بولا: خاموش ہو جاؤ! بس میرا ارادہ یہ تھا کہ میں معلوم کروں کہ تم اپنے دین پر کس قدر مضبوط ہو اور تمہیں اپنے دین میں کتنی دلچسپی ہے۔ پھر کہا: ایک عربی آدمی تلاش کر کے میرے پاس لے آؤ۔ سو وہ مجھے تلاش کر کے اُس کے پاس لائے' سو اُس نے ایک خط لکھا اور میرے ہاتھ میں دے کر نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں بھیجا اور خصوصی طور پر مجھ سے کہا: جو بات وہ کہیں اُسے نوٹ کرنا۔ رات کی بات جانے دینا اور نہ دن کی۔ سو میں اللہ کے رسول کی بارگاہ میں حاضر ہوا' حال یہ تھا کہ آپ ﷺ اپنے دوستوں کے ساتھ براجمان تھے' تبوک کے کنویں کا کنارہ تھا' صحابہ کرام نے تلواریں حمائل کی ہوئی تھیں (میں چونکہ سفیر تھا' مجھے کیا خطرہ تھا) میں نے کہا: تم میں سے محمد کون ہے؟ آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ سے اپنی طرف اشارہ کیا تو میں نے خط آپ کے حوالے کر دیا۔ سو آپ کے پہلو میں ایک آدمی موجود تھا' آپ نے وہ خط اُس کو دیا۔ میں نے کہا: یہ کون ہے؟ تو اُنہوں نے جواب دیا: یہ حضرت

Marfat.com

أُقَبِّلُهُ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي كَتَبْتُ إِلَى النَّجَاشِيِّ فَأَحْرَقَ كِتَابِي، وَاللّٰهُ مُحْرِقُهُ، وَكَتَبْتُ إِلَى كِسْرَى عَظِيمِ فَارِسَ، فَمَزَّقَ كِتَابِي، وَاللّٰهُ مُمَزِّقُهُ، وَكَتَبْتُ إِلَى قَيْصَرَ فَرَفَعَ كِتَابِي، فَلَا يَزَالُ النَّاسُ - ذَكَرَ كَلِمَةً - مَا كَانَ فِي الْعَيْشِ خَيْرٌ

سفیان کے بیٹے حضرت معاویہ ہیں۔ سو اُنہوں نے وہ خط پڑھا جبکہ اُس میں لکھا تھا: آپ نے لکھا ہے کہ آپ مجھے اُس جنت کی طرف بلا رہے ہیں جس کی چوڑائی زمین و آسمان کے برابر ہے تو پھر دوزخ کہاں ہے؟ سو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! تُو پاک ہے! جب رات آ گئی تو پھر دن کہاں؟ سو میں نے اس بات کو اپنے پاس لکھ لیا' پھر رسول کریم ﷺ گویا ہوئے: تم ایک قوم کے سفیر ہو' سو بے شک تمہارا حق ہے' لیکن اب تُو ہمارے پاس آیا ہے اور ہم درویش ہیں (کھانے پینے کا سامان کم رکھتے ہیں)۔ حضرت عثمان نے فرمایا: اسے صفوری حُلّہ پہنانا چاہیے۔ انصاریوں میں سے ایک صحابی بولے: میرے اوپر لازم ہے کہ میں اس کی میزبانی کا شرف حاصل کروں۔ جو باتیں شہنشاہِ قیصر نے مجھ سے کہی تھیں' اُن میں سے ایک یہ بھی تھی کہ تم آپ ﷺ کی پیٹھ مبارک کو دیکھنا۔ سو اس نے خیال ظاہر کیا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ! میں چاہتا ہوں کہ آپ کی پیٹھ دیکھوں' سو آپ ﷺ نے اپنی پیٹھ سے کپڑا ہٹا دیا تو میں نے آپ ﷺ کے کندھوں کے درمیان میں مہرِ نبوت کو دیکھا' سو میں آگے بڑھا کہ مہرِ نبوت کو بوسہ دوں۔ پھر رسول کریم ﷺ نے فرمایا: بے شک میں نے نجاشی کی طرف خط لکھا سو اُس نے میرا خط جلا دیا اور اللہ اُس (نجاشی) کو جلانے والا ہے اور میں نے کسریٰ فارس کی طرف خط لکھا تو سو اُس نے میرا خط پھاڑ دیا سو اللہ اُسے پھاڑنے والا ہے اور میں نے قیصر کی طرف خط لکھا ہے تو

Marfat.com

# عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُودٍ

**1595** - حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، أَنَّ عُرْوَةَ بْنَ مَسْعُودٍ الثَّقَفِيَّ، قَالَ لِقَوْمِهِ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ: أَيْ قَوْمِ، إِنِّي قَدْ رَأَيْتُ الْمُلُوكَ وَكَلَّمْتُهُمْ، فَابْعَثُونِي إِلَى مُحَمَّدٍ فَأُكَلِّمَهُ، فَأَتَاهُ بِالْحُدَيْبِيَةِ، فَجَعَلَ عُرْوَةُ يُكَلِّمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَتَنَاوَلُ لِحْيَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ شَاكٍ فِي السِّلَاحِ عَلَى رَأْسِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ الْمُغِيرَةُ: كُفَّ يَدَكَ مِنْ قَبْلِ أَنْ لَا تَصِلَ إِلَيْكَ، فَرَفَعَ عُرْوَةُ رَأْسَهُ، فَقَالَ: أَنْتَ هُوَ وَاللّٰهِ، إِنَّكَ لَفِي غَدْرَتِكَ مَا خَرَجْتَ مِنْهَا بَعْدُ، فَرَجَعَ عُرْوَةُ إِلَى قَوْمِهِ، فَقَالَ: أَيْ قَوْمِ، إِنِّي قَدْ رَأَيْتُ الْمُلُوكَ وَكَلَّمْتُهُمْ، مَا رَأَيْتُ مِثْلَ مُحَمَّدٍ قَطُّ مَا هُوَ بِمَلِكٍ، وَلَقَدْ رَأَيْتُ الْهَدْيَ مَعْكُوفًا يَأْكُلُ وَبَرَهُ، وَمَا أَرَاكُمْ إِلَّا سَتُصِيبُكُمْ قَارِعَةٌ، فَانْصَرَفَ وَمَنْ مَعَهُ مِنْ قَوْمِهِ، فَصَعِدَ سُوَرَ الطَّائِفِ، فَشَهِدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، فَرَمَاهُ رَجُلٌ مِنْ قَوْمِهِ بِسَهْمٍ، فَقَتَلَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اُس نے میرے خط کو بلند کیا سو لوگ ہمیشہ اُس کو یاد کرتے رہیں گے جب تک زندگی میں بھلائی ہے۔

# مسند عروہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

علی بن زید بن جدعان فرماتے ہیں کہ حضرت عروہ بن مسعود رضی اللہ عنہ الثقفی نے اپنی قوم سے حدیبیہ کے زمانہ میں کہا: اے قوم! میں نے بادشاہوں کو دیکھا ہے اور میں نے ان سے گفتگو کی ہے' مجھے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بھیجیں میں ان سے کلام کرتا ہوں۔ وہ حدیبیہ کے مقام پر آیا۔ عروہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کرنے لگا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھی شریف کو ہاتھ لگانے لگا۔ حضرت مغیرہ بن شعبہ ہتھیار لگائے ہوئے مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کھڑے تھے' عروہ کو حضرت مغیرہ نے کہا کہ اپنے ہاتھ روک اس سے پہلے کہ ہاتھ وہاں تک پہنچے۔ عروہ نے سر اٹھایا' اس نے کہا: تُو ہے، اللہ کی قسم! تُو غداری کر رہا ہے جس سے تُو نکلا ہے اس کے بعد۔ عروہ اپنی قوم کی طرف گیا' اس نے کہا: اے میری قوم! میں نے بادشاہوں کو دیکھا ہے اور ان سے گفتگو بھی کی ہے۔ میں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم جیسا بادشاہ کبھی نہیں دیکھا حالانکہ وہ بادشاہ نہیں ہے۔ میں نے قربانی کے جانور کو دیکھا ہے جو باندھا ہوا ہے اس کا گوشت کھاتے ہیں۔ وہ چلا گیا جو اس کے ساتھ قوم تھی وہ بھی چلی گئی۔ وہ طائف کی چوٹی پر چڑھا اس نے گواہی

**1595**- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**9**صفحه**386** للمصنف .

Marfat.com

وَسَلَّمَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي جَعَلَ فِي أُمَّتِي مِثْلَ صَاحِبِ يَاسِينَ

دی: اشہد ان لا الٰہ الا اللہ وانّ محمداً رسول اللہ! ایک آدمی اس کی قوم سے تیر لگنے سے قتل ہو گیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے میری امت میں صاحبِ یاسین کی مثل بنائے ہیں۔

# عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الشِّخِّيرِ

# مسند عبداللہ بن شخیر رضی اللہ عنہ

1596 - حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ وَهُوَ قَائِمٌ وَلِصَدْرِهِ أَزِيزٌ كَأَزِيزِ الْمِرْجَلِ

حضرت عبداللہ بن شخیر رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے فرمایا: میں مسجد میں حضور ﷺ کے پاس آیا۔ آپ ﷺ کھڑے تھے آپ ﷺ کے سینے سے ایسی آواز نکلی جیسے کیتلی سے جوش مارتے وقت آواز نکلتی ہے۔

# أَبُو الْجَعْدِ

# مسند ابوالجعد رضی اللہ عنہ

1597 - حَدَّثَنَا أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، أَخْبَرَنِي عَبِيدَةُ بْنُ سُفْيَانَ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ أَبِي الْجَعْدِ الضَّمْرِيِّ، وَكَانَتْ، لَهُ صُحْبَةٌ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابی جعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں (ان کو صحابی ہونے کا شرف حاصل ہوا) کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے تین جمعہ چھوڑے لگاتار تو اللہ اس کے دل پر مہر لگا دے گا۔

---

1596- أخرجه النسائی فی السهو جلد 3صفحه13' باب: البكاء فی الصلاة ۔ وأحمد جلد 4صفحه25-26 ۔ وأبو داؤد فی الصلاة' باب: البكاء فی الصلاة ۔

1597- أخرجه أحمد جلد5صفحه300 ۔ وأبو داؤد فی الصلاة' باب: التشديد فی ترك الجمعة ۔ والنسائی فی الجمعة' باب: التشديد فی التخلف عن الجمعة ۔ والترمذی فی الصلاة' باب: ما جاء فی ترك الجمعة من غير عذر ۔ وابن ماجه فی الاقامة فيمن ترك الجمعة من غير عذر ۔ ومسلم فی الجمعة رقم الحديث: 865' باب: التغليظ فی ترك الجمعة ۔ للطبرانی فی الأوسط ۔

Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَرَكَ الْجُمُعَةَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ تَهَاوُنًا بِهَا طَبَعَ اللّٰهُ عَلَى قَلْبِهِ

# رَجُلٌ

**1598** - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، أَنَّ رَجُلًا، بِالْكُوفَةِ، شَهِدَ أَنَّ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ، عَنْهُ قُتِلَ شَهِيدًا فَأَخَذَتْهُ الزَّبَانِيَةُ فَرَفَعُوهُ إِلَى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ، عَنْهُ وَقَالُوا: لَوْلَا أَنْ تَنْهَانَا - أَوْ نَهَيْتَنَا - أَنْ لَا نَقْتُلَ أَحَدًا لَقَتَلْنَاهُ . هَذَا زَعَمَ أَنَّهُ يَشْهَدُ أَنَّ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قُتِلَ شَهِيدًا، فَقَالَ الرَّجُلُ لِعَلِيٍّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: وَأَنْتَ تَشْهَدُ . أَتَذْكُرُ أَنِّي أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي، وَأَتَيْتُ أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَسَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي . وَأَتَيْتُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَسَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي، وَأَتَيْتُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَسَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي، قَالَ: فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يُبَارِكَ لِي، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ لَا يُبَارَكُ لَكَ وَأَعْطَاكَ نَبِيٌّ وَصِدِّيقٌ وَشَهِيدَانِ، وَأَعْطَاكَ نَبِيٌّ وَصِدِّيقٌ وَشَهِيدَانِ، وَأَعْطَاكَ نَبِيٌّ وَصِدِّيقٌ وَشَهِيدَانِ؟

# ایک آدمی کی مسند

محمد بن سیرین رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی کوفہ میں تھا' اُس نے گواہی دی کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا ہے۔ چوکیداروں نے اس کو پکڑا اور اسے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں لاکر انہوں نے عرض کی: اگر ہم کو منع نہ کیا ہوتا کہ ہم کسی کو قتل نہ کریں تو ہم اس کو ضرور قتل کرتے یہ گمان کرتا ہے کہ حضرت عثمان کو شہید کیا گیا ہے۔ اس آدمی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ گواہ ہیں' کیا آپ کو یاد ہے کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے عطا کیا' میں ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا تو میں نے آپ رضی اللہ عنہ سے سوال کیا پھر آپ رضی اللہ عنہ نے بھی مجھے عطا کیا۔ پھر میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور میں نے آپ رضی اللہ عنہ سے سوال کیا تو آپ رضی اللہ عنہ نے بھی مجھے دیا۔ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور میں نے آپ سے سوال کیا تو آپ نے مجھے عطا کیا' اس کے بعد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ سے دعا کریں کہ میرے لیے برکت دے! حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تجھے کیسے برکت نہیں دی جائے گی تجھے تو ایک نبی اور صدیق اور دو شہیدوں نے دیا ہے اور تجھے نبی اور

---

**1598**- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**9**صفحه**90-91** للمصنف .

Marfat.com

صدیق اور دو شہیدوں نے دیا ہے؟

# مُسْنَدُ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ

# مسند عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ

**1599** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَرَّاقُ الثَّقَفِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَزَوَّرِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا مَرْيَمَ الثَّقَفِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِعَلِيٍّ: يَا عَلِيُّ، طُوبَى لِمَنْ أَحَبَّكَ وَصَدَّقَ فِيكَ، وَوَيْلٌ لِمَنْ أَبْغَضَكَ وَكَذَّبَ فِيكَ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ سے سنا، آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے علی! اس کے لیے خوشخبری ہے جو تجھ سے محبت گا اور تیرے متعلق سچ بولے ہلاکت اُس کے لیے ہے جو تجھ سے بغض رکھے اور تیرے متعلق جھوٹ بولے۔

**1600** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ الْفَضْلِ الْعَنَزِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ الْعِجْلِيِّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " يَا عَمَّارُ أَتَانِي جِبْرِيلُ آنِفًا فَقُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ حَدِّثْنِي بِفَضَائِلِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فِي السَّمَاءِ. فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ لَوْ حَدَّثْتُكَ بِفَضَائِلِ عُمَرَ مِثْلَ مَا لَبِثَ نُوحٌ فِي قَوْمِهِ أَلْفَ سَنَةٍ إِلَّا خَمْسِينَ عَامًا مَا نَفِدَتْ فَضَائِلُ عُمَرَ، وَإِنَّ عُمَرَ لَحَسَنَةٌ مِنْ حَسَنَاتِ أَبِي بَكْرٍ "

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے عمار! میرے پاس ابھی جبرائیل علیہ السلام آئے تھے۔ میں نے کہا: اے جبرائیل! مجھے عمر بن خطاب کے فضائل بیان کریں کہ آسمان میں کتنے ہیں؟ عرض کی: اے محمد ﷺ! اگر میں عمر کے فضائل بیان کروں تو مجھے حضرت نوح علیہ السلام کی اپنی قوم میں ٹھہرنے کی مقدار ۹۵۰ سال زندگی چاہیے پھر بھی عمر کے فضائل ختم نہیں ہوں گے۔ یہ حضرت عمر، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نیکیوں میں سے ایک نیکی ہے۔

**1601** - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، وَأَبُو

حضرت حسان بن بلال المزنی بیان کرتے ہیں کہ

**1599**- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه132 للطبراني في الأوسط .

**1600**- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه68 للمصنف والطبراني في الكبير والأوسط .

Marfat.com

خَيْثَمَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ أَبِي أُمَيَّةَ، أَنَّ حَسَّانَ بْنَ بِلَالٍ الْمُزَنِيِّ، حَدَّثَهُ أَنَّهُ، رَأَى عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ تَوَضَّأَ وَأَنَّهُ خَلَّلَ لِحْيَتَهُ، فَقِيلَ لَهُ: أَتَفْعَلُ هَذَا؟ قَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ

انہوں نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو دیکھا وضو کرتے ہوئے آپ نے داڑھی شریف کا خلال کیا۔ آپ رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی: آپ یہ کرتے ہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

**1602** - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ نَاجِيَةَ بْنِ كَعْبٍ، أَنَّ عَمَّارًا، قَالَ لِعُمَرَ: تَذْكُرُ حَيْثُ كُنْتُ أَنَا وَأَنْتَ فِي الْإِبِلِ فَأَصَابَتْنِي جَنَابَةٌ فَتَمَعَّكْتُ تَمَعُّكَ الدَّابَّةِ . فَلَقِيتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ: إِنَّمَا كَانَ يَكْفِيكَ مِنْ ذَلِكَ التَّيَمُّمُ

حضرت ناجیہ بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو کہا، آپ رضی اللہ عنہ کو یاد ہے جب میں اور آپ رضی اللہ عنہ اونٹنیوں کے ساتھ تھے مجھے جنابت لاحق ہوئی میں نے مٹی پر لیٹنا شروع کر دیا جسطرح جانور کرتے ہیں۔ میں پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ملا۔ میں نے اس بات کا ذکر کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرے لیے تیمم ہی کافی تھا۔

**1603** - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ، وَعَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ عُمَرَ فَأَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، إِنَّمَا نَمْكُثُ الشَّهْرَ وَالشَّهْرَيْنِ لَا نَجِدُ الْمَاءَ . فَقَالَ عُمَرُ: أَمَّا أَنَا فَلَمْ أَكُنْ أُصَلِّي حَتَّى أَجِدَ الْمَاءَ . فَقَالَ عَمَّارٌ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، تَذْكُرُ إِذْ كُنَّا بِمَكَانِ

حضرت عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابزی رضی اللہ عنہ اپنے والد عبدالرحمٰن بن ابزیٰ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس تھے ایک آدمی آپ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا۔ اس نے عرض کی: اے امیر المومنین! ہم ایک اور ماہ ٹھہرتے ہیں کسی ایسے علاقہ میں ہم پانی نہیں پاتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں بھی پانی نہیں پاتا تو میں بھی نماز نہیں پڑھتا یہاں تک کہ پانی پالوں۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے امیر المومنین! آپ کو یاد ہے

---

**1602**- أخرجه النسائی فی الطهارة' باب: التيمم فی الحضر . والبيهقی فی السنن جلد **1** صفحه **216** .

**1603**- أخرجه أحمد جلد **4** صفحه **264-265** و **319**) . وأبو داؤد فی الطهارة' باب: التيمم . والنسائی فی الطهارة' باب: نوع آخر من التيمم والنفخ فی اليدين' وباب: تيمم الجنب . والبخاری فی التيمم' باب: التيمم ضربة . ومسلم فی الحيض' باب: التيمم .

Marfat.com

كَذَا وَكَذَا، وَنَحْنُ نَرْعَى الْإِبِلَ فَتَذَاكَرْنَا أَنَّا أَجْنَبْنَا، قَالَ: قَالَ: نَعَمْ. فَإِنِّي تَمَرَّغْتُ بِالتُّرَابِ، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثْتُهُ فَضَحِكَ وَقَالَ: إِذْ كَانَ الصَّعِيدُ لَكَافِيكَ وَضَرَبَ بِكَفَّيْهِ الْأَرْضَ ثُمَّ نَفَخَ فِيهِمَا، ثُمَّ مَسَحَ وَجْهَهُ وَبَعْضَ ذِرَاعَيْهِ فَقَالَ: اتَّقِ اللّٰهَ يَا عَمَّارُ. فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، إِنْ شِئْتَ لَمْ أَذْكُرْهُ مَا حَيِيتُ، فَقَالَ: لَا، وَلَكِنْ نُوَلِّيكَ مِنْ ذَلِكَ مَا تَوَلَّيْتَ

جب ہم فلاں فلاں جگہ پر تھے تو ہم اونٹ چرا رہے تھے ہم نے تذکرہ کیا کہ ہم جنبی تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! میں نے مٹی میں لیٹنا شروع کر دیا تھا۔ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اس بات کا بیان کیا، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسکرائے۔ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرے لیے مٹی ہی کافی تھی اپنی ہتھیلیوں کو زمین پر مارتے پھر دونوں کو جھاڑتے جو دونوں میں تھا پھر چہرے کا مسح کرتے اور اپنی دونوں کلائیوں کو۔ حضرت عمر نے فرمایا: اے عمار! اللہ سے ڈر، حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے امیر المومنین! اگر آپ چاہیں تو میں آپ کو یاد نہ کروں گا جب تک زندہ رہوں؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں۔ لیکن ہم آپ کو دوست بنائیں گے جب آپ بنائیں گے۔

**1604** - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ ذَرٍّ، عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، وَعَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ عُمَرَ فَقَالَ: إِنِّي أَجْنَبْتُ فَلَمْ أَجِدِ الْمَاءَ، قَالَ: لَا تُصَلِّ. فَقَالَ عَمَّارٌ: أَمَا تَذْكُرُ أَنِّي كُنْتُ أَنَا وَأَنْتَ فِي سَرِيَّةٍ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَجْنَبْنَا، فَأَمَّا أَنْتَ فَلَمْ تُصَلِّ، وَأَمَّا أَنَا فَتَمَعَّكْتُ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابزی رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت فرماتے ہیں: وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمار بن یاسر سے روایت کرتے ہیں: ایک آدمی نے عرض کی: اے امیر المومنین! میں جنبی ہوا لیکن میں نے پانی نہ پایا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نماز نہ پڑھ۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے امیر المومنین! آپ کو یاد ہے۔ جب ہم سریہ میں تھے، ہم اونٹ چرا رہے تھے، ہم جنبی ہوئے تھے۔ آپ نے نماز نہ پڑھی لیکن اس کے بعد نماز پڑھی،

**1604**- أخرجه أحمد جلد **4** صفحه **265** و **320**) . والبخاری فی التیمم' باب: التیمم هل ینفخ فیهما؟ ومسلم فی الحیض' باب: التیمم . وأبو داؤد فی الطهارة' باب: التیمم . وابن ماجه فی الطهارة رقم الحدیث: **569**' باب: ما جاء فی التیمم ضربة واحدة .

Marfat.com

فَصَلَّيْتُ، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ: اِنَّمَا كَانَ يَكْفِيكَ فَضَرَبَ بِيَدِهِ الْأَرْضَ ضَرْبَةً فَنَفَخَ فِي كَفَّيْهِ، وَمَسَحَ بِوَجْهِهِ وَكَفَّيْهِ

میں نے مٹی میں لیٹنا شروع کر دیا۔ میں حضور ﷺ کے پاس آیا اور اس بات کا بیان کیا۔ اس وقت آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے مٹی ہی کافی تھی۔ ہتھیلیوں کو زمین پر مارتے پھر دونوں کو جھاڑتے جو دونوں ہتھیلیوں میں تھا پھر چہرے کا مسح کرتے اور اپنی دونوں کلائیوں کا۔

**1605** - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ عَزْرَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَمَّارٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَهُ فِي التَّيَمُّمِ بِالْكَفَّيْنِ وَالْوَجْهِ"

حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ان کو حکم دیا تیمّم کے متعلق کہ دونوں ہتھیلیاں اور چہرے کا مسح کریں۔

**1606** - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ، قَالَ: تَيَمَّمْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَسَحْنَا وُجُوهَنَا وَأَيْدِيَنَا اِلَى الْمَنَاكِبِ بِالتُّرَابِ

حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور ﷺ کے ساتھ تیمّم کیا' ہم نے اپنے چہروں کا مسح کیا اور دونوں کلائیوں کا مٹی کے ساتھ۔

**1607** - حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي غُنْدَرًا، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلَمَةَ، يَقُولُ: رَأَيْتُ عَمَّارَ بْنَ

حضرت عبداللہ بن سلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو صفین کے دن دیکھا تھا، بزرگ تھے، قد لمبا تھا۔ اپنے ہاتھ سے جھنڈا پکڑا ہوا تھا

---

**1605**- أخرجه أبو داؤد في الطهارة' باب: التيمم . والترمذي في الطهارة' باب: ما جاء في التيمم . وأحمد جلد **4** صفحه**263** . والدارمي في الوضوء' باب: التيمم مرة . والبيهقي في السنن جلد**1**صفحه**210** .

**1606**- أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**263-264** . وأبو داؤد في الطهارة' باب: في التيمم . والنسائي في الطهارة' باب: التيمم في السفر . والبيهقي في السنن جلد**2**صفحه**208** .

**1607**- أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**319** . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**7**صفحه**242-243** للطبراني .

Marfat.com

يَـاسِـرٍ يَوْمَ الصِّفِّينِ شَيْخًا طُوَالًا آدَمَ آخِذًا الْحَرْبَةَ بِيَـدِهِ وَيَـدِهِ تُـرْعَـدُ فَـقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَدْ قَـاتَـلْتُ بِهَذِهِ الرَّايَةِ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَـلَّمَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَهَذِهِ الرَّابِعَةُ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ ضَرَبُونَا حَتَّى بَلَغُوا بِنَا شَعَفَاتِ هَجَرَ لَعَرَفْنَا أَنَّ مُصْلِحِينَا عَلَى الْحَقِّ، وَأَنَّهُمْ عَلَى الضَّلَالَةِ

اور آپ کے ہاتھ کانپ رہے تھے۔ فرمایا: اللہ کی قسم! جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! میں نے یہ جھنڈے لے کر حضور ﷺ کے ساتھ مل کر تین مرتبہ جہاد کیا ہے اور یہ چوتھی مرتبہ ہے' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر ہم نے مار یہاں تک کہ ہم نے پہچان لیا ہے ہم اصلاح کرنے والے حق پر ہیں اور یہ لوگ گمراہی پر ہیں۔

**1608** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ حَمَّادٍ أَبُو زَيْدٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ عَمَّارٍ، قَالَ: مَرَّ بِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَسْقِي نَاقَةً لِي، فَتَنَخَّمْتُ، فَأَصَابَتْ نُخَامَتِي ثَوْبِي، فَأَقْبَلْتُ أَغْسِلُ ثَوْبِي مِنَ الرَّكْوَةِ الَّتِي بَيْنَ يَدَيَّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَمَّارُ، مَا نُخَامَتُكَ وَلَا دُمُوعُ عَيْنَيْكَ إِلَّا بِمَنْزِلَةِ الْمَاءِ الَّذِي فِي رَكْوَتِكَ، إِنَّمَا تَغْسِلُ ثَوْبَكَ مِنَ الْبَوْلِ وَالْغَائِطِ وَالْمَنِيِّ مِنَ الْمَاءِ الْأَعْظَمِ وَالدَّمِ وَالْقَيْءِ

حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ میرے پاس سے گزرے میں اپنی اونٹنی کو پانی پلا رہا تھا۔ میں نے رینٹھ کی وہ میری رینٹھ کپڑوں کو لگی۔ میں چلا کہ اپنے کپڑوں کو چمڑے کے چھوٹے ڈول سے دھودوں جو میرے آگے تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے عمار! تیری رینٹھ اور آنسو کا پانی بمنزلہ اس پانی کے ہے جو تیرے آگے چھوٹے سے چمڑے کے ڈول میں پڑا ہوا ہے' کپڑے کو پیشاب و پاخانہ اور منی بڑے پانی سے اور خون اور قئی لگنے سے دھوا جاتا ہے۔

**1609** - قُرِئَ عَلَى بِشْرِ بْنِ الْوَلِيدِ وَأَنَا حَاضِرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو يُوسُفَ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنِ ابْنِ الْحَوْتَكِيَّةِ، عَنْ عُمَرَ، أَنَّ رَجُلًا سَأَلَهُ عَنْ أَكْلِ الْأَرْنَبِ؟ فَقَالَ: ادْعُ لِي

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک آدمی نے خرگوش کے کھانے کے متعلق پوچھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے پاس عمار کو بلاؤ۔ پس حضرت عمار رضی اللہ عنہ آئے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے عمار! بتایئے وہ حدیث جو

---

**1608**- عزاه الهيثمي أيضًا في مجمع الزوائد جلد1صفحه283 . للمصنف والطبراني في الكبير والأوسط .

**1609**- احمد جلد1صفحه31 . والترمذي في الصوم' باب: ما جاء في صوم ثلاثة أيام من كل شهر . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه195 لأحمد .

Marfat.com

عَمَّارًا، فَجَاءَ عَمَّارٌ، فَقَالَ: حَدِّثْنَا حَدِيثَ الْأَرْنَبِ يَوْمَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَوْضِعِ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ عَمَّارٌ: أَهْدَى أَعْرَابِيٌّ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْنَبًا فَأَمَرَ الْقَوْمَ أَنْ يَأْكُلُوا، فَقَالَ أَعْرَابِيٌّ: إِنِّي رَأَيْتُ دَمًا، فَقَالَ: لَيْسَ بِشَيْءٍ، ثُمَّ قَالَ: ادْنُ فَكُلْ، فَقَالَ: إِنِّي صَائِمٌ، فَقَالَ: صَوْمُ مَاذَا؟، قَالَ: أَصُومُ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، قَالَ: فَهَلَّا جَعَلْتَهَا الْبِيضَ

خرگوش کے متعلق ہے جس دن ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے فلاں فلاں جگہ میں۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ کو ایک دیہاتی نے خرگوش بطور ہدیہ دیا تو آپ ﷺ نے صحابہ کرام کو اس کے کھانے کا حکم دیا۔ دیہاتی نے عرض کی: میں نے خون دیکھا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کوئی حرج نہیں! پھر فرمایا: قریب ہو جاؤ اور کھاؤ تم بھی۔ اس نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ آپ ﷺ نے پوچھا: کون سا روزہ رکھا ہوا ہے؟ اس نے عرض کی: میں ہر ماہ تین روزے رکھتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تو ایام بیض (۱۳' ۱۴' ۱۵ چاند) کو نہیں رکھا سکتا ہے۔

**1610** - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ ابْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ، أَنَّ عَمَّارًا، أُتِيَ بِشَرْبَةٍ مِنْ لَبَنٍ فَضَحِكَ فَقِيلَ لَهُ: مَا يُضْحِكُكَ؟ قَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ آخِرَ شَرَابٍ تَشْرَبُهُ لَبَنٌ حِينَ تَمُوتُ

حضرت ابوبختری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے پاس دودھ کا شربت لایا گیا۔ آپ مسکرائے۔ آپ سے عرض کی گئی: آپ کیوں مسکرائے ہیں؟ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ نے آخری شربت جو پیا تھا جس وقت آپ کا وصال ہوا تھا' وہ دودھ تھا۔

**1611** - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ الْمَاجِشُونِ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، عَنْ مَوْلَاةٍ لِعَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَتْ: اشْتَكَى عَمَّارٌ شَكْوَى، ثَقُلَ مِنْهَا فَغُشِيَ

حضرت عمار رضی اللہ عنہ کی لونڈی فرماتی ہیں کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے شکوہ کیا اس بیماری کا' جس کی وجہ سے آپ کمزور ہو گئے تھے۔ آپ پر غشی طاری ہو گئی۔ اس کے بعد آپ کو افاقہ ہوا۔ ہم آپ کے اردگرد رونے لگے۔

1610- أخرجه أحمد جلد 4 صفحه 319 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 297 . للمصنف والطبراني .

1611- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 295 للمصنف والطبراني والبزار .

Marfat.com

عَلَيْهِ، فَأَفَاقَ وَنَحْنُ نَبْكِي حَوْلَهُ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكُمْ؟ أَتَخْشَوْنَ أَنِّي أَمُوتُ عَلَى فِرَاشِي؟ أَخْبَرَنِي حَبِيبِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ تَقْتُلُنِي الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ، وَأَنَّ آخِرَ زَادِي مَذْقَةٌ مِنْ لَبَنٍ

آپ نے فرمایا: تم کیوں روتے ہو؟ کیا تم خوف کرتے ہو کہ میں اپنے بستر پہ مر جاؤں گا۔ میرے حبیب حضور ﷺ نے مجھے بتایا ہے کہ مجھے ایک باغی گروہ قتل کرے گا اور میری آخری خوراک دودھ کا گھونٹ ہوگی۔

**1612** - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، حَدَّثَنِي سَعِيدٌ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحَارِثِ: يَا أَبَا الْيَقْظَانِ، أَرَاكَ قَدْ خَفَّفْتَهُمَا، قَالَ: إِنِّي بَادَرْتُ بِهِمَا الْوَسْوَاسَ، إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيُصَلِّي الصَّلَاةَ لَعَلَّهُ أَنْ لَا يَكُونَ لَهُ مِنْهَا إِلَّا عُشْرُهَا، أَوْ تُسْعُهَا، أَوْ ثُمُنُهَا، أَوْ سُبُعُهَا، أَوْ سُدُسُهَا، أَوْ خُمُسُهَا، حَتَّى أَتَى عَلَى الْعَدَدِ

حضرت عمر بن ابی بکر بن عبدالرحمٰن بن حارث رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے دو رکعت نماز پڑھی۔ آپ رضی اللہ عنہ نے حضرت عبدالرحمٰن بن حارث نے کہا: اے ابو یقظان! آپ کو دیکھا ہے کہ آپ نے دونوں رکعتیں مختصر پڑھی ہیں۔ آپ نے فرمایا: میں نے اس لیے جلدی کی تاکہ وسوسوں سے بچوں کیونکہ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا: ایک آدمی نماز پڑھتا ہے، ہوسکتا ہے کہ اس سے اس کو اس نماز کا دسواں یا نواں یا آٹھواں یا ساتواں یا چھٹا یا پانچواں (حصے کا ثواب بھی نہ ملے) یہاں تک کہ آپ آخری عدد پر آئے۔

**1613** - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ عَبَّادٍ قَالَ: قُلْتُ لِعَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ: أَرَأَيْتَ قِتَالَكُمْ رَأْيًا رَأَيْتُمُوهُ، فَإِنَّ الرَّأْيَ يُخْطِءُ وَيُصِيبُ، أَوْ عَهْدًا عَهِدَهُ إِلَيْكُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: مَا عَهِدَ إِلَيْنَا رَسُولُ

حضرت قیس بن عبادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے عرض کی: کیا تم بتاؤ گے کہ تمہاری جو لڑائی ہے وہ تم اپنی رائے سے لڑ رہے ہو، بے شک رائے غلط و صحیح بھی ہو سکتی ہے، یا تمہارے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی طرف سے وعدہ ہے؟ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم سے اور تمام لوگوں سے حضور ﷺ

---

**1612**- أخرجه أحمد جلد 4 صفحه 264 و 321 . وأبو داؤد في الصلاة' باب: ما جاء في نقصان الصلاة .

**1613**- أخرجه أحمد جلد 4 صفحه 262-263 و 319-320 وجلد 5 صفحه 390 . ومسلم في صفات المنافقين في فاتحته .

Marfat.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا لَمْ يَعْهَدْهُ إِلَى النَّاسِ كَافَّةً، وَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - قَالَ شُعْبَةُ: وَأَحْسَبُهُ قَالَ: حَدَّثَنِي حُذَيْفَةُ - قَالَ: "إِنَّ فِي أُمَّتِي اثْنَيْ عَشَرَ مُنَافِقًا لَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَلَا يَجِدُونَ رِيحَهَا حَتَّى يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ، ثَمَانِيَةٌ مِنْهُمْ تَكْفِيهِمُ الدُّبَيْلَةُ: سِرَاجٌ مِنْ نَارٍ يَظْهَرُ فِي أَكْتَافِهِمْ حَتَّى يَنْجُمَ أَوْ يَنْجُمَ مِنْ صُدُورِهِمْ"

نے کوئی وعدہ نہیں کیا' اور فرمایا کہ حضور ﷺ نے فرمایا۔ حضرت شعبہ فرماتے ہیں: میرا خیال ہے کہ مجھے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ میری امت میں بارہ منافق ہوں گے' وہ جنت میں داخل نہیں ہوں گے اور اس کی خوشبو نہیں پائیں گے یہاں تک کہ اونٹ سوئی کے ناکہ میں داخل ہو جائے' آٹھ ان میں سے آٹھ کو پیٹ کا پھوٹ تمام کر دے گا' دُبیلہ: آگ کا ایک چراغ ان کے کندھوں میں ظاہر ہوگا یہاں تک کہ ان کے سینوں میں ظاہر ہوگا۔

**1614** - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الشَّاذَكُونِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبَانَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَزَوَّرِ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا مَرْيَمَ يَقُولُ: سَمِعْتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا تَزَيَّنَ الْأَبْرَارُ فِي الدُّنْيَا بِمِثْلِ الزُّهْدِ فِي الدُّنْيَا

حضرت عمار یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا آپ ﷺ نے فرمایا: نیک لوگوں کے لیے دنیا میں زینت میسر نہ ہوگی' دنیا میں بے رغبتی کی مثل۔

**1615** - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي رَاشِدٍ قَالَ: تَكَلَّمَ عَمَّارٌ فَأَوْجَزَ، فَقِيلَ لَهُ: قَدْ قُلْتَ قَوْلًا لَوْ زِدْتَنَا، فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَنَا بِإِقْصَارِ الْخُطَبِ

حضرت ابی راشد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے مختصر گفتگو کی۔ آپ رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی کہ آپ گفتگو اگر زیادہ کرتے تو ہمارے لیے بہتر تھا۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور ﷺ مختصر خطبہ دینے کا حکم دیتے تھے۔

**1616** - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى الْهَرَوِيُّ، حَدَّثَنَا

حضرت ناجیہ العنزی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت

---

**1614**- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**286** للمصنف .

**1615**- أخرجه أبو داؤد في الصلاة' باب: اقصار الخطب . وأحمد جلد**4**صفحه**263** . ومسلم في الجمعة' باب: تخفيف الصلاة والخطبة . والدارمي في الصلاة' باب: في قصر الخطب .

**1616**- أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**263** .

Marfat.com

أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ نَاجِيَةَ الْعَنَزِيِّ قَالَ: بَدَأَ عَمَّارٌ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ فِي التَّيَمُّمِ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَوْ مَكَثْتُ شَهْرًا لَا أَجِدُ فِيهَا الْمَاءَ مَا صَلَّيْتُ، فَقَالَ لَهُ عَمَّارٌ: مَا تَذْكُرُ إِذْ كُنْتُ أَنَا وَأَنْتَ فِي الْإِبِلِ، فَجَنُبْتُ، فَتَمَعَّكْتُ تَمَعُّكَ الدَّابَّةِ، فَلَمَّا رَجَعْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ بِالَّذِي صَنَعْتُ، فَقَالَ: إِنَّمَا كَانَ يَكْفِيكَ التَّيَمُّمُ

عمار اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما کا تیمّم کے متعلق مذاکرہ ہوا' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر میں کسی شہر میں ٹھہروں اور پانی نہ پاؤں تو میں نماز نہیں پڑھوں گا۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے ان سے عرض کی کہ آپ کو یاد ہے کہ جب میں اور آپ اونٹ چرا رہے تھے تو میں جنبی ہو گیا تھا تو میں لیٹنا شروع ہو گیا جس طرح جانور لیٹتا ہے جب میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں گیا تھا تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس معاملے میں خبر دی تھی جو میں نے کیا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا: تیرے لیے تیمّم ہی کافی تھا۔

**1617** - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ حَنْظَلَةَ، عَنْ عَمَّارٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَانَ ذَا وَجْهَيْنِ فِي الدُّنْيَا كَانَ لَهُ لِسَانَانِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ نَارٍ

حضرت عمار رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو آدمی دو چہروں والا ہوگا اس کے لیے قیامت کے دن دو زبانیں آگ کی ہوں گی۔

**1618** - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، حَدَّثَنَا أَبُو رَاشِدٍ، قَالَ: خَطَبَنَا عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ فَتَجَوَّزَ فِي الْخُطْبَةِ، فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا أَنْ نُطِيلَ الْخُطْبَةَ

حضرت ابی راشد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے مختصر گفتگو کی۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں لمبا خطبہ دینے سے منع کیا ہے۔

**1619** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جَبَلَةَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ النُّعْمَانِ، عَنْ كَثِيرٍ أَبِي

حضرت مطرب بن عبداللہ بن شخیر رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے سنا کہ آپ

**1617**- أخرجه أبو داؤد في الأدب' باب: في ذي الوجهين ـ والدارمي في الرقاق' باب: ما قيل في ذي الوجهين ـ

**1619**- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه269 للمصنف والطبراني في الكبير والأوسط ـ

Marfat.com

الْفَضْلِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ قَالَ: سَمِعْتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَيُّ يَوْمٍ هَذَا؟، فَقُلْنَا: يَوْمُ النَّحْرِ، فَقَالَ: أَيُّ شَهْرٍ هَذَا؟، قُلْنَا: ذُو الْحِجَّةِ شَهْرُ حَرَامٍ، قَالَ: فَأَيُّ بَلَدٍ هَذَا؟، قُلْنَا: بَلَدُ الْحَرَامِ، قَالَ: فَإِنَّ دِمَاءَ كُمْ وَأَمْوَالَكُمْ وَأَعْرَاضَكُمْ حَرَامٌ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هَذَا فِي شَهْرِكُمْ هَذَا فِي بَلَدِكُمْ هَذَا، أَلَا هَلْ يُبَلِّغُ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ؟

نے فرمایا: ہمیں حضور ﷺ نے خطبہ دیا' آپ نے فرمایا: یہ کون سا دن ہے؟ ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! یہ یوم نحر کا دن ہے۔ فرمایا: یہ کون سا مہینہ ہے؟ ہم نے عرض کی: ذی الحجہ حرمت والا مہینہ' پھر فرمایا یہ کون سا شہر ہے؟ ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! یہ مکہ مکرمہ ہے' فرمایا: تمہارے خون اور تمہارے اموال اور تمہاری عزتیں ایک دوسرے پر حرام ہیں اس دن کی طرح اور اس مہینہ کی طرح اور اس شہر کی طرح مرنے تک' کیا حاضر غائب کو پہنچا دے گا؟

**1620** - حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا الْخَلِيلُ بْنُ مُرَّةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: سَمِعْتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ يَقُولُ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاكِثِينَ، وَالْقَاسِطِينَ، وَالْمَارِقِينَ

حضرت قاسم بن سلیمان اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ مجھے حکم دیا گیا ہے لڑنے کا بیعت توڑنے والوں' بغاوت کرنے والوں' دین سے باہر نکل جانے والے سے۔

**1621** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ عَمَّارٍ وَكَانَ يَدْعُو بِدُعَاءٍ فِي صَلَاتِهِ فَأَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ لَهُ عَمَّارٌ: "قُلِ: اللَّهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ، وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ، أَحْيِنِي مَا عَلِمْتَ الْحَيَاةَ خَيْرًا لِي، وَاقْبِضْنِي إِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِي، اللَّهُمَّ إِنِّي

حضرت عطاء بن سائب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے پاس تھا آپ رضی اللہ عنہ اپنی نماز میں دعا مانگ رہے تھے آپ رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی آیا۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے اس کو کہا: تو یہ دعا کیا کر "اللّٰھُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ الٰى آخره "۔ پھر فرمایا: کیا میں آپ کو ایسے کلمات نہ سکھاؤں جو اس سے اچھے ہیں' گویا حضرت عمار رضی اللہ عنہ ان کلمات کو مرفوعاً حضور ﷺ سے نقل

---

1620- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه239 للمصنف .

1621- اخرجه أحمد جلد4صفحه264 . والنسائي في السهو' باب: نوع آخر من الدعاء بعد الذكر وعزاه . الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه124 للطبراني في الأوسط .

Marfat.com

أَسْأَلُكَ الْخَشْيَةَ فِي الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، وَكَلِمَةَ الْحَقِّ فِي الرِّضَا وَالْغَضَبِ، وَالْقَصْدَ فِي الْغِنَى وَالْفَقْرِ، وَأَسْأَلُكَ الرِّضَا بَعْدَ الْقَضَاءِ، وَبَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ، وَأَسْأَلُكَ شَوْقًا إِلَى لِقَائِكَ مِنْ غَيْرِ ضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ، وَلَا فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ، اللَّهُمَّ زَيِّنِّي بِزِينَةِ الْإِيمَانِ، وَاجْعَلْنِي مِنَ الْهُدَاةِ الْمُهْتَدِينَ ثُمَّ قَالَ: أَلَا أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ هُنَّ أَحْسَنُ مِنْهُنَّ كَأَنَّهُ يَرْفَعُهُنَّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِذَا أَخَذْتَ مَضْجَعَكَ مِنَ اللَّيْلِ، فَقُلِ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْلَمْتُ نَفْسِي إِلَيْكَ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِي إِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ أَمْرِي إِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الْمُنَزَّلِ وَنَبِيِّكَ الْمُرْسَلِ، إِنَّ نَفْسِي نَفْسٌ خَلَقْتَهَا لَكَ مَحْيَاهَا، وَلَكَ مَمَاتُهَا، فَإِنْ كَفَتَّهَا فَارْحَمْهَا، وَإِنْ أَخَّرْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِحِفْظِ الْإِيمَانِ"

کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تُو رات کو اپنے بستر پر آئے تو یہ پڑھ لیا کر: (ترجمہ دعا:) ''اے اللہ! میں نے اپنی جان کو تیرے حوالے کیا' اپنا منہ تیری طرف کیا' اپنا معاملہ تیرے سپرد کیا' میں تیری نازل کردہ کتاب اور تیرے بھیجے ہوئے رسول پر ایمان لایا' بے شک میری جان' ایسی جان ہے جس کو تُو نے خود پیدا کیا' اس کا جینا' مرنا' تیرے لیے ہے' اگر تُو اسے کافی ہے تو اس پر رحم فرما اور اگر اسے پیچھے چھوڑے تو ایمان کی حفاظت کے ساتھ اس کی حفاظت فرما''۔

**1622** - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ مَيْسَرَةَ، وَأَبِي الْبَخْتَرِيِّ، أَنَّ عَمَّارًا يَوْمَ صِفِّينَ جَعَلَ يُقَاتِلُ فَلَا يُقْتَلُ، فَيَجِيءُ إِلَى عَلِيٍّ، فَيَقُولُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، أَلَيْسَ هَذَا يَوْمَ كَذَا وَكَذَا هُوَ؟، فَيَقُولُ: أَذْهِبْ عَنْكَ، فَقَالَ ذَلِكَ مِرَارًا، ثُمَّ أُتِيَ بِلَبَنٍ فَشَرِبَهُ، فَقَالَ عَمَّارٌ: إِنَّ هَذِهِ لَآخِرُ شَرْبَةٍ أَشْرَبُهَا مِنَ الدُّنْيَا، ثُمَّ تَقَدَّمَ فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ

حضرت عطا' جناب میسرہ اور حضرت ابوبختری رضی اللہ عنہ سے روایت فرماتے ہیں کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے صفین کی جنگ کے دن لڑ رہے تھے، آپ شہید نہیں ہو رہے تھے۔ آپ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس گئے، عرض کی: اے امیرالمومنین! کیا یہ فلاں فلاں دن نہیں ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ چھوڑ دیں اس کو۔ آپ رضی اللہ عنہ نے کئی مرتبہ ارشاد فرمایا۔ پھر آپ رضی اللہ عنہ کے پاس دودھ لایا گیا۔ آپ نے پیا۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ آخری شربت ہے جو میں اس دنیا میں پی رہا ہوں۔ پھر آگے بڑھے' لڑے

**1622**- وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**9**صفحه**297** للمصنف والطبراني .

Marfat.com

یہاں تک کہ آپ شہید ہو گئے۔

**1623** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ مِنَ الْفِطْرَةِ الْمَضْمَضَةُ، وَالِاسْتِنْشَاقُ، وَقَصُّ الشَّارِبِ، وَالسِّوَاكُ، وَغَسْلُ الْبَرَاجِمِ، وَنَتْفُ الْإِبْطِ، وَالِاسْتِحْدَادُ، وَالِاخْتِتَانُ، وَالِانْتِضَاحُ

حضرت عمار یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان میں سے کچھ چیزیں فطرت سے ہیں: کلی کرنا، ناک میں پانی ڈالنا، مونچھیں کاٹنا، مسواک کرنا، انگلیوں کے جوڑوں کا دھونا' بغل کے بال اکھاڑنے، زیرناف بال مونڈھنا، ختنہ کرنا۔

**1624** - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْجُدِّيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ عَمَّارًا صَلَّى فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: لَقَدْ خَفَّفْتَ الصَّلَاةَ يَا أَبَا الْيَقْظَانِ، قَالَ: هَلْ رَأَيْتَنِي نَقَصْتُ مِنْ حُدُودِهَا شَيْئًا؟ شَهِدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيُصَلِّي، ثُمَّ يَنْصَرِفُ مَا كُتِبَ لَهُ إِلَّا نِصْفُهَا، ثُلُثُهَا، رُبُعُهَا، خُمُسُهَا، سُدُسُهَا، ثُمُنُهَا، تُسُعُهَا، عُشْرُهَا

حضرت عمر بن ابی بکر بن عبدالرحمٰن بن حارث رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے دو رکعت نماز پڑھی۔ آپ رضی اللہ عنہ سے ایک آدمی نے کہا: اے ابو یقظان! آپ کو دیکھا ہے کہ آپ نے دونوں رکعتیں مختصر پڑھی ہیں۔ آپ نے فرمایا: کیا آپ نے مجھے نماز کی حدوں میں سے کسی کو کم کرتے دیکھا ہے؟ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا: ایک آدمی نماز پڑھتا ہے' ہوسکتا ہے کہ اس سے اس کو اس نماز کا دسواں یا نواں یا آٹھواں یا چھٹا یا پانچواں (چوتھے' تیسرے یا آدھے حصے کا ثواب بھی نہ ملے)۔

**1625** - حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ يُوسُفَ الشَّاعِرُ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبِي،

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ذات جیش میں رات گزاری۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم

---

**1623-** أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**264** وجلد**6**صفحه**138** . وأبو داؤد في الطهارة' وباب: السواك من الفطرة .

**1625-** أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**263-264** . وأبو داؤد في الطهارة' باب: في التيمم . والنسائي في الطهارة' باب: التيمم في السفر . والبيهقي في السنن جلد**2**صفحه**208** .

Marfat.com

عَنْ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، " أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرَّسَ بِذَاتِ الْجَيْشِ وَمَعَهُ عَائِشَةُ زَوْجَتُهُ، فَانْقَطَعَ عِقْدٌ لَهَا مِنْ جَزْعِ ظَفَارٍ، فَحُبِسَ النَّاسُ ابْتِغَاءَ عِقْدِهَا ذَلِكَ حَتَّى أَضَاءَ الْفَجْرُ، وَلَيْسَ مَعَ النَّاسِ مَاءٌ، فَتَغَيَّظَ عَلَيْهَا أَبُو بَكْرٍ وَقَالَ: حَبَسْتِ النَّاسَ وَلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ تَعَالَى عَلَى رَسُولِهِ رُخْصَةَ التَّطْهِيرِ بِالصَّعِيدِ الطَّيِّبِ، فَقَامَ الْمُسْلِمُونَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَرَبُوا أَيْدِيَهُمْ فِي الْأَرْضِ وَرَفَعُوا أَيْدِيَهُمْ وَلَمْ يَقْبِضُوا مِنَ التُّرَابِ شَيْئًا، فَمَسَحُوا بِهَا وُجُوهَهُمْ وَأَيْدِيَهُمْ إِلَى الْمَنَاكِبِ، وَمِنْ بَطْنِ أَيْدِيهِمْ إِلَى الْآبَاطِ"

کے ساتھ آپ کی زوجہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بھی تھیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ہار گر گیا تھا۔ لوگوں کو اس ہار کی تلاش میں روک لیا گیا یہاں تک کہ فجر چمک گئی۔ صحابہ کرام کے پاس اس وقت پانی بھی نہیں تھا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر غصہ آیا کہ تیری وجہ سے صحابہ کو روک لیا گیا اور ان کے پاس پانی بھی نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر پاک مٹی کے ساتھ پاک ہونے کی رخصت والی آیت اتاری۔ صحابہ کرام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کھڑے ہوئے' انہوں نے اپنے ہاتھ زمین پر مارے اور اپنے ہاتھوں کو اٹھایا مٹی کو جھاڑا نہیں۔ انہوں نے اس کے ساتھ اپنے چہروں کا مسح کیا اور دونوں ہاتھوں کا کندھوں تک اور ہاتھوں کے اندر کا بغل تک کیا۔

**1626** - حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ: " كُنْتُ فِي الْقَوْمِ حِينَ نَزَلَتِ الرُّخْصَةُ فِي الْمَسْحِ بِالصَّعِيدِ إِذَا لَمْ نَجِدِ الْمَاءَ، قَالَ: فَضَرَبْنَا ضَرْبَةً بِالْيَدَيْنِ بِالصَّعِيدِ لِلْوَجْهِ، فَمَسَحْنَاهُ مَسْحَةً وَاحِدَةً، قَالَ: ثُمَّ ضَرَبْنَا ضَرْبَةً أُخْرَى لِلْيَدَيْنِ فَمَسَحْنَاهُمَا بِهَا إِلَى الْمَنْكِبَيْنِ ظَهْرًا وَبَطْنًا"

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میں اس قوم میں شامل تھا جس وقت مٹی کے ساتھ تیمّم کا حکم نازل ہوا' جب ہم نے پانی نہیں پایا' ہم نے چہرے پر مسح کے لیے ہاتھ پاک مٹی پر مارے' ہم نے اس کے ساتھ ایک ہی دفعہ مسح کیا' پھر ہم نے دونوں ہاتھ مارے' ہم نے اس کے ساتھ دونوں کندھوں تک مسح کیا' دونوں طرف سے ظاہراً باطناً۔

**1627** - حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ،

حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

حَدَّثَنَا أَبُو أُوَيْسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ أَخْبَرَهُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ أَنَّهُ قَالَ: تَمَسَّحْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ التُّرَابِ فَمَسَحْنَا بِوُجُوهِنَا وَأَيْدِينَا إِلَى الْمَنَاكِبِ

کے ساتھ مٹی کے ساتھ مسح کیا ہم نے اپنے چہرہ کا مسح کیا اور ہاتھوں کا کندوں تک کیا۔

**1628** - حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، أَنَّ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ، كَانَ يُحَدِّثُ أَنَّهُ كَانَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ وَمَعَهُ عَائِشَةُ، فَهَلَكَ عِقْدُهَا، فَاحْتُبِسَ أَوْ حُبِسَ النَّاسُ ابْتِغَاءَهُ وَلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى آيَةَ التَّيَمُّمِ، قَالَ عَمَّارٌ: فَضَرَبُوا أَيْدِيَهُمْ فَمَسَحُوا بِهَا وُجُوهَهُمْ، ثُمَّ عَادُوا فَضَرَبُوا بِأَيْدِيهِمْ فَمَسَحُوا بِهَا أَيْدِيَهُمْ إِلَى الْإِبِطَيْنِ، أَوْ قَالَ: إِلَى الْمَنَاكِبِ، قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ: وَكَانَ مَعْمَرٌ يُحَدِّثُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ أَنَّ عَمَّارًا كَانَ يَمْسَحُ بِالتَّيَمُّمِ وَجْهَهُ مَسْحَةً وَاحِدَةً، ثُمَّ يَعُودُ فَيَمْسَحُ يَدَيْهِ إِلَى الْإِبِطَيْنِ، وَكَانَ يَخْتَصِرُهُ مَعْمَرٌ هَكَذَا

حضرت عبیداللہ سے روایت ہے کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے تھے کہ وہ ایک سفر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے' آپ کے ساتھ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بھی تھیں' آپ کا ہار گم ہوگیا' صحابہ کرام کو اس کی تلاش کے لیے روک لیا گیا (نماز کا وقت ہوگیا) تو ان کے پاس پانی بھی نہیں تھا' اللہ عزوجل نے تیمم والی آیت نازل فرمائی۔ حضرت عمار فرماتے ہیں: صحابہ کرام نے اپنے ہاتھ زمین پر مارے' اس کے ساتھ اپنے چہرے کا مسح کیا' اس کے بعد دوبارہ اپنے ہاتھوں کو زمین پر مارا' اس کے ساتھ اپنی بغلوں تک مسح کیا' یا فرمایا: کندھوں تک۔ عبدالرزاق فرماتے ہیں: حضرت معمر' زہری سے بیان کرتے ہیں وہ عبید اللہ سے کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے چہرے کا ایک دفعہ مسح کیا پھر دوبارہ دونوں ہاتھوں کا بغلوں تک۔ معمر اسی طرح اختصار بیان کرتے تھے۔

**1629** - حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک سفر

**1628**- أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**320** . وأبو داؤد في الطهارة' باب: في التيمم . وابن ماجه في الطهارة' باب: ما جاء في السبب' وباب: التيمم ضربتان .

**1629**- أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**320** . وانظر البيهقي في السنن جلد **1**صفحه**208-214** .

Marfat.com

هَارُونَ، أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَهَلَكَ عِقْدٌ لِعَائِشَةَ، فَطَلَبُوهُ حَتَّى أَصْبَحُوا، وَلَيْسَ مَعَ الْقَوْمِ مَاءٌ، فَنَزَلَتِ الرُّخْصَةُ، فَقَامَ الْمُسْلِمُونَ فَضَرَبُوا بِأَيْدِيهِمْ إِلَى الْأَرْضِ فَمَسَحُوا بِهَا وُجُوهَهُمْ، وَظَاهِرَ أَيْدِيهِمْ، وَبَاطِنَهَا إِلَى الْآبَاطِ

میں ہم رسول کریم ﷺ کے ساتھ تھے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ہار گم ہوگیا' پس تمام حضرات اُسے تلاش کرنے لگے یہاں تک کہ صبح ہوگئی جبکہ قوم کے پاس پانی نہیں تھا' پس رخصت والی آیت نازل ہوئی' پس تمام مسلمانوں نے کھڑے ہوکر اپنے ہاتھوں کو زمین پر مارا' ان کے ساتھ اپنے چہروں پر مسح کیا' اپنے ہاتھوں کے ظاہر پر اور ان کے باطن پر بھی بغلوں تک۔

**1630** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَمَّارٍ قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ عَلَيَّ

حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا آپ ﷺ نماز پڑھ رہے تھے' میں نے آپ ﷺ کو سلام کیا تو آپ ﷺ نے میرے سلام کا جواب دیا۔

**1631** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ أَنَّهُ قَالَ: قَدِمْتُ عَلَى أَهْلِي لَيْلًا مِنْ سَفَرٍ قَدْ تَشَقَّقَتْ يَدَايَ، فَضَمَّخُونِي بِالزَّعْفَرَانِ، فَغَدَوْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ، وَلَمْ يُرَحِّبْ بِي، فَقَالَ: اذْهَبْ فَاغْسِلْ هَذَا عَنْكَ، فَذَهَبْتُ فَغَسَلْتُهُ، ثُمَّ جِئْتُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ عَلَيَّ وَرَحَّبَ بِي، وَقَالَ: إِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَحْضُرُ جِنَازَةَ الْكَافِرِ بِخَيْرٍ، وَلَا الْمُتَضَمِّخَ بِالزَّعْفَرَانِ، وَلَا الْجُنُبَ، وَرَخَّصَ

حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں سفر سے واپسی پر رات کو اپنے گھر گیا۔ میرے دونوں ہاتھ زخمی ہو گئے تھے۔ انہوں نے ان کو زعفران سے رنگ دیا۔ صبح کو حضور ﷺ کی بارگاہ میں گیا۔ آپ ﷺ کو سلام کیا۔ آپ ﷺ نے میرے سلام کا جواب نہیں دیا اور مجھے خوش آمدید بھی نہیں کہا۔ فرمایا: جاؤ، اس کو اپنے سے دھو کر آؤ، میں گیا۔ میں نے اس کو دھو لیا پھر میں گیا آپ ﷺ کو سلام کیا تو آپ ﷺ نے جواب دیا اور مجھے خوش آمدید بھی کہا اور فرمایا: بے شک فرشتے کافر کے جنازہ میں بھلائی کے ساتھ حاضر نہیں ہوتے اور نہ

**1630**- أخرجه النسائي في السهو' باب: رد السلام بالاشارة في الصلاة۔

**1631**- أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**320** ۔ وأبو داؤد في الترجل' باب: في الخلوق للرجال ۔

Marfat.com

لِلْجُنُبِ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَنَامَ، أَوْ يَأْكُلَ، أَوْ يَشْرَبَ أَنْ يَتَوَضَّأَ

ہی اس کے پاس جس نے زعفران کے ساتھ اپنے آپ کو رنگا ہوا ہو اور نہ ہی جنبی کے پاس حاضر ہوتے ہیں۔ آپ ﷺ نے جنبی کو رخصت دی کہ جب سونے کا ارادہ کرے یا کھانے اور پینے کا تو وضو کر لے۔

**1632** - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي فَاطِمَةَ، عَنْ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ: سَمِعْتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ يَقُولُ: يَا أَبَا مُوسَى، أَنْشُدُكَ اللَّهَ، أَلَمْ تَسْمَعْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ؟ ، فَأَنَا سَائِلُكَ عَنْ حَدِيثٍ، فَإِنْ صَدَقْتَ وَإِلَّا بَعَثْتُ عَلَيْكَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يُقَرِّرُكَ، ثُمَّ أَنْشُدُكَ اللَّهَ أَلَيْسَ إِنَّمَا عَنَاكَ أَنْتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَفْسِكَ، قَالَ: إِنَّهَا سَتَكُونُ فِتْنَةٌ فِي أُمَّتِي أَنْتَ يَا أَبَا مُوسَى فِيهَا نَائِمٌ، خَيْرٌ مِنْكَ قَاعِدًا، وَقَاعِدٌ خَيْرٌ مِنْكَ قَائِمًا، وَقَائِمٌ خَيْرٌ مِنْكَ مَاشِيًا ، فَخَصَّكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَعُمَّ النَّاسَ، فَخَرَجَ أَبُو مُوسَى وَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ شَيْئًا

حضرت ابومریم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا: اے ابوموسیٰ میں آپ کو قسم دیتا ہوں! کیا آپ نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ بولا اس کا ٹھکانہ جہنم ہے؟ میں نے آپ سے اس حدیث کے متعلق پوچھا ہے اگر آپ نے سچ بولا ورنہ میں تجھ پر اصحاب رسول ﷺ کو بھیجوں گا جو تیرے ساتھ اقرار کریں گے پھر میں اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ کیا آپ نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے نہیں سنا کہ آپ نے فرمایا: عنقریب فتنہ ہوں گے میری امت میں اے موسیٰ اس میں سونے والا بہتر ہوگا تجھ سے، اس حال میں کہ تُو بیٹھنے والا ہو، اور بیٹھنے والا بہتر ہوگا تجھ سے اس حال میں کہ تُو کھڑا ہونے والا ہو اور کھڑا ہونے والا بہتر ہوگا تجھ سے جبکہ تُو چلنے والا ہو۔ پس رسول اللہ ﷺ نے آپ کو خاص کیا تھا۔ عام لوگوں کے لیے نہیں کہا تھا۔ حضرت ابوموسیٰ نکلے اور کوئی جواب نہیں دیا۔

**1633** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَامِرِ بْنِ زُرَارَةَ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنِ الرُّكَيْنِ، عَنِ ابْنِ

حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو دنیا میں دو چہروں والا ہوگا، اس کی قیامت کے

---

**1632**- عزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **7** صفحه **246** للمصنف والطبرانى .

**1633**- انظر تخريج الحديث رقم: **1617** .

Marfat.com

حَنْظَلَةَ، عَنْ عَمَّارٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ ذَا وَجْهَيْنِ فِي الدُّنْيَا كَانَ لَهُ لِسَانَانِ مِنْ نَارٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

دن دو آگ کی زبانیں ہو گی۔

**1634** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَزْرَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ التَّيَمُّمِ قَالَ: فَأَمَرَنِي بِالْوَجْهِ وَالْكَفَّيْنِ ضَرْبَةً وَاحِدَةً، وَكَانَ قَتَادَةُ يُعَفِّرُ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے تیمم کے متعلق پوچھا تو آپ نے مجھے چہرہ اور دونوں ہتھیلیوں کا مسح کرنے کا حکم دیا ایک ہی ضرب کے ساتھ۔ حضرت قتادہ مٹی میں لیٹتے تھے۔

**1635** - حَدَّثَنَا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنٍ لِعَمَّارٍ، عَنْ عَمَّارٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ مُتَوَشِّحًا بِهِ

حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی ایک کپڑے میں لپٹ کر۔

**1636** - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ نَاجِيَةَ قَالَ: قَالَ عَمَّارٌ: أَجْنَبْتُ وَأَنَا فِي الْإِبِلِ، فَلَمْ أَجِدْ مَاءً، فَتَمَعَّكْتُ تَمَعُّكَ الدَّابَّةِ، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ بِذَلِكَ فَقَالَ: إِنَّمَا كَانَ يَجْزِيكَ مِنْ ذَلِكَ التَّيَمُّمُ

حضرت ناجیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں جنبی ہو گیا اس حال میں کہ میں اونٹ چرا رہا تھا، میں نے پانی نہیں پایا، میں جانور کی طرح مٹی میں لیٹا، اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا تو میں نے اس معاملہ کے بارے میں آپ کو بتایا، آپ نے فرمایا: تیرے لیے تیمم ہی کافی تھا۔

---

**1634**- انظر تخريج الحديث رقم:**1605** .

**1635**- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**2**صفحه**49** . للمصنف والطبراني في الكبير .

**1636**- انظر تخريج الحديث رقم:**1602** .

Marfat.com

1637 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي غَنِيَّةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ مَنْ حَدَّثَهُ، عَنْ جَدِّ أَبِيهِ الْمُخَارِقِ قَالَ: لَقِيتُ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ يَوْمَ الْجَمَلِ وَهُوَ يَبُولُ فِي قَرْنٍ، فَقُلْتُ لَهُ: أُقَاتِلُ مَعَكَ وَأَكُونُ مَعَكَ؟ قَالَ: قَاتِلْ تَحْتَ رَايَةِ قَوْمِكَ، فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْتَحِبُّ الرَّجُلَ يُقَاتِلُ تَحْتَ رَايَةِ قَوْمِهِ

حضرت ابی مخارق فرماتے ہیں کہ میں حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو یوم جمل کے دن ملا۔ آپ رضی اللہ عنہ قرن میں پیشاب کر رہے تھے۔ میں نے آپ سے عرض کی: میں آپ کے ساتھ مل کر لڑوں حالانکہ میں آپ کے ساتھ ہوں۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اپنی قوم کے جھنڈے کے نیچے لڑ۔ بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس آدمی کو پسند کرتے تھے جو اپنی قوم کے جھنڈے کے نیچے لڑتا تھا۔

1638 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبْجَرَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ وَاصِلِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: قَالَ أَبُو وَائِلٍ: خَطَبَنَا عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ فَأَوْجَزَ وَأَبْلَغَ، فَلَمَّا نَزَلَ قُلْنَا: يَا أَبَا الْيَقْظَانِ، لَقَدْ أَبْلَغْتَ وَأَوْجَزْتَ، فَلَوْ كُنْتَ تَنَفَّسْتَ، فَقَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ طُولَ صَلَاةِ الرَّجُلِ وَقِصَرَ خُطْبَتِهِ مَئِنَّةٌ مِنْ فِقْهِهِ، فَأَطِيلُوا الصَّلَاةَ وَاقْصُرُوا الْخُطَبَ، وَإِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا

حضرت ابو وائل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا۔ بڑا مختصر اور بلیغ خطبہ دیا۔ جب نیچے اترے۔ ہم نے عرض کی: اے ابو یقظان! آپ نے بے شک بڑا مختصر اور بلیغ خطبہ ارشاد فرمایا ہے۔ اگر لمبا کرتے (تو بہتر ہوتا)۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کی نماز کا لمبا اور خطبہ مختصر ہونا اس کے سمجھدار ہونے کی نشانی ہے لہٰذا نماز کو لمبا کرو اور خطبوں کو مختصر کرو بے شک بعض بیان جادو ہوتے ہیں۔

1639 - حَدَّثَنَا مُوسَى، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ قَيْسَ بْنَ سَعْدٍ يُحَدِّثُ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا اس حالت میں کہ آپ نماز پڑھ رہے تھے آپ نے سلام کا جواب دیا۔

1637- أخرجه أحمد جلد 4 صفحه 263 . وعزاه أيضًا الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5 صفحه 326 للمصنف والطبراني والبزار .

1638- أخرجه مسلم في الجمعة' باب: تخفيف الصلاة .

1639- انظر تخريج الحديث رقم: 1630 .

Marfat.com

طَالِبٍ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، أَنَّهُ سَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يُصَلِّي فَرَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ

**1640** - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ صِلَةَ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ عَمَّارٍ فِي الْيَوْمِ الَّذِي يَشُكُّ فِيهِ مِنْ رَمَضَانَ، فَأُتِيَ بِشَاةٍ فَتَنَحَّى بَعْضُ الْقَوْمِ، فَقَالَ عَمَّارٌ: مَنْ صَامَ هَذَا الْيَوْمَ فَقَدْ عَصَى أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت صلہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک دن حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے پاس گئے تھے اس دن رمضان کے متعلق شک ہوگیا۔ ایک بکری لائی گئی۔ بعض قوم اس سے پیچھے ہٹ گئی۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس نے اس دن روزہ رکھا اس نے ابوقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کی۔

**1641** - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: قَالَتْ أُمُّ حَسَنٍ: قَالَتْ أُمُّ الْمُؤْمِنِينَ أُمُّ سَلَمَةَ: مَا نَسِيتُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَهُوَ يُعَاطِيهِمُ اللَّبَنَ، وَقَدِ اغْبَرَّ شَعْرُهُ، يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ: إِنَّ الْخَيْرَ خَيْرُ الْآخِرَةِ، فَاغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَةِ، وَجَاءَ عَمَّارٌ، فَقَالَ: وَيْحَكَ، أَوْ وَيْلَكَ، شَكَّ خَالِدُ بْنُ سُمَيَّةَ، تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ، قَالَ ابْنُ عَوْنٍ: حَدَّثْتُ مُحَمَّدًا، عَنْ أُمِّهِ، فَقَالَ: أَمَا إِنَّهَا قَدْ كَانَتْ تَدْخُلُ عَلَى أُمِّ سَلَمَةَ

اُم المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں خندق کے دن کو نہیں بھولی ہوں جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اینٹیں اُٹھا رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بال مبارک غبار آلود تھے اور یہ شعر پڑھ رہے تھے: بے شک خیر آخرت کی خیر ہے انصار اور مہاجرین کی بخشش فرما۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بربادی یا ہلاکت! خالد بن سمیہ کو شک ہے تجھے ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔ حضرت ابن عون فرماتے ہیں: مجھے محمد نے اپنی سند اس کے حوالہ سے بیان کی یہ حدیث کیونکہ ان کی امی حضرت ام سلمہ کے پاس جاتی تھیں۔

---

**1640**- أخرجه أبو داؤد في الصوم' باب: كراهية صوم يوم الشك . وابن ماجه في الصيام' باب: ما جاء في صيام يوم الشك . والترمذي في الصوم' باب: ما جاء في كراهية صوميوم الشك . والنسائي في الصيام' باب: صيام يوم الشك . والدارمي في الصوم' باب: في النهي عن صيام يوم الشك .

**1641**- أخرجه أحمد جلد 6 صفحه 289 و 300 و 311 . ومسلم في الفتن' باب: لا تقوم الساعة حتى يمر الرجل بقبر الرجل فيتمنى أن يكون مكان الميت' من البلاء .

Marfat.com

**1642** - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ قَالَ: لَمَّا بَعَثَ عَلِيٌّ عَمَّارًا وَالْحَسَنَ إِلَى الْكُوفَةِ لِيَسْتَنْفِرَهُمْ، خَطَبَ عَمَّارٌ فَقَالَ: أَمَا إِنِّي لَأَعْلَمُ أَنَّهَا زَوْجَتُهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، يَعْنِي عَائِشَةَ

حضرت ابو وائل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عمار رضی اللہ عنہ اور حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو کوفہ کی طرف بھیجا تا کہ ان کو بھگا دیں۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا' میں جانتا ہوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ دنیا اور آخرت میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ہیں۔

**1643** - حَدَّثَنَا مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنٍ لِعَمَّارٍ، عَنْ عَمَّارٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى فِي ثَوْبٍ

حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی ایک کپڑے میں۔

**1644** - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي الْوَزِيرِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ حَبِيبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَثِيرٍ قَالَ: قَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ: أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نُطِيلَ الصَّلَاةَ وَنَقْصُرَ الْخُطْبَةَ

حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا نماز کو لمبا کرنے کا اور خطبہ مختصر دینے کا۔

**1645** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، أَنَّ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ، فَقَالَ رَجُلٌ:

حضرت عمر بن ابی بکر بن عبدالرحمن بن حارث رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے مسجد مختصر دو رکعت نماز پڑھی۔ آپ رضی اللہ عنہ سے ایک آدمی نے کہا: اے ابو یقظان! آپ کو دیکھا ہے کہ آپ نے دونوں رکعتیں مختصر پڑھی ہیں۔ آپ نے فرمایا: میں نے اس کی حدود میں کوئی کمی کی؟ میں نے

---

**1642**- أخرجه أحمد جلد4صفحه265 . والبخارى فى فضائل الصحابة' باب: فضل عائشة رضى الله عنها .

**1643**- انظر تخريج الحديث رقم:1635 .

**1644**- انظر تخريج الحديث رقم:1638/1618/1615 .

**1645**- انظر تخريج الحديث رقم:1624/1612 .

Marfat.com

خَفَّفْتَهُمَا يَا أَبَا الْيَقْظَانِ، فَقَالَ: رَأَيْتَنِي نَقَصْتُ مِنْ حُدُودِهَا شَيْئًا؟ إِنِّي بَادَرْتُ بِهِمَا الْوَسْوَاسَ، إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيُصَلِّي، وَلَعَلَّهُ أَنْ لَا يَكُونَ لَهُ مِنْ صَلَاتِهِ إِلَّا عُشْرُهَا، أَوْ تُسْعُهَا، أَوْ ثُمُنُهَا، أَوْ سُبْعُهَا، أَوْ سُدُسُهَا، أَوْ خُمُسَهَا، أَوْ رُبُعُهَا، أَوْ ثُلُثُهَا، أَوْ نِصْفُهَا

حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ نے فرمایا: ایک آدمی نماز پڑھتا ہے، ہوسکتا ہے کہ اس سے اس کو اس نماز کا دسواں یا نواں یا آٹھواں یا ساتواں یا چھٹا یا پانچواں چوتھا، تیسرا یا آدھا (حصے کا ثواب بھی نہ ملے۔

**1646** - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَسَدِيُّ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ ثَرْوَانَ بْنِ مِلْحَانَ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا فِي الْمَسْجِدِ فَمَرَّ عَلَيْنَا عَمَّارٌ، فَقُلْنَا لَهُ: حَدِّثْنَا حَدِيثَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْفِتْنَةِ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَيَكُونُ بَعْدِي أُمَرَاءُ يَقْتَتِلُونَ عَلَى الْمُلْكِ يَقْتُلُ بَعْضُهُمْ عَلَيْهِ بَعْضًا، قُلْنَا: لَوْ حَدَّثَنَا بِهِ غَيْرُكَ كَذَّبْنَاهُ أَمَا إِنَّهُ سَيَكُونُ

حضرت ثروان بن ملحان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ہمارے پاس سے حضرت عمار رضی اللہ عنہ گزرے۔ ہم نے آپ رضی اللہ عنہ سے عرض کی کہ ہمیں حضور ﷺ کی کوئی حدیث سنائیں فتنہ کے متعلق۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: عنقریب ایسے حکمران آئیں گے میرے بعد جو بادشاہ ہو کر قتل کریں گے۔ آپس میں ایک دوسرے کو قتل کریں گے، ہم نے عرض کی: اگر ہم کو آپ کے علاوہ کوئی اور بیان کرتا تو ہم اس کو جھٹلاتے، بہرحال یہ عنقریب ہوگا۔

**1647** - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ حَبِيبٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ خِلَاسِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُنْزِلَتِ الْمَائِدَةُ مِنَ السَّمَاءِ خُبْزًا وَلَحْمًا، فَأُمِرُوا أَنْ لَا يَخُونُوا،

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: دسترخوان آسمان سے اُترا، گوشت اور روٹی کا ان کو حکم دیا گیا ہے کہ نہ خیانت کرنا، نہ کل کے لیے ذخیرہ کرنا، پس انہوں نے خیانت کی اور ذخیرہ اندوزی کی تو اس دسترخوان کو اُٹھا لیا گیا، ان کو مسخ کیا گیا

**1646**- أخرجه أحمد جلد4صفحه263 . وعزاه أيضًا الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7صفحه292-293 للمصنف والطبراني .

**1647**- أخرجه الترمذي في التفسير، باب: ومن سورة المائدة .

Marfat.com

وَلَا يَدَّخِرُوا لِغَدٍ، فَخَانُوا، وَادَّخَرُوا، وَرَفَعُوا، فَمُسِخُوا قِرَدَةً وَخَنَازِيرَ

بندروں اور خنزیروں کی شکل میں۔

**1648** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ قَالَ: تَيَمَّمْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَسَحْنَا وُجُوهَنَا وَأَيْدِينَا إِلَى الْمَنَاكِبِ بِالتُّرَابِ

حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تیمّم کیا' اپنے چہرے اور دونوں ہاتھ کندھوں تک مٹی کے ساتھ۔

**1649** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، أَخْبَرَنِي سَعْدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَمَّنْ أَخْبَرَهُ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْحَلَالَ بَيِّنٌ وَالْحَرَامَ بَيِّنٌ وَبَيْنَهُمَا شُبُهَاتٌ، مَنْ تَوَقَّاهُنَّ كُنَّ وِقَاءً لِدِينِهِ، وَمَنْ يُوقِعُ فِيهِنَّ يُوشِكُ أَنْ يُوَاقِعَ الْكَبَائِرَ كَالْمُرْتِعِ حَوْلَ الْحِمَى يُوشِكُ أَنْ يُوَاقِعَهُ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى

حضرت عمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حلال بھی واضح ہے اور حرام بھی واضح ہے۔ ان دونوں کے درمیان شبہات ہیں جس نے اپنے آپ کو شبہ سے بچالیا اس نے اپنے دین کو بچالیا۔ جو شبہات میں پڑ گیا' قریب ہے کہ وہ کبیرہ گناہوں میں پڑ جائے' جس طرح کہ چرنے والا جانور جو چراگاہ کے اردگرد چر رہا ہو' قریب ہے کہ اس میں گر جائے' ہر بادشاہ کی چراگاہ ہے۔

# مُسْنَدُ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ

# مسند براء بن عازب رضی اللہ عنہ

**1650** - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَدِيِّ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو دیہات میں رہا' اس نے ظلم کیا۔

---

**1648**- انظر تخريج الحديث رقم: **1606** .

**1649**- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **73** . للطبراني في الكبير والأوسط وأخرجه أحمد جلد **4** صفحه **267-270** . والبخاري في الايمان' باب: فضل من استبرأ لدينه' وفي البيوع باب: الحلال بيّن والحرام بيّن . ومسلم في المساقاة' باب: أخذ الحلال وترك الشبهات .

**1650**- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **104** لأحمد .

Marfat.com

بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَدَا جَفَا

**1651** - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ، عَنْ زَكَرِيَّا، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: نَزَلْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحُدَيْبِيَةَ فَوَجَدْنَا مَاءً هَا قَدْ شَرِبَهُ أَوَائِلُ النَّاسِ فَجَلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْبِئْرِ، وَدَعَا بِدَلْوٍ مِنْهَا فَأَخَذَ مِنْهُ بِفِيهِ، ثُمَّ مَجَّهُ فِيهَا وَدَعَا اللّٰهَ تَعَالَى فَكَثُرَ مَاؤُهَا حَتَّى رَوِيَ النَّاسُ مِنْهَا

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حدیبیہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اترے تھے کہ ہم نے اس پانی کو پایا۔ جس کو پہلے لوگوں نے پی لیا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کنواں پر تشریف فرما ہوئے۔ آپ نے اس کا ڈول منگوا کر اس کو اپنے منہ سے پکڑا پھر اس میں کلی کی اور اللہ سے دعا کی تو اس کا پانی بہت زیادہ ہو گیا یہاں تک کہ لوگوں نے اس سے سیر ہو کر پیا۔

**1652** - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ أَرْطَاةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْكَلَالَةِ؟ فَقَالَ: تَكْفِيكَ آيَةُ الصَّيْفِ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کلالہ کے متعلق۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تجھے گرمیوں والی آیت کافی ہے۔

**1653** - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ النَّخَعِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: " سُئِلَ أَيْنَ كَانَ يَسْجُدُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سوال کیا گیا کہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ کیسے ادا کرتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دونوں ہتھیلیوں کے درمیان۔

---

**1651**- أخرجه أحمد جلد **4** صفحه **290** . والبخاري في المناقب' باب: علامات النبوة في الاسلام' وفي المغازي باب: غزوة الحديبية .

**1652**- أخرجه أحمد جلد **4** صفحه **293** و **295** و **301** . وأبو داؤد في الفرائض' باب: من كان ليس له ولد وله أخوات . والترمذي في التفسير' باب: ومن سورة النساء . ومسلم في الفرائض' باب: ميراث الكلالة . وابن ماجه في الفرائض' باب: الكلالة .

**1653**- أخرجه الترمذي في الصلاة' باب: أين يضع الرجل وجهه اذا سجد . وأحمد جلد **4** صفحه **283** و **294** . ومسلم في الصلاة رقم الحديث: **494**' باب: الاعتدال في السجود .

Marfat.com

قَالَ: كَانَ يَسْجُدُ بَيْنَ كَفَّيْهِ"

**1654** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ افْتَتَحَ الصَّلَاةَ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتَّى حَاذَتَا إِبْهَامَيْهِ، أَوْ تُحَاذِيَانِ أُذُنَيْهِ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز شروع کرتے تو دونوں ہاتھوں کو بلند کرتے یہاں تک کہ دونوں کانوں کی لوتک لے جاتے۔

**1655** - وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنَ الْحَقِّ عَلَى الْمُسْلِمِينَ أَنْ يَغْتَسِلَ أَحَدُهُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَأَنْ يَمَسَّ مِنْ طِيبٍ إِنْ كَانَ عِنْدَ أَهْلِهِ، فَإِنْ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُمْ فَإِنَّ الْمَاءَ طِيبٌ، قَالَ هُشَيْمٌ: قُلْتُ لِيَزِيدَ: هَلْ مِنْ غُسْلٍ غَيْرَ يَوْمِ الْجُمُعَةِ؟ قَالَ: نَعَمْ، يَوْمَ عِيدِ الْفِطْرِ، وَيَوْمَ الْأَضْحَى، وَيَوْمَ عَرَفَةَ، وَيَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَقَالَ فِيهِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں پر ضروری ہے جمعہ کے دن غسل کرنا اور خوشبو لگانا اگر گھر موجود ہو اگر گھر موجود نہ ہو بے شک پانی ہی خوشبو ہے۔ حضرت ہشیم فرماتے ہیں: میں نے حضرت یزید سے کہا کہ کیا جمعہ شریف کے علاوہ بھی غسل ہے۔ انہوں نے کہا: جی ہاں! عید الفطر کے دن، عید الاضحیٰ کے دن، یوم عرفہ کے دن، جمعہ کے دن۔ اور فرمایا: اس میں۔

**1656** - حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَذْرَمِيُّ،

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

---

**1654**- أخرجه أحمد جلد4صفحه303,301 . والبيهقي في الصلاة' باب: من قال: يرفع يديه جذو منكبيه . وأبو داؤد' باب: من لم يذكر الرفع عند الركوع' وفي الصلاة باب: من لم يذكر الرفع عند الركوع . والترمذي في الصلاة' باب: ما جاء أن النبي صلى الله عليه وسلم لم يرفع الا في أولمرة . والنسائي في الافتتاح' باب: الرخصة في ترك الرفع عند الرفع من الركوع .

**1655**- أخرجه أحمد جلد4صفحه282-283 . والترمذي في الصلاة' باب: في السواك والطيب يوم الجمعة . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه198 للمصنف .

**1656**- أخرجه أحمد جلد 4صفحه297 . والبيهقي في الحج'باب: من اختار القرآن . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3صفحه279 . والبخاري في العمرة' باب: كم اعتمر النبي صلى الله عليه وسلم' وفي جزاء الصيد باب: ليس السلاح للمحرم' وفي الصلح باب: كيف يكتب: هذا ما صالح عليه فلان بن فلان فلان بن

Marfat.com

حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْأَزْرَقُ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، عَنْ أَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: اعْتَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ الْحَجِّ، قَالَ: وَقَالَتْ عَائِشَةُ: لَقَدْ عَلِمَ أَنْ قَدِ اعْتَمَرَ أَرْبَعًا لِعُمْرَتِهِ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ

نے حج سے پہلے عمرہ کیا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: معلوم ہونا چاہیے کہ آپ نے چار عمرہ کیے ہیں' ایک عمرہ حج الوداع کے دن کیا تھا۔

**1657** - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمِ نَحْرٍ فَقَالَ: أَلَا لَا يَذْبَحَنَّ أَحَدٌ حَتَّى يُصَلِّي، فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هٰذَا يَوْمُ اللَّحْمِ فِيهِ مَكْرُوهٌ، وَإِنِّي عَجَّلْتُ نَسِيكَتِي لِأُطْعِمَ أَهْلِي وَأَهْلَ دَارِي أَوْ أَهْلِي وَجِيرَانِي، قَالَ: فَقَدْ فَعَلْتَ فَأَعِدْ ذِبْحًا آخَرَ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عِنْدِي عَنَاقُ لَبَنٍ، هِيَ خَيْرٌ مِنْ شَاتَيْ لَحْمٍ، أَفَأَذْبَحُهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، وَهِيَ خَيْرٌ مِنْ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو حضور ﷺ نے یوم نحر کے دن خطبہ دیا۔ فرمایا: خبردار کوئی بھی آدمی نماز سے پہلے قربانی نہ کرے۔ ایک آدمی کھڑا ہوا۔ عرض کی: یارسول اللہ! اس دن گوشت کی ضرورت ہوتی ہے تو میں نے قربانی جلدی کی ہے تا کہ اپنے اہل خانہ اور پڑوسیوں کو گوشت کھلاؤں۔ آپ نے فرمایا: تُو نے قربانی کر لی ہے تو دوسرا جانور قربانی کر۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے پاس ایک دودھ پیتا بکری کا بچہ ہے، کیا میں اس کو ذبح کرلوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! کرلو۔ وہ بکری کا بچہ اس جانور سے بہتر ہے جس کی

فلان' وفى المغازى باب: عمرة القضاء ـ والترمذى فى الحج' باب: ما جاء فى عمرة ذى القعدة وفى الحج' باب: عمرة رجب...... ـ أخرجه أبو داؤد فى المناسك' باب: العمرة ـ ومسلم فى الحج'باب: بيان عدد عمر النبى صلى الله عليه وسلم وزمانها ـ

**1657**- أخرجه الترمذى فى الأضاحى' باب: ما جاء فى الذبح بعد الصلاة ـ وأحمد جلد4صفحه297 ـ ومسلم فى الأضاحى' باب: وقتها ـ والنسائى فى الأضاحى' باب: ذبح الضحية قبل الامام ـ والبيهقى فى الضحايا' باب: لا يجزى الجذع الامن الضأن ـ وأبو داؤد فى الضحايا' باب: ما يجوز فى السن فى الضحايا ـ والبخارى فى العيدين' باب: سنة العيدين لأهل الاسلام' وباب: الخطبةيوم العيد' وباب: التكبير الى العيد' وباب: كلام الامام والناس فى خطبة العيد'وفى الأضاحى باب: سنة الأضحية' وباب: قول النبى صلى الله عليه وسلم لأبى بردة: ضح بالجذع من المعز'ولنتجزى عن أحد بعدك' وباب: الذبح بعد الصلاة' وباب: من ذبح قبل الصلاة أعاد' وفى الأيمان والنذور باب: اذا حنث ناسيًا فى الأيمان ـ

Marfat.com

نَسِيكَتِكَ، وَلَا تَقْضِي جَذَعَةٌ عَنْ أَحَدٍ بَعْدَكَ

تم نے قربانی کی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے بعد کسی کے لیے جائز نہیں کہ آٹھ ماہ کا بھیڑ کا بچہ ذبح کرے۔

**1658** - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْأَضْحَى بَعْدَ الصَّلَاةِ فَقَالَ: مَنْ صَلَّى صَلَاتَنَا وَنَسَكَ نَسِيكَتَنَا فَقَدْ أَصَابَ النُّسُكَ، وَمَنْ نَسَكَ قَبْلَ الصَّلَاةِ، فَشَاتُهُ شَاةُ لَحْمٍ، وَلَا نُسُكَ لَهُ، فَقَالَ أَبُو بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ خَالُ الْبَرَاءِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَإِنِّي نَسَكْتُ شَاتِي قَبْلَ الصَّلَاةِ، وَعَرَفْتُ أَنَّ الْيَوْمَ يَوْمُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ، وَأَحْبَبْتُ أَنْ تَكُونَ شَاتِي أَوَّلَ شَيْءٍ يُذْبَحُ فِي بَيْتِي، فَذَبَحْتُ شَاتِي، وَتَغَدَّيْتُ قَبْلَ أَنْ آتِيَ الصَّلَاةَ، قَالَ: شَاتُكَ شَاةُ لَحْمٍ، قَالَ: فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَإِنَّ عِنْدَنَا عَنَاقًا لَنَا جَذَعَةً هِيَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ شَاتَيْنِ، أَفَتَجْزِي عَنِّي؟ قَالَ: نَعَمْ، وَلَنْ تَجْزِيَ عَنْ أَحَدٍ بَعْدَكَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضور ﷺ نے عیدالاضحیٰ کے دن نماز کے بعد خطبہ دیا' آپ نے فرمایا: جس نے ہمارے ساتھ نماز پڑھی اور ہمارے ساتھ قربانی کرے تو اس کی قربانی درست ہے' جس نے نماز سے پہلے قربانی کی تو وہ اس کی بکری کا گوشت ہے اس کی قربانی نہیں ہے۔ ابوبردہ بن نیار' حضرت براء کے خالو نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے نماز سے پہلے اپنی بکری کی قربانی کی ہے' آپ کو معلوم ہے کہ یہ دن کھانے اور پینے کے ہیں' میں نے پسند کیا کہ میری قربانی پہلے ہوئا اپنے گھر میں ذبح کر لی ہے' میں نے نماز سے پہلے کھا لیا۔ آپ نے فرمایا: تیری بکری گوشت کی بکری ہے۔ حضرت ابوبردہ بن نیار نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے پاس دودھ پینے والا سال سے کم بکری کا بچہ ہے' وہ مجھے دو بکریوں سے زیادہ پسند ہے' کیا میں اس کی قربانی کروں تو میری طرف سے کافی ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! تیرے بعد کسی کے لیے جائز نہیں ہے۔

**1659** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ،

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب

---

**1658**- أخرجه البخاري في العيدين' باب: الأكل يوم النحر .

**1659**- أخرجه مسلم في الحج' باب: ما يقول اذا ركب الى سفر الحج وغيره . والترمذي في الدعوات' باب: ما جاء ما يقول اذا ركب دابة . وأبو داؤد في الجهاد' باب: مايقول الزجل اذا سافر . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه130 للمصنف .

Marfat.com

حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ فِطْرٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَرَجَ إِلَى سَفَرٍ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ بَلاغًا يُبَلِّغُ خَيْرًا، مَغْفِرَةً مِنْكَ وَرِضْوَانًا، بِيَدِكَ الْخَيْرُ، إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، اللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيفَةُ فِي الْأَهْلِ، اللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا السَّفَرَ، وَأَطْوِ لَنَا الْأَرْضَ، اللّٰهُمَّ أَعُوذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ، وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ

سفر کے لیے گھر سے نکلتے تھے تو آپ ﷺ یہ دعا مانگتے تھے: ''اَللّٰهُمَّ بَلاغًا اِلٰى آخرہ''۔

**1660** - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنِي بَهْزٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ الْبَرَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رَجَعَ مِنْ سَفَرِهِ قَالَ: آيِبُونَ تَائِبُونَ عَابِدُونَ لِرَبِّنَا حَامِدُونَ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور ﷺ نے فرمایا کہ حضور ﷺ سفر سے واپس آئے تھے، آپ ﷺ یہ پڑھتے تھے: ''آيِبُوْنَ تَائِبُوْنَ اِلٰى آخرہ''۔

**1661** - حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنِي بَهْزٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنِي عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي سَفَرٍ فَقَرَأَ فِي الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ فِي إِحْدَى الرَّكْعَتَيْنِ بِالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک سفر میں تھے۔ آپ ﷺ نے عشاء کی نماز میں دو رکعتوں میں سے ایک رکعت میں والتین والزیتون پڑھی۔

---

**1660**- أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**289** و**298** و**300** . والترمذى فى الدعوات' باب: ما يقول اذا قدم من السفر .

**1661**- أخرجه مالك فى الصلاة' باب: القرأة فى المغرب والعشاء . والبيهقى فى الصلاة' باب: قدر القرأة فى العشاء الآخرة . وأحمد جلد **4**صفحه**286-291** . والنسائى فى الافتتاح' باب: القرأة فى الركعة الأولى من صلاة العشاء الآخرة' وباب: القرأة بها (التين والزيتون) . والترمذى فى الصلاة' باب: ما جاء فى القرأة فى صلاة العشاء . وابن ماجه فى الاقامة' باب: القرأة فى صلاة العشاء . والبخارى فى الآذان' باب: الجهرُ بالعشاء' وباب: القرأة فى العشاء' وفى التوحيد باب: قول النبى صلى الله عليه وسلم: الماهر بالقرآن مع سفرة الكرام البررة .

Marfat.com

1662 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا أَشْعَثُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِي إِلَى رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةَ أَبِيهِ، فَأَمَرَهُ أَنْ يَضْرِبَ عُنُقَهُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے خالو کو ایک آدمی کی طرف بھیجا کہ اس نے اپنے باپ کی بیوی سے شادی کی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ اس کی گردن اڑا دو۔

1663 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا حَفْصٌ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنْ عَدِيٍّ، عَنِ الْبَرَاءِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ رَجُلًا إِلَى رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةَ أَبِيهِ، فَأَمَرَهُ أَنْ يَضْرِبَ عُنُقَهُ وَيَأْتِي بِرَأْسِهِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے خالو کو ایک آدمی کی طرف بھیجا کہ اس نے اپنے باپ کی بیوی سے شادی کی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ اس کی گردن اڑا دو۔

1664 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، وَأَبُو دَاوُدَ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ يُحَدِّثُ، عَنِ الْبَرَاءِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ رَجُلًا إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ أَنْ يَقُولَ: اللَّهُمَّ أَسْلَمْتُ نَفْسِي إِلَيْكَ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِي إِلَيْكَ،

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو حکم دیا کہ جب تُو اپنے بستر پہ آئے تو یہ پڑھ لیا کر: ''اَللّٰهُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِیْ اِلَیْكَ الٰی آخره'' اگر اس رات مر جائے گا تو فطرت پر مرے گا۔

1662- أخرجه ابن ماجه' باب: من تزوج امرأة أبيه من بعده .

1663- أخرجه الترمذی فی الأحكام' باب: ما جاء فيمن تزوج امرأة أبيه . وابن ماجه فی الحدود' باب: من تزوج امرأة أبيه من بعده . وأحمد جلد 4صفحه297,295,290 . وأبو داؤد فی الحدود' باب: الرجل يزنی بحريمه . والنسائی فی النكاح' باب: نكاح ما نكح الآباء . والبيهقی فی النكاح' باب: ما جاء فی قوله تعالٰی: (ولا تنكحوا ما نكح آباؤكم من النساء) .

1664- أخرجه مسلم فی الذكر والدعاء' باب: ما يقول عند النوم وأخذ المضجع . وأحمد جلد 4صفحه285 . وأبوداؤد فی الأدب' باب: ما يقول عند النوم . والترمذی فی الدعوات' باب: ما جاء فی الدعاء اذا أوى الى فراشه . وابن ماجه فی الدعاء' باب: ما يدعو اذا أوى الى فراشه . والبخاری فی الوضوء' باب: فضل من بات على الوضوء' وفی الدعوات باب: اذا بات طاهرًا' وباب: ما يقول اذا نام' وباب: النوم على الشق الأيمن' وفی التوحيد باب: قول الله تعالٰی: (أنزله بعلمه والملائكة يشهدون) .

Marfat.com

وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِي إِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ أَمْرِي إِلَيْكَ، رَغْبَةً وَرَهْبَةً إِلَيْكَ، لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِي أَنْزَلْتَ وَبِرَسُولِكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ، فَإِنْ مَاتَ مَاتَ عَلَى الْفِطْرَةِ

**1665** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْأَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَضَعُ وَجْهَهُ بَيْنَ كَفَّيْهِ إِذَا سَجَدَ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چہرے پاک کو دونوں ہاتھوں کے درمیان رکھتے تھے جب سجدہ کرتے تھے۔

**1666** - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ قَنَانِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ النَّهْمِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْسَجَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَا مُوسَى يَقْرَأُ، فَقَالَ: كَأَنَّ صَوْتَ هَذَا مِنْ مَزَامِيرِ آلِ دَاوُدَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوموسیٰ کا قرآن پڑھنا سنا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گویا آپ کو جناب آلِ داؤد علیہ السلام کی آواز دی گئی ہے۔

**1667** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُقْبَةَ بْنِ أَبِي الْعَيْزَارِ، حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: سَجَدْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الظُّهْرِ، فَظَنَنَّا

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نمازِ ظہر میں سجدہ کیا، ہم کو گمان ہوا کہ آپ الم تنزیل سجدہ پڑھی ہے۔

---

**1665**- أنظر تخريج الحديث رقم: **1653** .

**1666**- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **360** للمصنف . وأخرجه البخاري في فضائل القرآن' باب: حسن الصوت بالقراءة للقرآن . ومسلم في صلاة المسافرين' باب: استحباب تحسين الصوت بالقرآن . والترمذي في المناقب' باب: مناقب أبي موسى الأشعري . والنسائي في الافتتاح' باب: تزيين القرآن بالصوت .

**1667**- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **116** للمصنف .

Marfat.com

أَنَّهُ قَرَأَ تَنْزِيلَ السَّجْدَةَ

**1668** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ، فَأَحْرَمْنَا بِالْحَجِّ، فَلَمَّا أَنْ قَدِمْنَا مَكَّةَ، قَالَ: اجْعَلُوا حَجَّكُمْ عُمْرَةً ، فَقَالَ نَاسٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَدْ أَحْرَمْنَا بِالْحَجِّ، فَكَيْفَ نَجْعَلُهَا عُمْرَةً؟ قَالَ: انْظُرُوا مَا أَمَرْتُكُمْ بِهِ فَافْعَلُوا ، قَالَ: فَرَدُّوا عَلَيْهِ الْقَوْلَ، فَغَضِبَ ثُمَّ انْطَلَقَ حَتَّى دَخَلَ عَلَى عَائِشَةَ غَضْبَانَ، قَالَ: فَرَأَتِ الْغَضَبَ فِي وَجْهِهِ، فَقَالَتْ: مَنْ أَغْضَبَكَ أَغْضَبَهُ اللَّهُ تَعَالَى؟ فَقَالَ: مَا لِي لَا أَغْضَبُ، وَأَنَا آمُرُ بِالْأَمْرِ فَلَا يُتَّبَعُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نکلے۔ ہم نے حج کا حرام باندھا تھا۔ جب ہم مکہ آئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے حج کو عمرہ کرلو۔ لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم نے حج کا حرام باندھا ہوا ہے ہم عمرہ کیسے کر لیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دیکھو! جو میں تم کو حکم دے رہا ہوں، بس کرو۔ صحابہ کرام نے دوبارہ آپ سے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم ناراض ہوئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم چلے یہاں تک کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس غصہ کی حالت میں آئے۔ آپ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے غصہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ پر دیکھا۔ میں نے عرض کی: کس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ناراض کیا ہے اللہ اس سے ناراض ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے غصہ کیوں نہ آئے کہ میں نے ان کو علانیہ حکم دیا پس وہ اتباع نہیں کرتے۔

**1669** - حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مِرْدَاسٍ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ أَبِي بَلْجٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ الْعَبْدِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ فَتَصَافَحَا وَحَمِدَا اللَّهَ وَاسْتَغْفَرَاهُ غُفِرَ لَهُمَا

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب دو مسلمان ملاقات کرتے ہیں دونوں مصافحہ کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی حمد کرتے ہیں اور دونوں بخشش طلب کرتے ہیں ان دونوں کو بخش دیا جاتا ہے۔

---

**1668**- أخرجه البخاري في الصوم' باب: تعجيل الافطار . وأحمد جلد4صفحه286 . وابن ماجه في المناسك' باب: فسخ الحج . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه233 للمصنف .

**1669**- أخرجه أبو داؤد في الأدب' باب: في المصافحة . وأحمد جلد4صفحه289 و303 . والترمذي في الاستئذان' باب: ما جاء في المصافحة . وابن ماجه في الأدب' باب: المصافحة .

Marfat.com

**1670** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَطَّابِ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: قَنَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةِ الْمَغْرِبِ وَالْغَدَاةِ، قَالَ عَمْرٌو: فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِإِبْرَاهِيمَ فَغَضِبَ، وَقَالَ: إِنَّهُ كَانَ صَاحِبَ أَمْرٍ، يَعْنِي ابْنَ أَبِي لَيْلَى

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مغرب اور فجر میں دعا قنوت پڑھی۔ حضرت عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اس بات کا ذکر حضرت ابراہیم کے سامنے کیا تو وہ ناراض ہوئے اور انہوں نے کہا: آپ صاحب امر آدمی ہیں یعنی ابن ابی لیلیٰ۔

**1671** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ دِينَارٍ، حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ سَلَامٍ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ حَبِيبٍ الزَّيَّاتِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ السَّبِيعِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَسْمَعَ الْعَوَاتِقَ فِي بُيُوتِهَا، أَوْ قَالَ: فِي خُدُورِهَا، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ مَنْ آمَنَ بِلِسَانِهِ، لَا تَغْتَابُوا الْمُسْلِمِينَ وَلَا تَتَّبِعُوا عَوْرَاتِهِمْ، فَإِنَّهُ مَنْ تَتَبَّعَ عَوْرَةَ أَخِيهِ تَتَبَّعَ اللَّهُ عَوْرَتَهُ، وَمَنْ تَتَبَّعِ اللَّهُ عَوْرَتَهُ يَفْضَحْهُ فِي جَوْفِ بَيْتِهِ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو خطبہ دیا یہاں تک کہ جوان عورتوں نے اپنے گھروں میں یا پردہ میں سے سنا' فرمایا: اے گروہ! جو اپنی زبان سے ایمان لائے وہ اپنے دل سے ایمان داخل' مسلمانوں کی غیبت نہ کرے اور مسلمانوں کے عیب تلاش نہ کرے' جو اپنے بھائی کے عیب تلاش کرتا ہے' اللہ اس کی عیب تلاش کرتا ہے اور جس کے عیب اللہ تلاش کرتا ہے اللہ اس کو گھر کے اندر رسوا کرے گا۔

**1672** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ

حضرت محارب بن دثار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

---

**1670**- أخرجه مسلم فى المساجد' باب: استحباب القنوت فى جميع الصلوات . وأحمد جلد **1** صفحه **302-303** وجلد **4** صفحه **280-299** . والنسائى فى الافتتاح' باب: القنوت فى صلاة المغرب . وأبو داؤد فى الصلاة' باب: القنوت فى الصلوات . والترمذى فى الصلاة' باب: ما جاء فى القنوت فى صلاة الفجر . والدارمى فى الصلاة' باب: القنوت بعد الركوع . والبيهقى فى الصلاة' باب: القنوت فى الصلوات عند نزول نازلة . والبخارى فى الوتر' باب: القنوت قبل الركوع .

**1671**- أخرجه أحمد جلد **4** صفحه **421-424** . وأبى داؤد فى الأدب' باب: فى الغيبة . وعزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **93** للمصنف .

**1672**- أخرجه مسلم فى الصلاة' باب: متابعة الامام والعمل بعده . والبيهقى فى الصلاة' باب: يركع بركوع الامام .

Marfat.com

سَهْمٍ الْأَنْطَاكِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ أَبِي اِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ، أَنَّهُ حَدَّثَهُ مُحَارِبُ بْنُ دِثَارٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ يَقُولُ عَلَى الْمِنْبَرِ: حَدَّثَنَا الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ، أَنَّهُمْ كَانُوا يُصَلُّونَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا رَكَعَ رَكَعُوا، وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ، فَقَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، لَمْ نَزَلْ قِيَامًا حَتَّى نَرَاهُ قَدْ وَضَعَ

نے عبداللہ بن یزید سے سنا کہ آپ منبر پر ارشاد فرما رہے تھے کہ ہم کو حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتے رہتے تھے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کیا تو انہوں نے بھی رکوع کیا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع سے سر اٹھایا تو آپ نے بھی سمع اللہ لمن حمدہ آپ مسلسل قیام کی حالت میں رہے یہاں تک کہ ہم نے خیال کیا آپ نے سجدہ کر لیا ہے۔

**1673** - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنِ الْعَوَّامِ، أَخْبَرَنِي عَزْرَةُ بْنُ الْحَارِثِ الشَّيْبَانِيُّ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: كُنَّا إِذَا صَلَّيْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَفَعْنَا رُءُوسَنَا مِنَ الرُّكُوعِ، قُمْنَا صُفُوفًا حَتَّى يَسْجُدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا سَجَدَ تَبِعْنَاهُ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی ہم نے اپنے سر رکوع سے بلند کیے ہم کھڑے ہوئے یہاں تک کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کی۔

**1674** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، عَنْ أَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا لَقِيَ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حنین کے دن مشرکین سے آمنا سامنا کیا تو آپ خچر سے نیچے اترے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کنگی کی۔

---

وأبو داؤد في الصلاة' باب: ما يؤمر به المأموم من اتباع الامام ـ والنسائي في الامامة' باب: مبادرة الامام ـ والترمذي في الصلاة' باب: في كراهية أن يبادر الامام بالركوع والسجود ـ وأحمد جلد 4 صفحه 284-286 ـ والبخاري في الأذان' باب: متى يسجد من خلف الامام' وباب: رفع البصر الى الامام في الصلاة' وباب: السجود على سبعة اعظم ـ

**1673**- أخرجه أحمد جلد 4 صفحه 292 ـ والبخاري في الآذان' باب: رفع البصر الى الامام في الصلاة ـ

**1674**- أخرجه أبو داؤد في الجهاد' باب: في الرجل يترجل عند اللقاء ـ وأحمد جلد 4 صفحه 281,280 ـ والبخاري في الجهاد' باب: من صف أصحابه عند الهزيمة ونزل عن دابته' وباب: خذها وأنا ابن فلان ـ ومسلم في الجهاد' باب: في غزوة حنين ـ والترمذي في الجهاد' باب: ما جاء في الثبات عند القتال ـ

Marfat.com

الْمُشْرِكِينَ يَوْمَ حُنَيْنٍ نَزَلَ عَنْ بَغْلَتِهِ فَتَرَجَّلَ

**1675** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي لَيْلَى، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عَازِبٍ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلُهُ عَنْ مَوَاقِيتِ الصَّلَاةِ فَأَمَرَ بِلَالًا، فَقَدَّمَ وَأَخَّرَ، وَقَالَ: الْوَقْتُ مَا بَيْنَهُمَا

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا۔ آپ ﷺ سے نماز کے اوقات کے متعلق پوچھا۔ آپ ﷺ نے بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا: آگے بڑھ اور پیچھے ہو! اور فرمایا: ان دونوں کے درمیان نماز کا وقت ہے۔

**1676** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا بَهْزٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، أَخْبَرَنِي الْحَكَمُ بْنُ عُتَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي لَيْلَى يُحَدِّثُ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: كَانَ رُكُوعُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ، وَإِذَا سَجَدَ وَبَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ قَرِيبًا مِنَ السَّوَاءِ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ رکوع کرتے تھے۔ جب ایک رکوع سے سر اٹھاتے جب آپ ﷺ سجدہ کرتے اور دو سجدوں کر درمیان تقریباً برابری ہوتی تھی۔

**1677** - وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ أَبِي لَيْلَى يُحَدِّثُ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: كَانَتْ صَلَاةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَكَعَ، وَإِذَا رَفَعَ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ رکوع کرتے تھے۔ جب ایک رکوع سے سر اٹھاتے جب آپ ﷺ سجدہ کرتے اور دو سجدوں کر درمیان تقریباً برابری ہوتی تھی۔

---

**1675**- عزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد1صفحه304 للمصنف .

**1676**- أخرجه أحمد جلد 4صفحه280-285 . والبخارى فى الأذان' باب: حد اتمام الركوع والاعتدال فيه والاطمأنينة' وباب: الاطمأنينة حين يرفع رأسه من الركوع' وباب: المكث بين السجدتين . ومسلم فى الصلاة' باب: اعتدال أركان الصلاة وتخفيفها فى تمام . وأبو داؤد فى الصلاة' باب: طول القيام من الركوع . والترمذى فى الصلاة' باب: اقامة الصلب اذا رفع رأسه من الركوع والسجود . والنسائى فى الافتتاح' باب: قدر القيام بين الرفع والسجود . والدارمى فى الصلاة' باب: قدركم كان يمكث النبى صلى الله عليه وسلم بعد ما يرفع رأسه . والبيهقى فى الصلاة' باب: ما يستحب من أن يكون مكث المصلى فى هذه الأركان قريبًا من السواء .

**1677**- أخرجه البيهقى فى الصلاة' باب: ما يستحب من أن يكون مكث المصلى فى هذه الأركان قريبًا من السواء .

Marfat.com

رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ، وَإِذَا سَجَدَ، وَإِذَا رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ السَّجْدَتَيْنِ قَرِيبًا مِنَ السَّوَاءِ

**1678** - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ يَعْنِي ابْنَ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ أَنَّهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اضْطَجَعَ لِيَنَامَ وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنَى تَحْتَ خَدِّهِ الْأَيْمَنِ وَقَالَ: اللَّهُمَّ قِنِي عَذَابَكَ يَوْمَ تَجْمَعُ عِبَادَكَ،

حضرت ابوعبیدہ اپنے والد حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سونے کے لیے جب لیٹتے تھے تو اپنے دائیں ہاتھ کو دائیں رخسار کے نیچے رکھتے تھے اور یہ دعا پڑھتے تھے: اے اللہ! اپنے عذاب سے بچا اس دن جس دن تُو اپنے بندوں کو جمع کرے گا۔

**1679** - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ أَبِي: حَدَّثَنَا الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ، غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ: يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ

حضرت ابی فرماتے ہیں کہ ہم کو حضرت براء رضی اللہ عنہ نے بیان کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی مثل، مگر ان کی حدیث میں یہ جملہ ہے: جس دن تُو اپنے بندوں کو اٹھائے گا۔

**1680** - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَرْعَرَةَ بْنِ الْبِرِنْدِ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبَانَ، حَدَّثَنِي مَسْعُودُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَقٌّ عَلَى الْمُسْلِمِينَ أَنْ يَغْتَسِلُوا يَوْمَ الْجُمُعَةِ

حضرت براء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں پر جمعہ کے دن غسل کرنا ضروری ہے۔

**1681** - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، حَدَّثَنَا

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

---

**1678**- أخرجه أحمد جلد**1**صفحه**394-400**' وابن ماجه في الدعاء' باب: ما يدعو اذا أوى الى فراشه .

**1679**- أخرجه مسلم في المسافرين' باب: استحباب يمين الامام . والترمذي في الدعوات' باب: الأدعية عند النوم .

**1680**- انظر تخريج الحديث رقم: **1655** .

**1681**- أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**303** . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**6**صفحه**130-131** . لأحمد .

Marfat.com

خَالِدٌ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ مَيْمُونٍ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَفْرِ الْخَنْدَقِ قَالَ: عَرَضَ لَنَا صَخْرَةٌ لَا تَأْخُذُ فِيهَا الْمَعَاوِلُ فَشَكَوْا ذَلِكَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَأَخَذَ الْمِعْوَلَ، قَالَ: وَأَحْسَبُهُ، قَالَ: وَضَعَ ثَوْبَهُ فَضَرَبَ ضَرْبَةً، وَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ، فَكَسَرَ ثُلُثَ الصَّخْرَةِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، أُعْطِيتُ مَفَاتِيحَ الشَّامِ، إِنِّي لَأَنْظُرُ إِلَى قُصُورِهَا الْحُمْرِ مِنْ مَكَانِي هَذَا، ثُمَّ قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ، وَضَرَبَ أُخْرَى فَكَسَرَ ثُلُثَهَا، وَقَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، أُعْطِيتُ مَفَاتِيحَ فَارِسَ، وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَنْظُرُ إِلَى الْمَدَائِنِ وَقَصْرِهَا الْأَبْيَضِ مِنْ مَكَانِي هَذَا، ثُمَّ قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ، وَضَرَبَ أُخْرَى فَكَسَرَ بَقِيَّةَ الْحَجَرِ، وَقَالَ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، أُعْطِيتُ مَفَاتِيحَ الْيَمَنِ، وَاللّٰهِ إِنِّي لَأَنْظُرُ إِلَى مَفَاتِيحِ صَنْعَاءَ مِنْ مَكَانِي هَذَا

خندق کھودنے کا حکم دیا۔ ہمارے سامنے ایک پتھر آیا اس پر ہتھوڑا اثر نہیں کر رہا تھا۔ یہ معاملہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں پیش کیا گیا۔ آپ ﷺ نے ہتھوڑا پکڑا اور کپڑے کو رکھا اس پر ضرب لگائی اور پڑھا: بسم اللہ! وہ ایک تہائی ٹوٹ گیا۔ پھر فرمایا: اللہ اکبر! مجھے ملک شام کی چابیاں دے دی گئی ہیں۔ میں اس جگہ سے شام کے سرخ محلات دیکھ رہا ہوں' پھر فرمایا: بسم اللہ! دوسری ضرب لگائی۔ دو تہائی ٹوٹ گیا اور فرمایا: اللہ اکبر! مجھے فارس کی چابیاں دی گئی ہیں' اللہ کی قسم! اس جگہ پہ میں مدائن شہر کے سفید محلات دیکھ رہا ہوں پھر فرمایا: بسم اللہ تیسری ضرب لگائی پتھر کا بقیہ حصہ ٹوٹ گیا، فرمایا: اللہ اکبر مجھے یمن کی چابیاں دی گئی ہیں اللہ کی قسم! میں اس جگہ سے صنعاء شہر کی چابیاں دیکھ رہا ہوں۔

**1682** - حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مِرْدَاسٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عُتْبَةَ بْنِ أَبِي حَكِيمٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْسَجَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: زَيِّنُوا الْقُرْآنَ بِأَصْوَاتِكُمْ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن کو خوبصورت آوازوں کے ساتھ مزین کرو۔

**1683** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا أَبُو

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

**1682**- اخرجه أحمد جلد **4** صفحه **283-285** . وأبو داؤد فى الصلاة' باب: استحباب الترتيل فى القرأة . والنسائى فى الصلاة' باب: تزيين القرآن بأصواتكم . وابن ماجه فى الاقامة' باب: فى حسن الصوت بالقرآن . والدارمى فى فضائل القرآن' باب: التغنى بالقرآن .

Marfat.com

مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا قَنَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْسَجَةَ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفْشُوا السَّلَامَ تَسْلَمُوا، وَالْأَشَرَةُ شَرٌّ، قَالَ أَبُو مُعَاوِيَةَ: يَعْنِي: كَثْرَةَ الْعَبَثِ

حضور ﷺ نے فرمایا: سلام عام کرو سلامتی والے ہو جاؤ گے، زیادہ کھیل برا ہے۔ حضرت ابومعاویہ فرماتے ہیں: اثرہ سے مراد زیادہ کھیلنا ہے۔

**1684** - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَلِيٍّ صَالِحُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ لِلْمَدِينَةِ يَثْرِبَ فَلْيَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: جس نے مدینہ شریف کو یثرب کہا اللہ سے بخشش طلب کرے۔

**1685** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، وَعِيسَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْبَرَاءِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ رَفَعَ يَدَيْهِ، ثُمَّ لَا يَرْفَعُ حَتَّى يَنْصَرِفَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب نماز شروع کرتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو بلند کرتے تھے پھر ہاتھ بلند نہیں کرتے تھے یہاں تک کہ نماز سے فارغ ہو جاتے تھے۔

**1686** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ رَفَعَ يَدَيْهِ نَحْوَ رَأْسِهِ، ثُمَّ لَا يَعُودُ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب نماز شروع کرتے تو اپنے دونوں ہاتھ سر تک بلند کرتے، پھر دوبارہ ہاتھ نہیں اُٹھاتے تھے۔

**1687** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ،

حضرت برا بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

---

**1684**- أخرجه أحمد جلد**4**صفحه**295** . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**300** للمصنف .

**1685**- أخرجه أبو داؤد في الصلاة' باب: من لم يذكر الرفع عند الركوع .

**1686**- انظر تخريج الحديث رقم: **1685/1654** .

**1687**- انظر تخريج الحديث رقم: **1685/1654** .

Marfat.com

عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ افْتَتَحَ الصَّلَاةَ كَبَّرَ، وَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتَّى كَادَتَا تُحَاذِيَانِ أُذُنَيْهِ، ثُمَّ لَمْ يَعُدْ

نے حضور انور ﷺ کو دیکھا جس وقت نماز شروع کرتے تھے آپ ﷺ اللہ اکبر کہتے اور دونوں ہاتھوں کو اٹھاتے۔ یہاں تک کہ دونوں کانوں کی لوتک کے برابر ہو جاتا تھا پھر رفع یدین نہیں کرتے تھے۔

**1688** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ، قَالَ: سَمِعْتُ يَزِيدَ بْنَ أَبِي زِيَادٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَفَعَ يَدَيْهِ حِينَ اسْتَقْبَلَ الصَّلَاةَ حَتَّى رَأَيْتُ إِبْهَامَيْهِ قَرِيبًا مِنْ أُذُنَيْهِ، ثُمَّ لَمْ يَرْفَعْهُمَا

حضرت برا بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور انور ﷺ کو دیکھا جس وقت نماز شروع کرتے تھے آپ ﷺ اللہ اکبر کہتے اور دونوں ہاتھوں کو اٹھاتے۔ یہاں تک کہ دونوں کانوں کی لوتک کے برابر ہو جاتا تھا پھر رفع یدین نہیں کرتے تھے۔

**1689** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا حُدَيْجُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمْسَ عَشْرَةَ غَزْوَةً قَالَ: وَسَمِعْتُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ يَقُولُ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کے ساتھ پندرہ غزوات میں شرکت کی۔ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کے ساتھ دس سے اوپر غزوات میں شمولیت کی۔

**1690** - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: عَرَضْتُ يَوْمَ بَدْرٍ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا وَابْنُ عُمَرَ، فَاسْتَصْغَرَنَا، وَشَهِدْنَا يَوْمَ أُحُدٍ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور ابن عمر رضی اللہ عنہ غزوہ بدر کے دن پیش ہوئے تھے ہم کو چھوٹے ہونے کی وجہ سے شریک نہیں کیا اور احد کے دن شریک ہوئے تھے۔

---

**1688**- انظر تخريج الحديث رقم: **1685/1654** .

**1689**- أخرجه أحمد جلد **4** صفحه **290-292** . والبخارى فى المغازى' باب: كم غزا النبى صلى الله عليه وسلم .
وعزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **9** صفحه **382** للمصنف .

**1690**- أخرجه أحمد جلد **4** صفحه **298** . والبخارى فى المغازى' باب: عدة أصحاب بدر .

Marfat.com

**1691** - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ فِرَاسٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ: تُوُفِّيَ إِبْرَاهِيمُ ابْنُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ ابْنُ سِتَّةَ عَشَرَ شَهْرًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ادْفِنُوهُ بِالْبَقِيعِ، فَإِنَّ لَهُ مُرْضِعًا تُتِمُّ رَضَاعَهُ فِي الْجَنَّةِ

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم بن نبی ﷺ فوت ہوئے وہ سولہ ماہ کے تھے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو جنت البقیع میں دفن کرو۔ بے شک اس کی مدتِ رضاعت جنت میں مکمل کی جائے گی۔

**1692** - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ، وَكَانَ غَيْرَ كَذُوبٍ قَالَ: كُنَّا نُصَلِّي خَلْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، لَمْ يَحْنِ أَحَدٌ مِنَّا ظَهْرَهُ حَتَّى يَضَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَبْهَتَهُ إِلَى الْأَرْضِ، فَإِذَا وَضَعَ جَبْهَتَهُ إِلَى الْأَرْضِ خَرَرْنَا سُجُودًا

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ (آپ غیر کذاب ہیں) ہم نے حضور ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی۔ جب آپ ﷺ نے سمع اللہ لمن حمدہ کہا ہم میں سے کسی نے بھی اپنی پشت سیدھی نہیں کی یہاں تک آپ نے اپنی پیشانی زمین پر رکھ لی۔ جب آپ نے اپنی پیشانی زمین پر رکھی ہم سجدہ میں گر گئے۔

بچوں کو ذبح نہیں کیا جاتا تھا' سو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی امی جان نے اُن کو پورے امن کے ساتھ علی الاعلان جنم دیا۔ سو جب اگلا سال آیا تو آپ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے حاملہ تھیں اُن کے دل میں غم واندوہ تھا۔ اس کا تعلق فتون سے ہے۔ اے جبیر کے بیٹے! جو اس میں سے آپ کی ماں کے دل میں داخل ہوا' اُس میں سے جو مراد لیا جاتا ہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے اُن کی طرف وحی فرمائی: ''ڈریں مت اور غم نہ کھائیں' بے شک ہم اُنہیں تیری طرف لوٹا دیں گے اور ہم اسے رسولوں میں سے بنانے والے ہیں''۔ اور اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کو حکم ارشاد فرمایا کہ جب اسے جنم دے لو تو اسے ایک تابوت میں رکھ کر سمندر کی لہروں کے حوالے کر دو۔ سو جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پیدائش ہوئی تو آپ کی والدہ نے ایسا ہی کیا' پس جب اُن کی آنکھوں سے اُن کا بیٹا اوجھل ہو گیا تو اُن کے پاس شیطان آ گیا' سو اُنہوں نے دل ہی دل میں کہا: میں نے اپنے بیٹے سے کیا کیا! اگر اسے میرے سامنے ذبح کر دیا جاتا تو سو میں خود اُسے اپنی مرضی سے اپنی آنکھوں سے اوجھل کرتی اور اسے کفن دیتی تو یہ بہتر تھا بہ نسبت اس کے کہ میں نے اپنے ہاتھوں سے اُسے سمندر کی لہروں کے حوالے کر دیا۔ سو پانی کی لہریں آپ کو بہا کر لے گئیں یہاں تک کہ اور مچھلیوں کا پانی آپ کو اس مقام تک لے گیا جہاں سے فرعون کی بیوی کی لونڈیاں پانی بھرتی تھیں۔ سو جب اُنہوں نے آپ کو دیکھا تو صندوق کو پکڑ لیا' سو اُنہوں

Marfat.com

وَاطْلُبِيهِ، هَلْ تَسْمَعِينَ لَهُ ذِكْرًا؟ أَحَيٌّ ابْنِي أَمْ قَدْ أَكَلَتْهُ الدَّوَابُّ، وَنَسِيَتْ مَا كَانَ اللّٰهُ وَعَدَهَا فِيهِ، فَبَصُرَتْ بِهِ أُخْتُهُ، عَنْ جُنُبٍ وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ - وَالْجُنُبُ أَنْ يَسْمُوَ بَصَرُ الْإِنْسَانِ إِلَى الشَّيْءِ الْبَعِيدِ وَهُوَ إِلَى جَنْبِهِ لَا يَشْعُرُ بِهِ - فَقَالَتْ مِنَ الْفَرَحِ حِينَ أَعْيَاهُمُ الظُّؤَارُ: أَنَا أَدُلُّكُمْ عَلَى أَهْلِ بَيْتٍ يَكْفُلُونَهُ لَكُمْ وَهُمْ لَهُ نَاصِحُونَ، فَأَخَذُوهَا فَقَالُوا: مَا يُدْرِيكِ مَا نُصْحُهُمْ لَهُ؟ هَلْ تَعْرِفُونَهُ؟ حَتَّى شَكُّوا فِي ذَلِكَ - وَذَلِكَ مِنَ الْفُتُونِ يَا ابْنَ جُبَيْرٍ - فَقَالَتْ: نَصِيحَتُهُمْ لَهُ وَشَفَقَتُهُمْ عَلَيْهِ رَغْبَةً فِي صِهْرِ الْمَلِكِ وَرَجَاءَ مَنْفَعَتِهِ، فَأَرْسَلُوهَا، فَانْطَلَقَتْ إِلَى أُمِّهَا فَأَخْبَرَتْهَا الْخَبَرَ، فَجَاءَتْ أُمُّهُ، فَلَمَّا وَضَعَتْهُ فِي حِجْرِهَا نَزَا إِلَى ثَدْيِهَا فَمَصَّهُ حَتَّى امْتَلَأَ جَنْبَاهُ رِيًّا وَانْطَلَقَ الْبَشِيرُ إِلَى امْرَأَةِ فِرْعَوْنَ يُبَشِّرُهَا أَنْ قَدْ وَجَدْنَا لِابْنِكِ ظِئْرًا، فَأَرْسَلَتْ إِلَيْهَا، فَأُتِيَتْ بِهَا وَبِهِ، فَلَمَّا رَأَتْ مَا يَصْنَعُ بِهَا، قَالَتْ لَهَا: امْكُثِي عِنْدِي تُرْضِعِينَ ابْنِي هَذَا، فَإِنِّي لَمْ أُحِبَّ حُبَّهُ شَيْئًا قَطُّ، فَقَالَتْ أُمُّ مُوسَى: لَا أَسْتَطِيعُ أَنْ أَدَعَ بَيْتِي وَوَلَدِي فَيَضِيعُ، فَإِنْ طَابَتْ نَفْسُكِ أَنْ تُعْطِينِيهِ فَأَذْهَبَ بِهِ إِلَى بَيْتِي فَيَكُونَ مَعِي لَا آلُوهُ خَيْرًا، وَإِلَّا فَإِنِّي غَيْرُ تَارِكَةٍ بَيْتِي وَوَلَدِي، وَذَكَرَتْ أُمُّ مُوسَى مَا كَانَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَعَدَهَا، فَتَعَاسَرَتْ عَلَى امْرَأَةِ فِرْعَوْنَ وَأَيْقَنَتْ أَنَّ اللّٰهَ مُنْجِزٌ وَعْدَهُ، فَرَجَعَتْ إِلَى بَيْتِهَا بِابْنِهَا، فَأَصْبَحَ أَهْلُ الْقَرْيَةِ

نے کھولنے کا ارادہ کیا لیکن اُن میں سے بعض نے کہا: اس میں مال ہوگا اور اگر ہم نے اسے کھول دیا تو جو کچھ ہم نے اس سے پایا تو بادشاہ کی بیوی ہماری بات کی تصدیق نہیں کرے گی۔ اُنہوں نے اسی طرح اس کو پکڑ کر بڑے آرام سے اُٹھا لیا اور بڑے سکون سے فرعون کی بیوی کے پاس لے گئیں' جب بادشاہ کی بیوی نے اُسے کھولا تو اس میں دیکھا کہ ایک خوبصورت بچہ ہے' سو وہ دیکھ کر فریفتہ ہوگئی اور ایسی فریفتہ ہوئی کہ آج تک وہ کسی مرد بشر پر کبھی ایسے فریفتہ نہ ہوئی تھی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا دل ہر وقت ذکرِ موسیٰ میں مشغول رہنے لگا۔ سو جب یہ بات بچے کے ذبح کرنے والوں تک پہنچی تو دوڑتے ہوئے آ گئے اس حال میں کہ چھریاں اُٹھائے ہوئے تھے' سیدھے فرعون کی بیوی کے پاس تاکہ اس بچے کو ذبح کریں۔ اے ابن جبیر! یہ فتون سے ہے۔ فرعون کی بیوی نے اُن سے کہا: اسے چھوڑ دو کیونکہ یہ ایک بچہ ہے' یہ بنی اسرائیل میں کیا اضافہ کر سکے گا یہاں تک کہ میں فرعون سے جا کر یہ بچہ مانگتی ہوں' اگر اُس نے مجھے ہبہ کر دیا تو تمہارا احسان و انعام ہوگا اور اگر اس نے اس کے ذبح کرنے کا حکم دے دیا تو میں تمہیں ملامت نہ کروں گی۔ سو فرعون کی بیوی آپ علیہ السلام کو اُٹھا کر فرعون کے پاس آئی اور کہا: یہ میری بھی آنکھوں کی ٹھنڈک ہے اور تیری آنکھوں کی بھی ٹھنڈک ہے۔ فرعون نے کہا: بس تیرے لیے ہے! باقی رہا میرا معاملہ تو مجھے اس کی کوئی ضرورت نہیں۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

مُجْتَمِعِينَ يَمْتَنِعُونَ مِنَ السُّخْرَةِ وَالظُّلْمِ مَا كَانَ فِيهِمْ، قَالَ: فَلَمَّا تَرَعْرَعَ، قَالَتِ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ لِأُمِّ مُوسَى: أُرِيدُ أَنْ تُرِينِي ابْنِي، فَوَعَدَتْهَا يَوْمًا تُرِيهَا إِيَّاهُ، فَقَالَتِ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ لِخُزَّانِهَا وَقَهَارِمَتِهَا وَظُئُورَتِهَا: لَا يَبْقَيَنَّ أَحَدٌ مِنْكُمْ إِلَّا اسْتَقْبَلَ ابْنِي الْيَوْمَ بِهَدِيَّةٍ وَكَرَامَةٍ لِأَرَى ذَلِكَ فِيهِ، وَأَنَا بَاعِثَةٌ أَمِينًا يُحْصِي كُلَّ مَا يَصْنَعُ كُلُّ إِنْسَانٍ مِنْكُمْ، فَلَمْ تَزَلِ الْهَدَايَا وَالْكَرَامَةُ وَالنِّحَلُ تَسْتَقْبِلُهُ مِنْ حِينِ خَرَجَ مِنْ بَيْتِ أُمِّهِ إِلَى أَنْ أُدْخِلَ عَلَى امْرَأَةِ فِرْعَوْنَ، فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهَا بَجَّلَتْهُ وَأَكْرَمَتْهُ وَفَرِحَتْ بِهِ وَأَعْجَبَهَا، وَبَجَّلَتْ أُمَّهُ بِحُسْنِ أَثَرِهَا عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَتْ: لَآتِيَنَّ بِهِ فِرْعَوْنَ فَلَيُبَجِّلَنَّهُ وَلَيُكْرِمَنَّهُ، فَلَمَّا دَخَلَتْ بِهِ عَلَيْهِ جَعَلَتْهُ فِي حِجْرِهِ، فَتَنَاوَلَ مُوسَى لِحْيَةَ فِرْعَوْنَ فَمَدَّهَا إِلَى الْأَرْضِ، فَقَالَ الْغُوَاةُ أَعْدَاءُ اللَّهِ لِفِرْعَوْنَ: أَلَا تَرَى إِلَى مَا وَعَدَ اللَّهُ إِبْرَاهِيمَ نَبِيَّهُ أَنَّهُ يَرُبُّكَ وَيَعْلُوكَ وَيَصْرَعُكَ؟ فَأَرْسَلَ إِلَى الذَّبَّاحِينَ لِيَذْبَحُوهُ- وَذَلِكَ مِنَ الْفُتُونِ يَا ابْنَ جُبَيْرٍ- بَعْدَ كُلِّ بَلَاءٍ ابْتُلِيَ، وَأُرِيكَ بِهِ فُتُونًا فَجَاءَتِ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ تَسْعَى إِلَى فِرْعَوْنَ، فَقَالَتْ: مَا بَدَا لَكَ فِي هَذَا الْغُلَامِ الَّذِي وَهَبْتَهُ لِي؟ قَالَ: تَرَيْنَهُ يَزْعُمُ أَنَّهُ يَصْرَعُنِي وَيَعْلُونِي، قَالَتِ: اجْعَلْ بَيْنِي وَبَيْنَكَ أَمْرًا تَعْرِفُ الْحَقَّ فِيهِ ائْتِ بِجَمْرَتَيْنِ وَلُؤْلُؤَتَيْنِ فَقَرِّبْهُنَّ إِلَيْهِ، فَإِنْ بَطَشَ بِاللُّؤْلُؤَتَيْنِ وَاجْتَنَبَ الْجَمْرَتَيْنِ عَرَفْتَ أَنَّهُ يَعْقِلُ، وَإِنْ تَنَاوَلَ

نے فرمایا: قسم ہے اُس ذات کی جس ذات کی میں قسم اُٹھا سکتا ہوں! اگر فرعون بھی اقرار کر لیتا کہ وہ اس کی بھی آنکھوں کی ٹھنڈک ہے جس طرح اس کی بیوی نے اقرار کیا تو اللہ تعالیٰ اُسے بھی ہدایت عطا فرما دیتا' جیسے اُس کی بیوی کو ہدایت عنایت فرمائی' لیکن وہ اس سے محروم رہا۔ فرعون کی بیوی نے قاصد بھیج دیئے کہ آس پاس جو دودھ والی عورتیں ہیں' آ جائیں تا کہ اس کے لیے دایہ مقرر کی جائے' سو جب بھی کوئی دودھ والی عورت آپ علیہ السلام کو دودھ پلانا چاہتی تو آپ اس کے پستانوں کو قبول نہ فرماتے یہاں تک کہ فرعون کی بیوی کو اس بات نے خوف میں مبتلا کر دیا کہ اگر اسی طرح اس نے کسی عورت کا دودھ نہ پیا تو موت کا شکار ہو جائے گا۔ اس بات نے اُسے بہت پریشان کر دیا' آپ علیہ السلام کو بازار کی طرف لایا گیا اور مجمع عام میں تا کہ آپ کے لیے کوئی دایہ مل جائے۔ سو آپ نے کسی کو قبول نہ فرمایا' حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے صبح انتہائی گھبراہٹ کی حالت میں کی' سو آپ کی بہن نے کہا: اس کے پیچھے چلی جا! اس کے آثار دیکھ اور اسے تلاش کر کہ کیا کہیں کوئی اُس کی شنید ہے؟ کیا میرا بیٹا زندہ ہے یا اُسے دریائی جانور کھا گئے ہیں؟ (غلبۂ محبت ولد میں اس وقت) وہ وعدۂ خداوندی بھول چکی تھیں۔ سو آپ کی بہن نے آس پاس اس انداز میں دیکھا کہ لوگوں کو محسوس نہ ہو۔ جُنُب (دور) کا معنی ہوتا ہے کہ آدمی کی آنکھ دور کی کسی چیز کی طرف اُٹھی ہوئی ہو اور وہ بظاہر اپنے قریب پہلو میں

Marfat.com

الْجَمْرَتَيْنِ وَلَمْ يُرِدِ اللُّؤْلُؤَتَيْنِ عَلِمْتَ أَنَّ أَحَدًا لَا يُؤْثِرُ الْجَمْرَتَيْنِ عَلَى اللُّؤْلُؤَتَيْنِ وَهُوَ يَعْقِلُ، فَقَرَّبَ ذَلِكَ، فَتَنَاوَلَ الْجَمْرَتَيْنِ فَانْتَزَعُوهُمَا مِنْ يَدِهِ مَخَافَةَ أَنْ تَحْرِقَاهُ، فَقَالَتِ الْمَرْأَةُ: أَلَا تَرَى؟ فَصَرَفَهُ اللّٰهُ عَنْهُ بَعْدَمَا كَانَ قَدْ هَمَّ بِهِ، كَانَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بَالِغًا فِيهِ أَمْرَهُ، فَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَكَانَ مِنَ الرِّجَالِ لَمْ يَكُنْ أُحَدٌ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَخْلُصُ إِلَى أَحَدٍ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ مَعَهُ بِظُلْمٍ وَلَا سُخْرَةٍ حَتَّى امْتَنَعُوا كُلَّ الِامْتِنَاعِ فَبَيْنَمَا مُوسَى فِي نَاحِيَةِ الْمَدِينَةِ إِذَا هُوَ بِرَجُلَيْنِ يَقْتَتِلَانِ أَحَدُهُمَا فِرْعَوْنِيٌّ وَالْآخَرُ إِسْرَائِيلِيٌّ، فَاسْتَغَاثَهُ الْإِسْرَائِيلِيُّ عَلَى الْفِرْعَوْنِيِّ، فَغَضِبَ مُوسَى غَضَبًا شَدِيدًا لِأَنَّهُ تَنَاوَلَهُ وَهُوَ يَعْلَمُ مَنْزِلَةَ مُوسَى مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَحِفْظَهُ لَهُمْ لَا يَعْلَمُ النَّاسُ أَنَّمَا ذَلِكَ مِنَ الرَّضَاعِ إِلَّا أُمُّ مُوسَى، إِلَّا أَنْ يَكُونَ اللّٰهُ أَطْلَعَ مُوسَى مِنْ ذَلِكَ عَلَى مَا لَمْ يُطْلِعْ عَلَيْهِ غَيْرَهُ، فَوَكَزَ مُوسَى الْفِرْعَوْنِيَّ فَقَتَلَهُ وَلَيْسَ يَرَاهُمَا أَحَدٌ إِلَّا اللّٰهُ وَالْإِسْرَائِيلِيُّ، فَقَالَ مُوسَى حِينَ قَتَلَ الرَّجُلَ: (هَذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ عَدُوٌّ مُضِلٌّ مُبِينٌ) (القصص: 15) ثُمَّ قَالَ: (رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي فَغَفَرَ لَهُ إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ) (القصص: 16) وَأَصْبَحَ فِي الْمَدِينَةِ خَائِفًا يَتَرَقَّبُ الْأَخْبَارَ، فَأُتِيَ فِرْعَوْنُ فَقِيلَ لَهُ: إِنَّ بَنِي إِسْرَائِيلَ قَتَلُوا رَجُلًا مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ فَخُذْ لَنَا حَقَّنَا

محسوس تک نہ کرے (کہ کیا ہو رہا ہے)' سو وہ اُس وقت بہت خوشی سے گویا ہوئیں' جب ساری دائیاں عاجز آ گئیں: میں تمہاری راہنمائی کرتی ہوں ایک ایسے گھر کی طرف جو تمہارے لیے اس کی کفالت کریں گے اور وہ اس کے لیے مخلص ہوں گے۔ سو اُنہوں نے اُسے اپنی تحویل میں لے لیا۔ سو اُنہوں نے کہا: تجھے کیا معلوم کہ اس کے لیے کون مخلص ہے؟ کیا تُو ان کو جانتی ہے؟ یہاں تک کہ اُنہوں نے اس میں شک کی نگاہ ڈالی اور اے ابن جبیر! اس کا تعلق بھی فتون سے ہے' تو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہن نے کہا: وہ اس بچے کے لیے اس لیے مخلص ہیں کہ انہیں بادشاہ کے گھر میں دلچسپی ہے اور وہ ان کا نفع چاہتے ہیں۔ سو اُنہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہن کو چھوڑ دیا' سو وہ اپنی ماں کے پاس آئیں اور انہیں آ کر ساری بات بتائی تو آپ علیہ السلام کی ماں آئیں۔ جب اُنہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنی گود میں ڈالا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام آپ کے پستانوں کی طرف متوجہ ہوئے اور چوسنا شروع کر دیا یہاں تک کہ خوب سیر ہو کر پی لیا اور خوشخبری دینے والا' فرعون کی بیوی کی طرف گیا' یہ بشارت دیتے ہوئے کہ ہم نے آپ کے بیٹے کے لیے دایہ تلاش کر لی ہے۔ اس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کی طرف قاصد بھیجا کہ ان کو اور اُن کے بیٹے کو لے آئے۔ سو جب فرعون کی بیوی نے دیکھا کہ اتنی خوشی سے موسیٰ علیہ السلام ان کا دودھ پی رہے ہیں تو آپ کی والدہ سے کہا: میرے پاس ہی ٹھہر جاؤ! میرے اس بیٹے کو

Marfat.com

وَلَا تُـرَخِّـصْ لَهُمْ، فَقَالَ: ابْغُونِي قَاتِلَهُ وَمَنْ يَشْهَدُ عَلَيْهِ، فَإِنَّ الْمَلِكَ وَإِنْ كَانَ صَفْوُهُ مَعَ قَوْمٍ لَا يَسْتَقِيمُ لَهُ أَنْ يُقِيدَ بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ وَلَا ثَبْتٍ، فَاطْلُبُوا إِلَى عِلْمِ ذَلِكَ آخُذْ لَكُمْ بِحَقِّكُمْ فَبَيْنَمَا هُمْ يَطُوفُونَ لَا يَجِدُونَ ثَبْتًا إِذَا مُوسَى قَدْ رَأَى مِنَ الْغَدِ ذَلِكَ الْإِسْرَائِيلِيَّ يُقَاتِلُ رَجُلًا مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ آخَرَ، فَاسْتَغَاثَهُ الْإِسْرَائِيلِيُّ عَلَى الْفِرْعَوْنِيِّ، فَصَادَفَ مُوسَى قَدْ نَدِمَ عَلَى مَا كَانَ مِنْهُ، فَكَرِهَ الَّذِي رَأَى لِغَضَبِ الْإِسْرَائِيلِيِّ وَهُوَ يُرِيدُ أَنْ يَبْطِشَ بِالْفِرْعَوْنِيِّ، فَقَالَ لِلْإِسْرَائِيلِيِّ - لِمَا فَعَلَ أَمْسِ وَالْيَوْمَ - (إِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُبِينٌ) (القصص: 18) فَنَظَرَ الْإِسْرَائِيلِيُّ إِلَى مُوسَى حِينَ قَالَ لَهُ مَا قَالَ فَإِذَا هُوَ غَضْبَانُ كَغَضَبِهِ بِالْأَمْسِ، فَخَافَ أَنْ يَكُونَ إِيَّاهُ أَرَادَ وَمَا أَرَادَ الْفِرْعَوْنِيَّ، وَلَمْ يَكُنْ أَرَادَهُ إِنَّمَا أَرَادَ الْفِرْعَوْنِيَّ فَخَافَ الْإِسْرَائِيلِيُّ فَحَاجَزَ الْفِرْعَوْنِيَّ، وَقَالَ: (يَا مُوسَى أَتُرِيدُ أَنْ تَقْتُلَنِي كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًا بِالْأَمْسِ) (القصص: 19) وَإِنَّمَا قَالَ ذَلِكَ مَخَافَةَ أَنْ يَكُونَ إِيَّاهُ أَرَادَ مُوسَى لِيَقْتُلَهُ، وَتَنَازَعَا وَتَطَاوَعَا، وَانْطَلَقَ الْفِرْعَوْنِيُّ إِلَى قَوْمِهِ فَأَخْبَرَهُمْ بِمَا سَمِعَ مِنَ الْإِسْرَائِيلِيِّ مِنَ الْخَبَرِ حِينَ يَقُولُ: (أَتُرِيدُ أَنْ تَقْتُلَنِي كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًا بِالْأَمْسِ) (القصص: 19) فَأَرْسَلَ فِرْعَوْنُ الذَّبَّاحِينَ لِيَقْتُلُوا مُوسَى، فَأَخَذَ رُسُلُ فِرْعَوْنَ الطَّرِيقَ الْأَعْظَمَ يَمْشُونَ عَلَى هَيْئَتِهِمْ يَطْلُبُونَ لِمُوسَى وَهُمْ لَا

دودھ پلاؤ کیونکہ مجھے جتنا اس سے پیار ہے اتنا کسی چیز سے نہیں ہے۔ سو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے کہا: میں اپنا گھر اور بیٹا (ہارون) نہیں چھوڑ سکتی' اگر میں ایسا کروں تو انہیں ضائع کرنے والی ہوں گی' اگر تجھے یہ بات پسند آئے کہ تُو یہ بچہ مجھے دیدے اور میں اسے اپنے ساتھ گھر لے جاؤں' سو یہ میرے ساتھ ہو گا' میں اس کے ساتھ بھلائی میں زیادہ حریص ہوں گی' ورنہ میں اپنا گھر اور بیٹا چھوڑنے والی نہیں ہوں اور حضرت موسیٰ کی ماں نے اس وعدہ کا بھی تذکرہ کیا جو ان کے خدا نے ان سے فرمایا تھا۔ فرعون کی بیوی پر یہ بات مشکل ہوئی لیکن آپ کی والدہ کو یقین تھا کہ اللہ تعالیٰ اپنا وعدہ ضرور پورا فرمائے گا' سو آپ اپنے بیٹے کو لے کر اپنے گھر واپس آ گئیں۔ سو دیہات والے صبح کے وقت سارے اکٹھے ہوئے لیکن اب مذاق وظلم سے رُکنے والے تھے۔ راوی کا بیان ہے: سو جب آپ پروان چڑھے تو فرعون کی بیوی نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بیوی سے کہا: میری خواہش ہے کہ اب ایک بار آپ میرا بیٹا مجھے دکھائیں تو آپ نے اُس سے وعدہ کیا کہ کسی دن ضرور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زیارت کروائیں گے۔ (اس دوران) فرعون کی بیوی نے اپنے خزانچیوں اور اپنی سب دائیوں کو حکم جاری کیا کہ تم میں سے کوئی بھی میرے بیٹے کا استقبال کرنے سے آج پیچھے نہ رہے' اپنے تحفے لے کر حاضر ہوں اور عزت واحترام سے پیش آئیں' میں اس کو خود ملاحظہ کروں گی اور میں ایک امین مقرر کر رہی ہوں جو تم

Marfat.com

يَخَافُونَ أَنْ يَفُوتَهُمْ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ مِنْ شِيعَةِ مُوسَى مِنْ أَقْصَى الْمَدِينَةِ فَاخْتَصَرَ طَرِيقًا قَرِيبًا حَتَّى يَسْبِقَهُمْ إِلَى مُوسَى فَأَخْبَرَهُ الْخَبَرَ، وَذَلِكَ مِنَ الْفُتُونِ يَا ابْنَ جُبَيْرٍ فَخَرَجَ مُوسَى مُتَوَجِّهًا نَحْوَ مَدْيَنَ لَمْ يَلْقَ بَلَاءً قَبْلَ ذَلِكَ وَلَيْسَ لَهُ بِالطَّرِيقِ عِلْمٌ إِلَّا حُسْنُ ظَنِّهِ بِرَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ فَإِنَّهُ قَالَ: (عَسَى رَبِّي أَنْ يَهْدِيَنِي سَوَاءَ السَّبِيلِ وَلَمَّا وَرَدَ مَاءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ أُمَّةً مِنَ النَّاسِ يَسْقُونَ وَوَجَدَ مِنْ دُونِهِمُ امْرَأَتَيْنِ تَذُودَانِ) (القصص: 23) يَعْنِي بِذَلِكَ حَابِسَتَيْنِ غَنَمَهُمَا، فَقَالَ لَهُمَا: مَا خَطْبُكُمَا مُعْتَزِلَتَيْنِ لَا تَسْقِيَانِ مَعَ النَّاسِ؟ قَالَتَا: لَيْسَ لَنَا قُوَّةٌ نُزَاحِمُ الْقَوْمَ، وَإِنَّمَا نَنْتَظِرُ فُضُولَ حِيَاضِهِمْ، فَسَقَى لَهُمَا، فَجَعَلَ يَغْرِفُ فِي الدَّلْوِ مَاءً كَثِيرًا حَتَّى كَانَ أَوَّلَ الرِّعَاءِ فَرَاغًا، فَانْصَرَفَتَا بِغَنَمِهِمَا إِلَى أَبِيهِمَا، وَانْصَرَفَ مُوسَى فَاسْتَظَلَّ بِشَجَرَةٍ، فَقَالَ: (رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنْزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ) (القصص: 24) فَاسْتَنْكَرَ أَبُوهُمَا سُرْعَةَ صُدُورِهِمَا بِغَنَمِهِمَا حُفَّلًا بِطَانًا، فَقَالَ: إِنَّ لَكُمَا الْيَوْمَ لَشَأْنًا، فَأَخْبَرَتَاهُ بِمَا صَنَعَ مُوسَى، فَأَمَرَ إِحْدَاهُمَا تَدْعُوهُ لَهُ، فَأَتَتْ مُوسَى فَدَعَتْهُ، فَلَمَّا كَلَّمَهُ قَالَ: (لَا تَخَفْ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ) (القصص: 25) لَيْسَ لِفِرْعَوْنَ وَلَا لِقَوْمِهِ عَلَيْنَا سُلْطَانٌ، وَلَسْنَا فِي مَمْلَكَتِهِ، قَالَ: (قَالَتْ إِحْدَاهُمَا يَا أَبَتِ اسْتَأْجِرْهُ إِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَأْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْأَمِينُ) (القصص:

میں سے ہر ایک کا عمل نوٹ کرے گا جو وہ کرے گا۔ تحفے' عطیات اور کرامت کا سلوک آپ کے اپنی ماں کے گھر سے نکلنے سے لے کر فرعون کی بیوی کے پاس داخل ہونے تک جاری رہا' سو جب آپ اس کے پاس پہنچے تو اُس نے آپ کی بے حد عزت وتکریم کی۔ آپ کی تشریف آوری سے بہتر خوش ہوئی اور اُس نے آپ کی والدہ کی بھی بہت عزت کی' اُن کے اچھے سلوک کی وجہ سے۔ پھر کہا: اس کو فرعون کے پاس لے جاؤ! اُسے بھی چاہیے کہ اس کی عزت کرے اور تکریم بجالائے۔ سو جب آپ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو لے کر اس کے پاس آئیں تو آپ کو اُس کی گود میں ڈال دیا۔ سو موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کی داڑھی کو پکڑ کر زمین کی طرف کھینچا۔ سرکش اللہ کے دشمنوں نے فرعون سے کہا: کیا آپ نہیں دیکھ رہے جو وعدہ اللہ نے اپنے نبی ابراہیم سے کیا کہ وہ تجھے پالے گا' تیرے خلاف اُٹھے گا اور تجھے پچھاڑ دے گا؟ سو اُس نے ذبح کرنے والے گروہ کی طرف پیغام بھیجا کہ آکر اسے ذبح کر دو۔ اے ابن جبیر! اس کا تعلق بھی فتون سے ہے' ہر اس بلا کے بعد جس میں اُن کو مبتلا کیا گیا۔ (فرعون کی بیوی کو پتا چلا) تو وہ دوڑتی ہوئی فرعون کے پاس آئی اور کہا: تیرے لیے اس بچہ میں کیا بات ظاہر ہوئی ہے جو میں نے تیری طرف بھیجا ہے؟ راوی کا بیان ہے: اس کا گمان ہے کہ وہ اسے پچھاڑ دے گا اور غالب آ جائے گا۔ فرعون کی بیوی نے کہا: اپنے اور میرے درمیان ایک بات رکھ' جس سے حق واضح ہو

Marfat.com

26) فَاحْتَمَلَتْهُ الْغَيْرَةُ عَلَى أَنْ قَالَ: وَمَا يُدْرِيكِ مَا قُوَّتُهُ وَمَا أَمَانَتُهُ؟ قَالَتْ: أَمَّا قُوَّتُهُ، فَمَا رَأَيْتُ مِنْهُ فِي الدَّلْوِ حِينَ سَقَى لَنَا، لَمْ أَرَ رَجُلًا أَقْوَى فِي ذَلِكَ السَّقْيِ مِنْهُ، وَأَمَّا أَمَانَتُهُ، فَإِنَّهُ نَظَرَ إِلَيَّ حِينَ أَقْبَلْتُ إِلَيْهِ وَشَخَصْتُ لَهُ، فَلَمَّا عَلِمَ أَنِّي امْرَأَةٌ صَوَّبَ رَأْسَهُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَلَمْ يَنْظُرْ إِلَيَّ حَتَّى بَلَّغْتُهُ رِسَالَتَكَ، ثُمَّ قَالَ: امْشِي خَلْفِي، وَانْعَتِي لِيَ الطَّرِيقَ فَلَمْ يَفْعَلْ هَذَا الْأَمْرَ إِلَّا وَهُوَ أَمِينٌ، فَسُرِّيَ عَنْ أَبِيهَا فَصَدَّقَهَا وَظَنَّ بِهِ الَّذِي قَالَتْ، فَقَالَ لَهُ: هَلْ لَكَ (أَنْ أُنْكِحَكَ إِحْدَى ابْنَتَيَّ هَاتَيْنِ عَلَى أَنْ تَأْجُرَنِي ثَمَانِيَ حِجَجٍ فَإِنْ أَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ وَمَا أُرِيدُ أَنْ أَشُقَّ عَلَيْكَ سَتَجِدُنِي إِنْ شَاءَ اللَّهُ مِنَ الصَّالِحِينَ) (القصص: 27) فَفَعَلَ فَكَانَتْ عَلَى نَبِيِّ اللَّهِ مُوسَى صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانُ سِنِينَ وَاجِبَةً، وَكَانَتْ سَنَتَانِ عِدَةً مِنْهُ، فَقَضَى اللَّهُ عَنْهُ عِدَتَهُ فَأَتَمَّهَا عَشْرًا قَالَ سَعِيدٌ: فَلَقِيَنِي رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ النَّصْرَانِيَّةِ مِنْ عُلَمَائِهِمْ، فَقَالَ: هَلْ تَدْرِي أَيَّ الْأَجَلَيْنِ قَضَى مُوسَى؟ قُلْتُ: لَا، وَأَنَا يَوْمَئِذٍ لَا أَدْرِي، فَلَقِيتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ: أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ ثَمَانِيًا كَانَ عَلَى مُوسَى وَاجِبَةً وَلَمْ يَكُنْ نَبِيُّ اللَّهِ لِيَنْقُصَ مِنْهَا شَيْئًا وَيَعْلَمُ أَنَّ اللَّهَ قَاضٍ عَنْ مُوسَى عِدَتَهُ الَّتِي وَعَدَ، فَإِنَّهُ قَضَى عَشْرَ سِنِينَ، فَلَقِيتُ النَّصْرَانِيَّ فَأَخْبَرْتُهُ ذَلِكَ، فَقَالَ: الَّذِي سَأَلْتَهُ فَأَخْبَرَكَ أَعْلَمُ مِنْكَ بِذَلِكَ، قَالَ: قُلْتُ

جائے (یہ بچہ ہے اسے ابھی اچھے بُرے کی پہچان نہیں) دو انگارے اور اُن کے مشابہ دو سرخ موتی لائے جائیں' سب اس کے سامنے رکھ دیئے جائیں' اگر تو یہ موتیوں کو پکڑ لے اور انگاروں کو چھوڑ دے تو آپ یہ سمجھیں کہ یہ عقل مند ہے اور اگر انگاروں کو پکڑ لے اور موتیوں کی طرف جانے کا ارادہ ہی نہ کرے تو جان لے کہ کوئی بھی عقل رکھتے ہوئے موتیوں کو چھوڑ کر انگاروں کو ترجیح نہیں دیتا۔ سو اُس نے یہ چیزیں آپ کے قریب کیں تو آپ نے انگارے اُٹھا لیے' سو سب نے مل کر آپ کے ہاتھ سے کھینچ لیے کہ آپ کے ہاتھ نہ جل جائیں' تو فرعون کی بیوی نے کہا: ہاں! اب تُو نے دیکھ لیا؟ سو اللہ تعالیٰ نے آپ کو موتی سے پھیر دیا بعد اس کے کہ آپ اسے اُٹھانے کا ارادہ فرما چکے تھے۔ اللہ تعالیٰ ہی اس میں آ کر بات تک پہنچانے والا ہے۔ سو جب آپ ہوش کی عمر کو پہنچے جبکہ آپ کا تعلق ان لوگوں سے تھا جن میں سے کوئی ایک آلِ فرعون سے نہ تھا۔ یہاں تک کہ وہ مکمل طور پر رُک گئے۔ اسی اثناء میں موسیٰ علیہ السلام شہر کے ایک کونے میں رہتے تھے' ایک دن اچانک آپ کی نظر پڑی تو دو آدمی آپس میں لڑ رہے ہیں' جن میں سے ایک فرعونی اور ایک اسرائیلی تھا۔ اسرائیلی نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرعونی کے خلاف مدد طلب کی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو سخت غصہ آیا کیونکہ آپ علیہ السلام نے اسے اس حال میں پایا کہ وہ جانتا تھا کہ موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل سے ہیں اور فرعون نے آپ کی حفاظت کی ہے۔ دیگر لوگ

Marfat.com

أَجَلُ، وَأَوْلَى فَلَمَّا سَارَ مُوسَى بِأَهْلِهِ كَانَ مِنْ أَمْرِ النَّارِ وَالْعَصَا وَيَدِهِ مَا قَصَّ اللّٰهُ عَلَيْكَ فِي الْقُرْآنِ فَشَكَا إِلَى رَبِّهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى مَا يَتَخَوَّفُ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ فِي الْقَتْلِ وَعَقْدِ لِسَانِهِ، فَإِنَّهُ كَانَ فِي لِسَانِهِ عُقْدَةٌ تَمْنَعُهُ مِنْ كَثِيرٍ مِنَ الْكَلَامِ، وَسَأَلَ رَبَّهُ أَنْ يُعِينَهُ بِأَخِيهِ هَارُونَ يَكُونُ لَهُ رِدْءًا وَيَتَكَلَّمُ عَنْهُ بِكَثِيرٍ مِمَّا لَا يُفْصِحُ بِهِ لِسَانُهُ، فَآتَاهُ اللّٰهُ سُؤْلَهُ وَحَلَّ عُقْدَةً مِنْ [illegible]انِهِ، فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَى هَارُونَ وَأَمَرَهُ أَنْ يَلْقَاهُ فَانْدَفَعَ مُوسَى بِعَصَاهُ حَتَّى لَقِيَ هَارُونَ، فَانْطَلَقَا جَمِيعًا إِلَى فِرْعَوْنَ، فَأَقَامَا عَلَى بَابِهِ حِينًا لَا يُؤْذَنُ لَهُمَا، ثُمَّ أُذِنَ لَهُمَا بَعْدَ حِجَابٍ شَدِيدٍ، فَقَالَا: ﴿إِنَّا رَسُولَا رَبِّكَ﴾ (طه: 47) قَالَ: ﴿فَمَنْ رَبُّكُمَا يَا مُوسَى﴾ (طه: 49) فَأَخْبَرَهُ بِالَّذِي قَصَّ اللّٰهُ عَلَيْكَ فِي الْقُرْآنِ، قَالَ: فَمَا تُرِيدُ، وَذَكَّرَهُ الْقَتِيلَ فَاعْتَذَرَ بِمَا قَدْ سَمِعْتَ، وَقَالَ: إِنِّي أُرِيدُ أَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَتُرْسِلَ مَعِي بَنِي إِسْرَائِيلَ فَأَبَى عَلَيْهِ ذَلِكَ، وَقَالَ: ائْتِ بِآيَةٍ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ، فَأَلْقَى عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ حَيَّةٌ عَظِيمَةٌ فَاغِرَةٌ فَاهَا مُسْرِعَةٌ إِلَى فِرْعَوْنَ، فَلَمَّا رَآهَا فِرْعَوْنُ قَاصِدَةً إِلَيْهِ خَافَهَا فَاقْتَحَمَ، عَنْ سَرِيرِهِ وَاسْتَغَاثَ بِمُوسَى أَنْ يَكُفَّهَا عَنْهُ فَفَعَلَ، ثُمَّ أَخْرَجَ يَدَهُ مِنْ جَيْبِهِ فَرَآهَا بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوءٍ - يَعْنِي مِنْ غَيْرِ بَرَصٍ - ثُمَّ رَدَّهَا فَعَادَتْ إِلَى لَوْنِهَا الْأَوَّلِ، فَاسْتَشَارَ الْمَلَأَ حَوْلَهُ فِيمَا رَأَى، فَقَالُوا لَهُ: ﴿إِنْ

بس اتنا ہی جانتے تھے کہ موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے انہیں دودھ پلایا ہے مگر اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو ان باتوں پر مطلع فرما دیا تھا جن پر کسی دوسرے کو مطلع نہ فرمایا تھا۔ سو موسیٰ علیہ السلام نے فرعونی کو مُکّہ دے مارا (اُسی غصہ میں) سو وہ قتل ہو گیا (آپ کے ہاتھوں) جبکہ ان دونوں کو دیکھنے والا خدا تھا یا وہ اسرائیلی' اس کے سوا کوئی دیکھنے والا نہ تھا۔ سو موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھوں جب وہ بندہ قتل ہو گیا تو آپ کی زبان سے بے اختیار نکلا (قرآن میں بھی ہے:) ''یہ تو شیطانی کام ہے کیونکہ شیطان گمراہ کرنے والا کھلا دشمن ہے''۔ پھر بولے: ''اے میرے رب! میں نے اپنی جان پر ظلم کر لیا' سو تُو مجھے معاف کر دے! سو اللہ نے موسیٰ علیہ السلام کو معاف کر دیا کیونکہ وہ بہت بخشنے والا' بہت ہی مہربان ہے''۔ اُنہوں نے شہر میں صبح اس حال میں کی کہ آپ ڈر محسوس کر رہے تھے' خبریں دینے والوں کو تاڑتے تھے۔ سو ایک آدمی فرعون کے پاس آیا اور اس سے کہا کہ اسرائیلیوں نے فرعونیوں کا ایک آدمی قتل کر دیا ہے' ہمیں ہمارا حق دلائیں اور ہم کسی صورت نہیں چھوڑیں گے۔ سو فرعون بولا: اس کے قاتل کو تلاش کر کے میرے پاس لے آؤ اور ایک گواہ بھی لاؤ! کیونکہ بادشاہ اگرچہ اس کی اپنی قوم کے ساتھ صفائی کے حوالے سے صحیح نہیں کہ غیر بینہ اور بغیر ثبوت کے ساتھ اس کے فیصلے کو مقید کیا جائے' تم میرے لیے اس کی معلومات تلاش کرو میں تمہارا حق دلا دیتا ہوں۔ سو اسی اثناء میں کہ وہ گھوم رہے تھے اور کوئی ثبوت نہیں پا رہے تھے'

Marfat.com

هَذَانِ لَسَاحِرَانِ يُرِيدَانِ أَنْ يُخْرِجَاكُمْ مِنْ أَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيقَتِكُمُ الْمُثْلَى) (طه:63 ) يَعْنِي مُلْكَهُمُ الَّذِي هُمْ فِيهِ وَالْعَيْشَ - فَأَبَوْا أَنْ يُعْطُوهُ شَيْئًا مِمَّا طَلَبَ. وقَالُوا لَهُ: اجْمَعْ لَنَا السَّحَرَةَ فَإِنَّهُمْ بِأَرْضِكَ كَثِيرٌ حَتَّى يَغْلِبَ سِحْرُهُمْ سِحْرَهُمَا، فَأَرْسَلَ فِي الْمَدِينَةِ، فَحَشَرَ لَهُ كُلَّ سَاحِرٍ مُتَعَالِمٍ، فَلَمَّا أَتَوْا فِرْعَوْنَ قَالُوا: بِمَ يَعْمَلُ هَذَا السَّاحِرُ؟ قَالُوا: يَعْمَلُ بِالْحَيَّاتِ، قَالُوا: فَلَا وَاللَّهِ مَا أَحَدٌ فِي الْأَرْضِ يَعْمَلُ السِّحْرَ بِالْحَيَّاتِ وَالْعِصِيِّ الَّذِي نَعْمَلُ، فَمَا أَجْرُنَا إِنْ نَحْنُ غَلَبْنَا؟ فَقَالَ لَهُمْ: إِنَّكُمْ أَقَارِبِي وَخَاصَّتِي، فَأَنَا صَانِعٌ إِلَيْكُمْ كُلَّ مَا أَحْبَبْتُمْ، فَتَوَاعَدُوا يَوْمَ الزِّينَةِ (وَأَنْ يُحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى) (طه:59 )

قَالَ سَعِيدٌ: حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ أَنَّ يَوْمَ الزِّينَةِ الْيَوْمُ الَّذِي أَظْهَرَ اللَّهُ فِيهِ مُوسَى عَلَى فِرْعَوْنَ وَالسَّحَرَةِ، وَهُوَ يَوْمُ عَاشُورَاءَ، فَلَمَّا اجْتَمَعُوا فِي صَعِيدٍ، قَالَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: انْطَلِقُوا فَلْنَحْضُرْ هَذَا الْأَمْرَ (لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ إِنْ كَانُوا هُمُ الْغَالِبِينَ) (الشعراء: 40 ) يَعْنُونَ مُوسَى وَهَارُونَ - اسْتِهْزَاءً بِهِمَا، فَقَالُوا: يَا مُوسَى - لِقُدْرَتِهِمْ بِسِحْرِهِمْ - (إِمَّا أَنْ تُلْقِيَ وَإِمَّا أَنْ نَكُونَ نَحْنُ الْمُلْقِينَ) (الأعراف:115 ) قَالَ: بَلْ أَلْقُوا (فَأَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ إِنَّا لَنَحْنُ الْغَالِبُونَ) (الشعراء: 44 ) فَرَأَى مُوسَى

دوسرے دن اچانک موسیٰ علیہ السلام کی نظر پڑی تو وہی اسرائیلی ایک اور فرعونی سے مقاتلہ کر رہا ہے تو اسرائیلی نے فرعون کے خلاف آپ سے استغاثہ کیا۔ موسیٰ علیہ السلام اپنے سابقہ عمل پر نادم تھے تو آپ نے اسرائیلی کے غصہ کو انتہائی ناپسند فرمایا' وہ چاہتے تھے کہ فرعونی کو پکڑ لیں' سو آپ نے اسرائیلی سے فرمایا: تُو نے کل بھی اور آج بھی یہ کام کیوں کیا: ''تُو تو نرا فسادی ہے''۔ اسرائیلی نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف دیکھا جب موسیٰ علیہ السلام نے اس سے یہ بات کہی تو پس وہ انتہائی غصے میں تھا' جیسے ایک دن پہلے تھا۔ سو آپ کو خوف ہوا کہ ممکن ہے اسرائیلی نے پہلے لڑنے کا ارادہ کیا ہو اور فرعونی نے ارادہ نہ کیا ہو' حالانکہ اُس نے ارادہ کیا تھا' ارادہ تو فرعونی نے کیا تھا۔ سو اسرائیلی ڈرا اور فرعونی سے عاجز آ گیا اور بولا: ''اے موسیٰ! کیا تُو چاہتا ہے کہ تُو مجھے اسی طرح قتل کر دے جس طرح تُو نے کل ایک آدمی کو قتل کر دیا''۔ سو اُس نے یہ بات اس خوف سے کہی کہ موسیٰ علیہ السلام نے اُس کے قتل کرنے کا ارادہ کرلیا ہے۔ اُن دونوں نے خوب جھگڑا کیا اور ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کی کوشش کی اور فرعونی اپنی قوم کی طرف گیا' سو ان سب کو خبردار کر دیا' جو بات اُس نے اسرائیلی سے سنی تھی' جب اسرائیلی کہہ رہا تھا: ''کیا تُو مجھے قتل کرنے کا ارادہ رکھتا ہے جس طرح تُو نے کل آدمی قتل کیا''۔ سو فرعون نے ذبح کرنے والوں کو بھیج دیا تا کہ وہ موسیٰ علیہ السلام کو قتل کر دیں۔ فرعون کے قاصد شاہراہ پر چلنے لگے' وہ بڑے سکون سے چل رہے تھے اور

Marfat.com

مِنْ سِحْرِهِمْ مَا أَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خِيفَةً، فَأَوْحَى اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى إِلَيْهِ (أَنْ أَلْقِ عَصَاكَ) (الأعراف: **117**) فَلَمَّا أَلْقَاهَا صَارَتْ ثُعْبَانًا عَظِيمًا فَاغِرَةً فَاهَا، فَجَعَلَتِ الْعِصِيُّ بِدَعْوَةِ مُوسَى تَلَبَّسُ بِالْحِبَالِ حَتَّى صَارَتْ جُرَزًا إِلَى الثُّعْبَانِ تَدْخُلُ فِيهِ، حَتَّى مَا أَبْقَتْ عَصًا وَلَا حَبْلًا إِلَّا ابْتَلَعَتْهُ، فَلَمَّا عَرَفَ السَّحَرَةُ ذَلِكَ قَالُوا: لَوْ كَانَ هَذَا سِحْرًا لَمْ يَبْلُغْ مِنْ سِحْرِنَا هَذَا، وَلَكِنَّهُ أَمْرٌ مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى آمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِمَا جَاءَ بِهِ مُوسَى وَنَتُوبُ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِمَّا كُنَّا عَلَيْهِ، وَكَسَرَ اللّٰهُ ظَهْرَ فِرْعَوْنَ فِي ذَلِكَ الْمَوْطِنِ وَأَشْيَاعَهُ، وَأَظْهَرَ الْحَقَّ (وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوا صَاغِرِينَ) (الأعراف: **118**) وَامْرَأَةُ فِرْعَوْنَ بَارِزَةٌ مُتَبَذِّلَةٌ تَدْعُو اللّٰهَ بِالنَّصْرِ لِمُوسَى عَلَى فِرْعَوْنَ، فَمَنْ رَآهَا مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ ظَنَّ أَنَّهَا ابْتَذَلَتْ لِلشَّفَقَةِ عَلَى فِرْعَوْنَ وَأَشْيَاعِهِ، وَإِنَّمَا كَانَ حُزْنُهَا وَهَمُّهَا لِمُوسَى فَلَمَّا طَالَ مُكْثُ مُوسَى لِمَوَاعِيدِ فِرْعَوْنَ الْكَاذِبَةِ، كُلَّمَا جَاءَهُ بِآيَةٍ وَعَدَهُ عِنْدَهَا أَنْ يُرْسِلَ بَنِي إِسْرَائِيلَ، فَإِذَا مَضَتْ أَخْلَفَ مَوَاعِيدَهُ، وَقَالَ: هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ أَنْ يَصْنَعَ غَيْرَ هَذَا، فَأَرْسَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَى قَوْمِهِ الطُّوفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ آيَاتٍ مُفَصَّلَاتٍ، كُلُّ ذَلِكَ يَشْكُو إِلَى مُوسَى وَيَطْلُبُ إِلَيْهِ أَنْ يَكُفَّهَا عَنْهُ، وَيُوَافِقُهُ أَنْ يُرْسِلَ مَعَهُ

انہیں موسیٰ علیہ السلام کی تلاش تھی انہیں اس بات کا کوئی خوف نہ تھا کہ وہ آپ کو نہ پاسکیں گے۔ اچانک موسیٰ علیہ السلام کے گروہ کا ایک آدمی شہر کے پرلے کنارے سے آیا اور اُس نے قریبی راستہ طے کیا یہاں تک کہ موسیٰ علیہ السلام سے مل کر آپ کو ساری بات سے آگاہ کر دیا۔ اے ابن جبیر! اس کا تعلق بھی فتون سے ہے۔ سو حضرت موسیٰ علیہ السلام مدین کی طرف متوجہ ہوئے اس شہر سے نکل پڑے۔ اس سے قبل اُن کی کوئی آزمائش نہ ہوئی تھی اور نہ انہیں راستے کا علم تھا مگر وہ اپنے رب کے بارے نیک گمان رکھتے تھے (کہ وہ راہنمائی فرمائے گا) کیونکہ آپ نے کہا: مجھے قوی اُمید ہے کہ میرا رب سیدھے راستے کی طرف میری راہنمائی فرمائے گا اور جب آپ مدین میں تشریف لائے تو لوگوں کے ایک گروہ کو پانی بھرتے دیکھا اور اُن کے ساتھ دو عورتیں رُکی ہوئی دیکھیں یعنی وہ اپنے مویشیوں کو روکے ہوئے ایک طرف کھڑی تھیں تو آپ نے ان سے فرمایا: تمہارا کیا معاملہ ہے؟ تم کیوں الگ تھلگ کھڑی ہو؟ لوگوں کے ساتھ (اپنے مویشیوں کو) پانی کیوں نہیں پلاتی ہو؟ اُن دونوں نے کہا: قوم سے مزاحمت کرنے کی ہم میں طاقت نہیں ہم حوضوں کے خالی ہونے کا انتظار کر رہی ہیں۔ سو آپ علیہ السلام نے ان کے مویشیوں کو پانی پلایا پس آپ ڈول میں پانی ڈالتے رہے یہاں تک کہ پہلا فرواہا فارغ ہو گیا سو وہ دونوں عورتیں اپنی بکریوں کو لے کر اپنے باپ کی طرف چلی گئیں اور موسیٰ علیہ السلام ایک طرف ہو کر درخت کے سائے

Marfat.com

بَنِی اِسْرَائِیلَ، فَإِذَا كَفَّ ذَلِكَ عَنْهُ أَخْلَفَ مَوْعِدَهُ وَنَكَثَ عَهْدَهُ، حَتَّى أُمِرَ بِالْخُرُوجِ بِقَوْمِهِ، فَخَرَجَ بِهِمْ لَيْلًا، فَلَمَّا أَصْبَحَ فِرْعَوْنُ وَرَأَى أَنَّهُمْ قَدْ مَضَوْا، أَرْسَلَ فِي الْمَدَائِنِ حَاشِرِينَ، يَتْبَعُهُمْ بِجُنُودٍ عَظِيمَةٍ كَثِيرَةٍ، فَأَوْحَى اللَّهُ إِلَى الْبَحْرِ أَنْ إِذَا ضَرَبَكَ عَبْدِي مُوسَى بِعَصَاهُ فَانْفَرِقِ اثْنَيْ عَشَرَ فِرْقًا حَتَّى يَجُوزَ مُوسَى وَمَنْ مَعَهُ، ثُمَّ الْتَقِ عَلَى مَنْ بَقِيَ بَعْدَهُ مِنْ فِرْعَوْنَ وَأَشْيَاعِهِ، فَنَسِيَ مُوسَى أَنْ يَضْرِبَ الْبَحْرَ بِالْعَصَا فَانْتَهَى إِلَى الْبَحْرِ وَلَهُ قَصِيفٌ مَخَافَةَ أَنْ يَضْرِبَهُ مُوسَى بِعَصَاهُ وَهُوَ غَافِلٌ فَيَصِيرَ عَاصِيًا فَلَمَّا تَرَاءَى الْجَمْعَانِ وَتَقَارَبَا، قَالَ قَوْمُ مُوسَى (إِنَّا لَمُدْرَكُونَ) (الشعراء: 61) افْعَلْ مَا أَمَرَكَ رَبُّكَ، فَإِنَّكَ لَنْ تَكْذِبَ وَلَنْ تُكْذَبَ، فَقَالَ: وَعَدَنِي إِذَا أَتَيْتُ الْبَحْرَ أَنْ يُفَرِّقَ لِي اثْنَيْ عَشَرَ فِرْقًا حَتَّى أُجَاوِزَهُ، ثُمَّ ذَكَرَ بَعْدَ ذَلِكَ الْعَصَا، فَضَرَبَ الْبَحْرَ بِعَصَاهُ فَانْفَرَقَ لَهُ حِينَ دَنَا أَوَائِلُ جُنْدِ فِرْعَوْنَ مِنْ أَوَاخِرِ جُنْدِ مُوسَى، فَانْفَرَقَ الْبَحْرُ كَمَا أَمَرَهُ رَبُّهُ، وَكَمَا وَعَدَ مُوسَى، فَلَمَّا أَنْ جَاوَزَ مُوسَى وَأَصْحَابُهُ كُلُّهُمْ، وَدَخَلَ فِرْعَوْنُ وَأَصْحَابُهُ الْتَقَى عَلَيْهِمْ كَمَا أَمَرَ اللَّهُ، فَلَمَّا أَنْ جَاوَزَ مُوسَى الْبَحْرَ قَالُوا: إِنَّا نَخَافُ أَنْ لَا يَكُونَ فِرْعَوْنُ غَرِقَ فَلَا نُؤْمِنُ بِهَلَاكِهِ، فَدَعَا رَبَّهُ، فَأَخْرَجَهُ لَهُ بِبَدَنِهِ حَتَّى اسْتَيْقَنُوا بِهَلَاكِهِ، ثُمَّ مَرُّوا عَلَى قَوْمٍ يَعْكُفُونَ عَلَى أَصْنَامٍ لَهُمْ (قَالُوا يَا مُوسَى اجْعَلْ لَنَا إِلَهًا كَمَا

میں بیٹھ گئے۔ پس آپ نے عرض کی: ''اے میرے رب! میں اس چیز کا محتاج ہوں جو تُو نے میرے لیے اُتاری ہے''۔ اُن دونوں عورتوں کے باپ نے تعجب کیا اس بات پر کہ وہ اپنے ریوڑ کو اتنا جلدی کس طرح خوب سیر کر کے لے آئی ہیں۔ ان کے باپ نے کہا: بے شک آج تمہیں کوئی خاص معاملہ پیش آیا ہے۔ سو اُن دونوں نے اپنے باپ کو خبر دے دی جو نیک سلوک حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اُن سے کیا تھا۔ اُن کے باپ نے اُن میں سے ایک کو حکم دیا کہ جاؤ اور اسے بلا کر لے آؤ! سو وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئی اور آپ کو دعوت دی۔ پس جب موسیٰ علیہ السلام نے جا کر اُن کے باپ (حضرت شعیب علیہ السلام) سے بات کی تو اُنہوں نے فرمایا: ''ڈریئے مت! آپ نے ظلم قوم سے نجات پالی ہے'' (کیونکہ فرعون کی حکومت ہم پر نہیں ہے اور) نہ ہی اُن کی قوم کا اِدھر کوئی دخل ہے اور نہ ہی ہم اُس کی مملکت میں ہیں۔ راوی کا بیان ہے: ''اُن دونوں عورتوں میں سے ایک نے کہا: اے میرے باپ! انہیں اُجرت عنایت کیجئے کیونکہ یہ طاقتور اور امانتدار مستاجر ہیں'' وہ غیرت میں آ گئے اور پوچھنے لگے: آپ کو اس کی قوت اور امانت کا کیا علم؟ اس نے اپنے باپ کو جواب دیا: میں نے اس کی طاقت کا اس وقت اندازہ کیا جب اِنہوں نے ہمیں ڈول میں پانی بھر کر دیا' میں نے پانی بھرنے کے کام میں اتنا طاقتور آج تک نہیں دیکھا' باقی رہی آپ کی امانت تو جب میں دُور سے اس کی طرف آنے لگی تو اس نے

Marfat.com

لَهُمْ آلِهَةٌ قَالَ إِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ إِنَّ هَؤُلَاءِ مُتَبَّرٌ مَا هُمْ فِيهِ وَبَاطِلٌ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ) (الأعراف: 138) قَدْ رَأَيْتُمْ مِنَ الْعِبَرِ، وَسَمِعْتُمْ مَا يَكْفِيكُمْ، وَمَضَى فَأَنْزَلَهُمْ مُوسَى مَنْزِلًا، ثُمَّ قَالَ لَهُمْ: أَطِيعُوا هَارُونَ، فَإِنِّي قَدِ اسْتَخْلَفْتُهُ عَلَيْكُمْ وَإِنِّي ذَاهِبٌ إِلَى رَبِّي، وَأَجَّلَهُمْ ثَلَاثِينَ يَوْمًا أَنْ يَرْجِعَ إِلَيْهِمْ فَلَمَّا أَتَى رَبَّهُ أَرَادَ أَنْ يُكَلِّمَهُ فِي ثَلَاثِينَ وَقَدْ صَامَهُنَّ لَيْلَتَيْنِ وَنَهَارَهُنَّ، كَرِهَ أَنْ يُكَلِّمَ رَبَّهُ وَيَخْرُجَ مِنْ فَمِهِ رِيحُ فَمِ الصَّائِمِ، فَتَنَاوَلَ مُوسَى شَيْئًا مِنْ نَبَاتِ الْأَرْضِ فَمَضَغَهُ، فَقَالَ لَهُ رَبُّهُ حِينَ أَتَاهُ أَفْطَرْتَ؟ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالَّذِي كَانَ، قَالَ: رَبِّ كَرِهْتُ أَنْ أُكَلِّمَكَ إِلَّا وَفَمِي طَيِّبُ الرِّيحِ، قَالَ: أَوَمَا عَلِمْتَ يَا مُوسَى أَنَّ رِيحَ فَمِ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدِي مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ، ارْجِعْ حَتَّى تَصُومَ عَشْرًا ثُمَّ ائْتِنِي فَفَعَلَ مُوسَى مَا أُمِرَ بِهِ، فَلَمَّا رَأَى قَوْمُ مُوسَى أَنَّهُ لَمْ يَرْجِعْ إِلَيْهِمْ لِلْأَجَلِ، قَالَ: سَاءَهُمْ ذَلِكَ، وَكَانَ هَارُونُ قَدْ خَطَبَهُمْ، فَقَالَ: إِنَّكُمْ خَرَجْتُمْ مِنْ مِصْرَ وَلِقَوْمِ فِرْعَوْنَ عَوَارٍ وَوَدَائِعُ لَكُمْ فِيهَا مِثْلُ ذَلِكَ، وَأَنَا أَرَى أَنْ تَحْتَسِبُوا مَا لَكُمْ عِنْدَهُمْ، وَلَا أُحِلُّ لَكُمْ وَدِيعَةً وَلَا عَارِيَةً، وَلَسْنَا بِرَادِّينَ إِلَيْهِمْ شَيْئًا مِنْ ذَلِكَ وَلَا مُمْسِكِيهِ لِأَنْفُسِنَا، فَحَفَرَ حَفِيرًا وَأَمَرَ كُلَّ قَوْمٍ عِنْدَهُمْ شَيْءٌ مِنْ ذَلِكَ مِنْ مَتَاعٍ أَوْ حِلْيَةٍ أَنْ يَقْذِفُوهُ فِي ذَلِكَ الْحَفِيرِ، ثُمَّ أَوْقَدَ عَلَيْهِ النَّارَ فَأَحْرَقَهُ، فَقَالَ: لَا يَكُونُ لَنَا وَلَا لَهُمْ، وَكَانَ

میری طرف دیکھا' سو جب اسے علم ہو گیا کہ یہ عورت ہے تو اس نے سر جھکا لیا' پھر سر نہیں اُٹھایا اور نہ ہی میری طرف دیکھا یہاں تک کہ میں نے آپ کا پیغام انہیں پہنچا دیا۔ پھر کہا: میرے پیچھے چلنا اور مجھے راستہ بتاتے جانا' یہ کام وہی کر سکتا ہے جو امین ہو اور اس کے باپ سے کچھ سرگوشی کی گئی' سو اس کے باپ نے اس کی تصدیق اور جو کچھ اُس نے کہا: من وعن اس پر یقین کر لیا۔ اُن کے باپ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا: تیرا کیا خیال ہے کہ ''ان دو بیٹیوں میں سے ایک کا نکاح تجھ سے کر دوں اس شرط پر کہ آٹھ سال تک تُو میرے گھر کے کام بجالائے' پس اگر دس سال مکمل کرے تو وہ تیری اپنی طرف سے ہوں گے' ہم تجھے مشکل میں نہیں ڈالنا چاہتے' آپ مجھے نیک سلوک کرنے والوں سے پائیں گے' ان شاء اللہ (اگر اللہ نے چاہا)''۔ سو آپ نے یہی کام کیا' سو اللہ کے نبی موسیٰ علیہ السلام پر آٹھ سال تو واجب تھے اور دو سال کی مدت ان کی اپنی طرف سے تھی' سو اُن کی طرف سے اللہ نے مدت مقرر فرمائی' سو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دس سال مکمل کیے۔ حضرت سعید نے فرمایا: نصرانی علماء میں سے ایک آدمی سے میری ملاقات ہوئی۔ سو اس نے کہا: کیا آپ کو معلوم ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے دو مدتوں میں سے کون سی مدت پوری فرمائی؟ میں نے جواب دیا: نہیں! (کیونکہ) اس دن تک مجھے معلوم نہ تھا' سو میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ملا تو میں نے اُن سے اس کا سوال کیا تو آپ نے فرمایا: کیا آپ کو

Marfat.com

السَّـامِرِيُّ رَجُلًا مِنْ قَوْمٍ يَعْبُدُونَ الْبَقَرَ جِيرَانٍ لَهُمْ، وَلَمْ يَـكُـنْ مِـنْ بَـنِي اِسْرَائِيلَ، فَاحْتَمَلَ مَعَ مُوسَى وَبَـنِـي اِسْـرَائِـيـلَ حِينَ احْتَمَلُوا، فَقُضِيَ لَهُ أَنْ رَأَى أَثَـرًا، فَـأَخَـذَ مِـنْـهُ قَبْـضَةً، فَـمَـرَّ بِهَارُونَ، فَقَالَ لَهُ هَـارُونُ: يَـا سَـامِـرِيُّ، أَلَا تُـلْـقِـي مَا فِي يَدِكَ وَهُوَ قَـابِـضٌ عَـلَـيْـهِ لَا يَرَاهُ أَحَدٌ طُوَالَ ذَلِكَ، قَالَ: هَذِهِ قَبْـضَةٌ مِنْ أَثَرِ الرَّسُولِ الَّذِي جَاوَزَ بِكُمُ الْبَحْرَ، فَلَا أُلْقِيهَا بِشَيْءٍ إِلَّا أَنْ تَدْعُوَ اللّٰهَ إِذَا أَلْقِيهَا أَنْ يَكُونَ مَـا أُرِيـدُ فَـأَلْـقَـاهُ، فَـدَعَا لَهُ هَارُونُ، وَقَالَ أُرِيدُ أَنْ أَكُـوْنَ عِجْلًا، فَاجْتَمَعَ مَا كَانَ فِي الْحُفْرَةِ مِنْ مَتَاعٍ أَوْ حِـلْـيَـةٍ أَوْ نُـحَـاسٍ أَوْ حَدِيدٍ فَصَارَ عِجْلًا أَجْوَفَ لَيْـسَ فِيهِ رُوحٌ لَهُ خُوَارٌ قَـالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَلَا وَاللّٰهِ مَا كَانَ لَهُ صَوْتٌ قَطُّ، إِنَّمَا كَانَتِ الرِّيحُ تَدْخُلُ مِنْ دُبُـرِهِ وَتَـخْـرُجُ مِـنْ فِـيـهِ، وَكَانَ ذَلِكَ الصَّوْتُ مِنْ ذَلِكَ، فَتَـفَـرَّقَ بَـنُو اِسْرَائِيلَ فِرَقًا، فَقَالَتْ فِرْقَةٌ: يَا سَـامِرِيُّ، مَا هَذَا؟ فَأَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ، قَالَ: هَذَا رَبُّكُمْ، وَلَـكِـنَّ مُـوسَـى أَضَـلَّ الـطَّـرِيقَ، وَقَالَتْ فِرْقَةٌ: لَا نُكَذِّبُ بِهَذَا حَتَّى يَرْجِعَ إِلَيْنَا مُوسَى، فَإِنْ كَانَ رَبَّنَا لَـمْ نَـكُـنْ ضَيَّعْنَاهُ وَعَجَزْنَا فِيهِ حِينَ رَأَيْنَاهُ، وَإِنْ لَمْ يَـكُـنْ رَبَّنَا، فَإِنَّا نَتَّبِعُ قَوْلَ مُوسَى، وَقَالَتْ فِرْقَةٌ: هَذَا عَـمَـلُ الشَّـيْـطَـانِ وَلَـيْـسَ بِـرَبِّنَا وَلَا نُؤْمِنُ بِـهِ وَلَا نُـصَـدِّقُ، وَأُشْـرِبَ فِـرْقَـةٌ فِي قُلُوبِهِمُ التَّصْدِيقَ بِمَا قَـالَ السَّـامِـرِيُّ فِي الْعِجْلِ، وَأَعْلَنُوا التَّكْذِيبَ بِهِ، فَقَالَ لَهُمْ هَارُونُ: ﴿يَا قَوْمِ إِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهِ، وَإِنَّ رَبَّكُمُ

معلوم نہیں کہ آٹھ سال کی مدت موسیٰ علیہ السلام پر واجب تھی اور آپ نبی ہونے کے ناطے اس میں کمی نہیں کر سکتے تھے اور آپ جانتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف سے اس مدت کا فیصلہ فرمایا ہے جس کا آپ نے وعدہ کیا' سو آپ نے دس سال مکمل فرمائے۔ (اس کے بعد) میں نصرانی سے جاملا اور میں نے اُسے اس بات کی خبر دی۔ اس نے کہا: ہاں (ٹھیک ہے) اور بہتر ہے۔ سو جب موسیٰ علیہ السلام اپنی بیوی کو اپنے ساتھ لے کر چلے تو آگ' عصا اور ہاتھ کا معجزہ ہوا جن کو اللہ تعالیٰ نے قرآن میں بیان فرمایا' سو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب سے شکایت کی کہ انہیں قتل کے معاملے میں آلِ فرعون سے خوف ہے اور میری زبان میں لکنت ہے کیونکہ آپ کی زبان میں گرہ تھی جو زیادہ کلام کرنے سے آپ کو روکتی تھی' اور آپ نے اپنے رب سے سوال کیا کہ آپ کے بھائی ہارون کو آپ کا معاون و مددگار بنا دے۔ اور اُن کی طرف سے کثیر کلام کریں (اور اُس کی وضاحت کرے) جو ان کے منہ سے واضح ہو کر نہیں نکلتی۔ سو اللہ تعالیٰ نے اُن کا سوال پورا کیا اور ان کی زبان کی گرہ کھول دی' سو اللہ تعالیٰ نے حضرت ہارون علیہ السلام کو الہام کے ذریعے حکم دیا کہ وہ آپ سے ملاقات فرمائیں۔ سو موسیٰ علیہ السلام نے عصاء سے اپنا دفاع کیا یہاں تک کہ حضرت ہارون کی آپ سے ملاقات ہوگئی تو دونوں مل کر فرعون کی طرف گئے اور اس کے دروازے پر اُس وقت جا کر کھڑے ہوئے جب دروازے کھولنے کی اجازت نہ

Marfat.com

الرَّحْمَنُ) (طه:90 ) لَيْسَ هَكَذَا، قَالُوا: فَمَا بَالُ
مُوسَى وَعَدَنَا ثَلَاثِينَ يَوْمًا ثُمَّ أَخْلَفَنَا، هَذِهِ أَرْبَعُونَ
قَدْ مَضَتْ، فَقَالَ سُفَهَاؤُهُمْ: أَخْطَأَ رَبَّهُ فَهُوَ يَطْلُبُهُ
وَيَتْبَعُهُ فَلَمَّا كَلَّمَ اللَّهُ مُوسَى وَقَالَ لَهُ مَا قَالَ أَخْبَرَهُ
بِمَا لَقِيَ قَوْمُهُ مِنْ بَعْدِهِ، (فَرَجَعَ مُوسَى إِلَى قَوْمِهِ
غَضْبَانَ أَسِفًا) (طه:86 ) فَقَالَ لَهُمْ مَا سَمِعْتُمْ فِي
الْقُرْآنِ (وَأَخَذَ بِرَأْسِ أَخِيهِ يَجُرُّهُ إِلَيْهِ)
(الأعراف: 150 ) وَأَلْقَى الْأَلْوَاحَ، ثُمَّ إِنَّهُ عَذَرَ
أَخَاهُ وَاسْتَغْفَرَ لَهُ، وَانْصَرَفَ إِلَى السَّامِرِيِّ، فَقَالَ
لَهُ: مَا حَمَلَكَ عَلَى مَا صَنَعْتَ؟ قَالَ: قَبَضْتُ قَبْضَةً
مِنْ أَثَرِ الرَّسُولِ وَفَطِنْتُ لَهَا وَعَمِيَتْ عَلَيْكُمْ
فَقَذَفْتُهَا (وَكَذَلِكَ سَوَّلَتْ لِي نَفْسِي قَالَ فَاذْهَبْ
فَإِنَّ لَكَ فِي الْحَيَاةِ أَنْ تَقُولَ لَا مِسَاسَ وَإِنَّ لَكَ
مَوْعِدًا لَنْ تُخْلَفَهُ وَانْظُرْ إِلَى إِلَهِكَ الَّذِي ظَلْتَ
عَلَيْهِ عَاكِفًا لَنُحَرِّقَنَّهُ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهُ فِي الْيَمِّ نَسْفًا)
(طه: 96 ) وَلَوْ كَانَ إِلَهًا لَمْ تَخْلُصْ إِلَى ذَلِكَ مِنْهُ
فَاسْتَيْقَنَ بَنُو إِسْرَائِيلَ، وَاغْتَبَطَ الَّذِينَ كَانَ رَأْيُهُمْ
فِيهِ مِثْلَ رَأْيِ هَارُونَ، وَقَالُوا جَمَاعَتُهُمْ لِمُوسَى:
سَلْ لَنَا رَبَّكَ أَنْ يَفْتَحَ لَنَا بَابَ تَوْبَةٍ نَصْنَعُهَا فَتُكَفِّرَ
مَا عَمِلْنَا، فَاخْتَارَ قَوْمَهُ سَبْعِينَ رَجُلًا لِذَلِكَ لِإِتْيَانِ
الْجَبَلِ مِمَّنْ لَمْ يُشْرِكْ فِي الْعِجْلِ، فَانْطَلَقَ بِهِمْ
لِيَسْأَلَ لَهُمُ التَّوْبَةَ فَرَجَفَتْ بِهِمُ الْأَرْضُ، فَاسْتَحْيَا
نَبِيُّ اللَّهِ مِنْ قَوْمِهِ وَوَفْدِهِ حِينَ فُعِلَ بِهِمْ مَا فُعِلَ،
فَقَالَ (رَبِّ لَوْ شِئْتَ أَهْلَكْتَهُمْ مِنْ قَبْلُ وَإِيَّايَ

تھی۔ بہت زیادہ رکاوٹ کے بعد اُن دونوں کے لیے دروازہ کھولنے کی اجازت دی گئی' سو دونوں نے کہا: "ہم دونوں تیرے رب کے بھیجے ہوئے ہیں"۔ اُس نے کہا: "اے موسیٰ! تم دونوں کا رب کون ہے؟" (یعنی میرے سوا) سو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اسے بتایا جسے اللہ تعالیٰ نے تجھ پر قرآن میں بیان کر دیا ہے۔ اس نے کہا: تو کیا چاہتا ہے؟ اور مقتول کا تذکرہ کیا اور معذرت کی (اے راوی!) جس کو تو نے سن لیا ہے اور فرمایا: میں چاہتا ہوں کہ تو اللہ پر ایمان لے آئے اور بنی اسرائیل کو میرے ساتھ بھیج دے لیکن اُس نے اس سے انکار کر دیا اور اس نے کہا: کوئی نشانی لاؤ! اگر آپ سچے ہیں۔ سو موسیٰ علیہ السلام نے اپنا عصا زمین پر ڈال دیا تو وہ بہت بڑا سانپ بن کر گھومنے لگا' وہ سانپ منہ کھولے ہوئے تھا اور فرعون کی طرف جانے میں جلدی کر رہا تھا۔ سو جب فرعون نے دیکھا کہ اس کا ارادہ اُسی کی طرف آنے کا ہے تو اُسے خوف ہوا کہ وہ اُسے نگل لے گا۔ سو وہ اپنے تخت سے اُتر کر نیچے آیا اور موسیٰ علیہ السلام سے استغاثہ کیا کہ آپ اس کو روکیں۔ سو موسیٰ علیہ السلام نے اُسے روک لیا' پھر موسیٰ علیہ السلام نے اپنے گریبان سے ہاتھ نکالا تو فرعون نے دیکھا کہ وہ بغیر کسی بیماری کے روشن ہے' یعنی برص کی وجہ سے سفید نہیں ہے۔ پھر آپ نے اُسے پیچھے کر لیا تو اس کا رنگ وہی پہلے والا ہو گیا' جو کچھ اُس نے دیکھا اس بارے میں اُس نے اپنی کابینہ سے مشورہ کیا' سو اُنہوں نے اُس سے کہا: "یہ تو جادوگر ہیں' یہ دونوں چاہتے ہیں کہ آپ کو اپنی

Marfat.com

أَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَاءُ مِنَّا) (الأعراف: 155) وَفِيهِمْ مَنْ كَانَ اللّٰهُ اطَّلَعَ عَلَى مَا أُشْرِبَ مِنْ حُبِّ الْعِجْلِ إِيمَانًا بِهِ فَلِذَلِكَ رَجَفَتْ بِهِمُ الْأَرْضُ، فَقَالَ (رَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ فَسَأَكْتُبُهَا لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَالَّذِينَ هُمْ بِآيَاتِنَا يُؤْمِنُونَ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ) (الأعراف: 156)

فَقَالَ: رَبِّ سَأَلْتُكَ التَّوْبَةَ لِقَوْمِي فَقُلْتَ: إِنَّ رَحْمَتَكَ كَتَبْتَهَا لِقَوْمٍ غَيْرِ قَوْمِي، فَلَيْتَكَ أَخَّرْتَنِي حَتَّى تُخْرِجَنِي حَيًّا فِي أُمَّةِ ذَلِكَ الرَّجُلِ الْمَرْحُومَةِ، فَقَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ: إِنَّ تَوْبَتَهُمْ أَنْ يَقْتُلَ كُلُّ رَجُلٍ مِنْهُمْ كُلَّ مَنْ لَقِيَ مِنْ وَالِدٍ وَوَلَدٍ فَيَقْتُلُهُ بِالسَّيْفِ لَا يُبَالِي مَنْ قَتَلَ فِي ذَلِكَ الْمَوْطِنِ، وَيَأْتِي أُولَئِكَ الَّذِينَ خَفِيَ عَلَى مُوسَى وَهَارُونَ مَا اطَّلَعَ اللّٰهُ عَلَيْهِ مِنْ ذُنُوبِهِمْ وَاعْتَرَفُوا بِهَا، وَفَعَلُوا مَا أُمِرُوا بِهِ فَغَفَرَ اللّٰهُ لِلْقَاتِلِ وَالْمَقْتُولِ، ثُمَّ سَارَ بِهِمْ مُوسَى مُتَوَجِّهًا نَحْوَ الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ وَأَخَذَ الْأَلْوَاحَ بَعْدَمَا سَكَتَ عَنْهُ الْغَضَبُ، فَأَمَرَهُمْ بِالَّذِي أُمِرَ بِهِ أَنْ يُبَلِّغَهُمْ مِنَ الْوَظَائِفِ، فَثَقُلَ ذَلِكَ عَلَيْهِمْ وَأَبَوْا أَنْ يُقِرُّوا بِهَا فَنَتَقَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ الْجَبَلَ كَأَنَّهُ ظُلَّةٌ، وَدَنَا مِنْهُمْ حَتَّى خَافُوا أَنْ يَقَعَ عَلَيْهِمْ فَأَخَذُوا الْكِتَابَ بِأَيْمَانِهِمْ وَهُمْ مُصْغُونَ إِلَى الْجَبَلِ وَالْأَرْضِ وَالْكِتَابَ بِأَيْدِيهِمْ وَهُمْ يَنْظُرُونَ إِلَى

سلطنت سے نکال دیں اپنے جادو کے زور سے اور تیری بہتر راہ وہ لے لیں'' یعنی اُن کا ملک جس میں وہ موجود ہیں اور عیش کی زندگی گزار رہے ہیں' سو اُنہوں نے انکار کر دیا کہ کوئی چیز بھی اُنہیں دیں جو اُنہوں نے مانگی ہے اور فرعون سے کہا: ہمارے لیے جادوگروں کو جمع کرو کیونکہ وہ تیری سلطنت میں بہت ہیں یہاں تک کہ ان کا جادو ان دونوں کے جادو پر غالب آ جائے۔ اس نے شہر میں قاصد بھیجا' اس نے ہر جادوگر کو دعوت دے کر سب کو اکٹھا کیا' سو جب وہ سارے فرعون کے پاس آ گئے تو اُنہوں نے کہا: یہ جادوگر کس چیز پر جادو کرتا ہے؟ تو اُنہوں نے کہا: سانپوں کے ذریعے کرتا ہے۔ اُنہوں نے کہا: قسم بخدا! اس زمین میں سانپوں اور رسیوں کے ذریعے جادو کا عمل نہیں کر سکتا ہے جیسا ہم کرتے ہیں' اب بتاؤ! اگر ہم غالب آ جائیں تو ہمارا اجر کیا ہو گا؟ فرعون نے اُن سے کہا: تم سب میرے قربِ خاص میں آ جاؤ گے اور میرے خاص بندوں میں شمار ہو گے' میں تم سے ہر وہ سلوک کروں گا جو تمہیں پسند ہو گا۔ سو اُنہوں نے کہا کہ سارے لوگ چاشت کے وقت اکٹھے ہو جائیں۔ حضرت سعید فرماتے ہیں: مجھ سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حدیث بیان کی کہ یومِ زینت سے مراد وہ دن ہے جس دن حضرت موسیٰ علیہ السلام فرعون اور جادوگروں پر غالب آئے اور وہ عاشوراء (دسویں محرم) کا دن تھا۔ سو جب وہ سارے کھلی جگہ اکٹھے ہو گئے تو لوگ ایک دوسرے سے کہتے تھے: چلو' چلو! ہمیں اس

Marfat.com

الْجَبَلِ مَخَافَةَ أَنْ يَقَعَ عَلَيْهِمْ، ثُمَّ مَضَوْا حَتَّى أَتَوْا الْأَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ، فَوَجَدُوا فِيهَا مَدِينَةً فِيهَا قَوْمٌ جَبَّارُونَ خَلْقُهُمْ خَلْقٌ مُنْكَرٌ، وَذَكَرُوا مِنْ ثِمَارِهِمْ أَمْرًا عَجِيبًا مِنْ عِظَمِهَا، فَقَالُوا: (يَا مُوسَى إِنَّ فِيهَا قَوْمًا جَبَّارِينَ) (المائدة:22) لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِمْ، وَلَا نَدْخُلُهَا مَا دَامُوا فِيهَا (فَإِنْ يَخْرُجُوا مِنْهَا فَإِنَّا دَاخِلُونَ) (المائدة:22) (قَالَ رَجُلَانِ مِنَ الَّذِينَ يَخَافُونَ) (المائدة:23) الْجَبَّارِينَ آمَنَّا بِمُوسَى، فَخَرَجَا إِلَيْهِ، فَقَالَا: نَحْنُ أَعْلَمُ بِقَوْمِنَا، إِنْ كُنْتُمْ إِنَّمَا تَخَافُونَ مِمَّا تَرَوْنَ مِنْ أَجْسَامِهِمْ وَعُدَّتِهِمْ فَإِنَّهُمْ لَا قُلُوبَ لَهُمْ وَلَا مَنَعَةَ عِنْدَهُمْ، فَادْخُلُوا عَلَيْهِمُ الْبَابَ (فَإِذَا دَخَلْتُمُوهُ فَإِنَّكُمْ غَالِبُونَ) (المائدة:23)

وَيَقُولُ نَاسٌ: إِنَّهُمَا مِنْ قَوْمِ مُوسَى، وَزَعَمَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ أَنَّهُمَا مِنَ الْجَبَابِرَةِ آمَنَا بِمُوسَى، يَقُولُ: (مِنَ الَّذِينَ يَخَافُونَ) (المائدة:23) إِنَّمَا عَنَى بِذَلِكَ الَّذِينَ يَخَافُهُمْ بَنُو إِسْرَائِيلَ (قَالُوا يَا مُوسَى إِنَّا لَنْ نَدْخُلَهَا أَبَدًا مَا دَامُوا فِيهَا فَاذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا إِنَّا هَاهُنَا قَاعِدُونَ) (المائدة:24) فَأَغْضَبُوا مُوسَى فَدَعَا عَلَيْهِمْ وَسَمَّاهُمْ فَاسِقِينَ وَلَمْ يَدْعُ عَلَيْهِمْ قَبْلَ ذَلِكَ لِمَا رَأَى مِنْهُمْ مِنَ الْمَعْصِيَةِ وَإِسَاءَتِهِمْ، حَتَّى كَانَ يَوْمَئِذٍ، فَاسْتَجَابَ اللّٰهُ لَهُ فَسَمَّاهُمْ كَمَا سَمَّاهُمْ مُوسَى فَاسِقِينَ، وَحَرَّمَهَا عَلَيْهِمْ أَرْبَعِينَ سَنَةً يَتِيهُونَ فِي

کام کے لیے ضرور حاضر ہونا چاہیے' ممکن ہے کہ ہم جادوگروں کی پیروی کرنے والے ہوں' اگر وہ غالب آ جائیں'' اور اس سے موسیٰ و ہارون مراد لیتے تھے اور یہ بات مذاقاً کہتے تھے۔ سو اُنہوں نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا: اے موسیٰ! اس وجہ سے کہ انہیں اپنی جادوگری پہ ناز تھا۔ ''آپ پہلے ڈالیں گے یا ہم پہلے ڈالنے والے بنیں' آپ نے بڑی بے نیاز سے (اللہ پہ توکل کرتے ہوئے) کہا: بلکہ تم پہلے ڈالو! سو اُنہوں نے اپنی رسیاں ڈالیں اور اپنے چھوٹے بڑے سانپ چھوڑے اور بولے: عزتِ فرعون کی قسم! ہمیں غالب ہیں ضرور بالضرور۔ سو موسیٰ علیہ السلام نے ان کے جادو کو دیکھا تو ان کے دل میں ہلکا سا خوف محسوس ہوا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی فرمائی: ''کہ اپنا عصا پھینکو'' سو موسیٰ علیہ السلام نے عصا پھینکا تو وہ بہت بڑا سانپ بن گیا جو اپنا منہ کھولے ہوئے تھا۔ سو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے آواز دی تو لاٹھیاں' رسیوں کی مانند ہو گئیں یہاں تک کہ بڑے سانپ کے سامنے بے کار ہو گئیں' وہ اس سانپ کے منہ میں داخل ہونے لگیں یہاں تک کہ نہ کوئی لاٹھی رہی' نہ کوئی رسّی رہی بلکہ سب کو سانپ نے نگل لیا۔ سو جب جادوگروں نے یہ دیکھا تو کہہ اُٹھے: اگر یہ جادو ہے تو ہمارے جادو کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا' لیکن یہ تو اللہ کے حکموں میں سے ایک حکم ہے' ہم اللہ پر ایمان لائے اور اس پر بھی جو موسیٰ علیہ السلام اللہ کی طرف سے لے کر آئے ہیں اور ہم جس غلط نظریہ پر تھے اس سے اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرتے

Marfat.com

الْأَرْضِ، يُصْبِحُونَ كُلَّ يَوْمٍ فَيَسِيرُونَ لَيْسَ لَهُمْ قَرَارٌ، ثُمَّ ظَلَّلَ عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ فِي التِّيهِ، وَأَنْزَلَ عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَى، وَجَعَلَ لَهُمْ ثِيَابًا لَا تَبْلَى وَلَا تَتَّسِخُ، وَجَعَلَ بَيْنَ ظُهُورِهِمْ حَجَرًا مُرَبَّعًا، وَأَمَرَ مُوسَى فَضَرَبَهُ بِعَصَاهُ (فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا) (البقرة:60) فِي كُلِّ نَاحِيَةٍ ثَلَاثَةُ أَعْيُنٍ، وَأَعْلَمَ كُلَّ سِبْطٍ عَيْنَهُمُ الَّتِي يَشْرَبُونَ مِنْهَا لَا يَرْتَحِلُونَ مِنْ مَنْقَلَةٍ إِلَّا وُجِدَ ذَلِكَ الْحَجَرُ فِيهِمْ بِالْمَكَانِ الَّذِي كَانَ فِيهِ بِالْأَمْسِ رَفَعَ ابْنُ عَبَّاسٍ هَذَا الْحَدِيثَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَدَّقَ ذَلِكَ عِنْدِي، أَنَّ مُعَاوِيَةَ، سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، حَدَّثَ هَذَا الْحَدِيثَ فَأَنْكَرَهُ عَلَيْهِ أَنْ يَكُونَ الْفِرْعَوْنِيُّ هَذَا الَّذِي أَفْشَى عَلَى مُوسَى أَمْرَ الْقَتِيلِ الَّذِي قُتِلَ، قَالَ: فَكَيْفَ يُفْشِي عَلَيْهِ وَلَمْ يَكُنْ عَلِمَ بِهِ وَلَا ظَهَرَ عَلَيْهِ إِلَّا الْإِسْرَائِيلِيُّ الَّذِي حَضَرَ ذَلِكَ وَشَهِدَهُ، فَغَضِبَ ابْنُ عَبَّاسٍ، وَأَخَذَ بِيَدِ مُعَاوِيَةَ فَذَهَبَ بِهِ إِلَى سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ الزُّهْرِيِّ فَقَالَ: يَا أَبَا إِسْحَاقَ، هَلْ تَذْكُرُ يَوْمَ حَدَّثَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتِيلِ مُوسَى الَّذِي قَتَلَهُ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ الْإِسْرَائِيلِيُّ أَفْشَى عَلَيْهِ أَمِ الْفِرْعَوْنِيُّ؟ فَقَالَ: إِنَّمَا أَفْشَى عَلَيْهِ الْفِرْعَوْنِيُّ بِمَا سَمِعَ مِنَ الْإِسْرَائِيلِيِّ الَّذِي شَهِدَ ذَلِكَ وَحَضَرَهُ

ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے اپنے وطن میں فرعون اور اس کے گروہ کی کمر توڑ دی اور حق کو ظاہر کر دیا'' اور باطل کر دیا اس کو جسے وہ کرتے تھے۔ وہ وہیں پر مغلوب ہو گئے اور ذلیل ہو گئے''۔ اور فرعون کی بیوی ظاہراً باہر بڑی عاجزی سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے فرعون پر غالب آنے کی دعائیں کرتی تھی۔ سو فرعونیوں میں سے جو اُسے اس حال میں دیکھتا تو یہی گمان کرتا کہ یہ فرعون اور اس کے گروہ پر مشقت کی وجہ سے عاجزی کر رہی ہے' حالانکہ اس کی ساری پریشانی اور غم موسیٰ علیہ السلام کی وجہ سے تھا۔ فرعون کے جھوٹے وعدوں کی وجہ سے جب موسیٰ علیہ السلام کا ٹھہرنا لمبا ہو گیا (کیونکہ) جب بھی موسیٰ علیہ السلام اس کے پاس کوئی معجزہ لے آتے تو وہ بنی اسرائیل کو بھیجنے کا جھوٹا وعدہ کر دیتا۔ جب وہ مدت گزر جاتی تو اپنے وعدے کی خلاف ورزی کرتا اور بڑی ڈھٹائی سے کہتا: تیرا رب اس کے علاوہ کچھ اور بھی کر سکتا ہے؟ سو اللہ تعالیٰ نے اس پر اور اس کی قوم پر طوفان کا عذاب بھیجا' لکڑیاں' جوئیں' مینڈک اور خون نازل کیے' واضح آیات کی صورت میں' ان سب چیزوں کی شکایت اُنہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں کی اور مطالبہ کیا کہ وہ اللہ سے دعا کر کے ان کو روک دیں اور اس سے بات کی موافقت کی کہ وہ اسرائیلیوں کو اُن کے ساتھ بخوشی بھیج دے گا۔ سو جب یہ ساری چیزیں رُک گئیں تو اس نے وعدہ خلافی کی اور اپنے عہد کو توڑ دیا یہاں تک کہ حکم جاری کر دیا گیا کہ موسیٰ اپنی قوم کو لے جائیں' سو آپ رات کے وقت اپنی

Marfat.com

قوم کو لے کر نکلے' سو جب فرعون نے صبح کی اور دیکھا کہ اسرائیلی چلے گئے ہیں تو اُس نے شہروں میں اکٹھا کر کے لانے والے بھیجے۔ ان کے پیچھے ایک بہت بڑا لشکر تھا' سو اللہ تعالیٰ نے سمندر کی طرف وحی کی (جیسے اس کی شان ہے) کہ جب میرا بندہ موسیٰ علیہ السلام تجھے اپنے عصا سے مارے تو بارہ راستوں والا بن جا یہاں تک کہ موسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کو راستہ دے دے' پھر ان کے بعد فرعون اور اس کے حواریوں پر مل جانا جو باقی رہ جائیں۔ سو اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ موسیٰ علیہ السلام پر نسیان طاری ہو گیا اور اُنہوں نے سمندر کو اپنے عصا سے نہ مارا یہاں تک کہ سمندر کے کنارے پہنچ گئے جبکہ سمندر قوتِ استقلال کھو چکا تھا اس ڈر سے کہ موسیٰ علیہ السلام اپنا ڈنڈا ماریں اور وہ بے خبر ہو تو عاصی بنے۔ جب دونوں لشکر آمنے سامنے نظر آئے اور ایک دوسرے کے قریب ہوئے تو موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے کہا: ''ہم تو پکڑے گئے'' وہ کام کر دکھایئے جو آپ کے رب نے آپ کو فرمایا ہے کیونکہ نہ تو آپ کبھی جھوٹ بولتے ہیں اور نہ آپ کو جھٹلایا جاتا ہے۔ سو آپ نے فرمایا: ہاں! میرے رب نے مجھ سے وعدہ فرمایا کہ جب میں سمندر کے کنارے آؤں تو وہ بارہ راستے بنا دے گا یہاں تک کہ میں اُس سے آگے گزر جاؤں' پھر آپ نے اس عصا کا ذکر کیا۔ سو آپ نے اپنے عصا سے سمندر کو مارا تو وہ پھٹ گیا یہاں تک کہ جب فرعونیوں کے لشکر کا پہلا گروہ پہنچ گیا اور موسیٰ علیہ السلام کا آخری گروہ گزر گیا۔ سمندر نے ایسے ہی

Marfat.com

راستے بنائے جیسا اُس کے رب نے اُسے حکم دیا تھا اور جیسے موسیٰ علیہ السلام سے آپ کے رب نے وعدہ کیا تھا۔ جب موسیٰ علیہ السلام اور آپ کے تمام ساتھی اُس سے آگے گزر گئے اور فرعون اور اس کے ساتھی اس میں داخل ہو گئے تو وہ اُن پر مل گیا جیسے اللہ نے اسے حکم دیا۔ جب موسیٰ علیہ السلام سمندر پار کر گئے تو آپ کے حواریوں نے کہا: ہمیں ڈر ہے کہ کہیں فرعون غرق نہ ہو۔ سو ہم اس کی ہلاکت کا یقین نہیں کریں گے' سو آپ علیہ السلام نے اپنے رب کی بارگاہ میں دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے اسے ہلاک کر کے اس کے بدن کو سمندر سے باہر نکال دیا یہاں تک کہ ان کو یقین ہو گیا کہ واقعی وہ ہلاک ہو چکا ہے۔ پھر آگے چلتے چلتے قوم کی نظر ایسے لوگوں پر پڑی جو بتوں پر گھٹنے ٹیک کر بیٹھی ہوئی تھی' تو اُنہوں نے کہا: اے موسیٰ! جیسے ان کے معبود ہیں تو ہمارے لیے بھی ایسا معبود (بت) بنا دے۔ آپ نے فرمایا: تم جاہل قوم ہو کیونکہ یہ لوگ اپنے دین میں باطل ہیں اور جو کچھ کر رہے ہیں وہ بھی باطل ہے' تم عبرت ناک واقعات دیکھ چکے ہو اور ایسی چیزیں سن چکے ہو جو تمہاری ہدایت کے لیے کافی ہیں۔ اور آپ آگے چلے گئے' سو موسیٰ علیہ السلام نے اُن کو وہیں اُتار دیا پھر اُن سے کہا: اب تم ہارون کی اطاعت کرو کیونکہ میں نے انہیں اپنا نائب بنا دیا ہے' میں اپنے رب کی بارگاہ میں حاضری دینے والا ہوں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے ماننے والوں کو تیس دن میں واپس تشریف لانے کی مدت بتائی۔ پس جب وہ اپنے رب کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو تیس دن

Marfat.com

میں کلام کرنے کا ارادہ تھا۔ ان میں سے دو دن اور دو رات اُنہوں نے روزہ رکھا' لیکن (جب عین ملاقات کا وقت آیا تو) آپ علیہ السلام نے اس بات کو ناپسند کیا کہ اس حال میں اپنے رب سے ملاقات کریں کہ آپ کے منہ سے روزے کی بُو آ رہی ہو' تو موسیٰ علیہ السلام نے زمینی بُوٹیوں میں سے کوئی بوٹی (تھوم) منہ میں ڈال کر چبالی۔ سو اس حال میں جب حاضری ہوئی تو ربِ تعالیٰ نے فرمایا: جب تم میری ملاقات کو آنے لگے تو روزہ افطار کرلیا؟ وہ اُس حال کو زیادہ بہتر جانتا ہے جس حال پر وہ تھے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے میرے رب! میں نے اپنے اجتہاد کے مطابق اس بات کو ناپسند کیا کہ تجھ سے اس حال میں ملاقات کروں کہ میرے منہ سے روزے کی بُو آ رہی ہو۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے موسیٰ! تُو نہیں جانتا کہ روزہ دار کے منہ کی خوشبو میرے نزدیک مُشک وعنبر سے بھی زیادہ پاکیزہ ہے۔ (ملاقات کے بغیر) اب واپس جاؤ! جا کر دس روزے رکھو پھر میری بارگاہ کی حاضری دو۔ سو موسیٰ علیہ السلام کو جو حکم ملا' بجالائے۔ پس جب موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے دیکھا کہ موسیٰ علیہ السلام جو مدت بتا کر تشریف لے گئے' اُس کے مطابق واپس نہیں آئے۔ راوی کہتے ہیں: یہ بات اُن پر ناگوار گزری۔ حضرت ہارون علیہ السلام (جو پیچھے موجود تھے) اُنہیں خطبہ دیتے ہوئے کہنے لگے: بے شک تم لوگوں نے مصر سے کوچ کیا تو تمہارے پاس قومِ فرعون کی عاریتیں اور امانتیں تھیں جبکہ اُن میں تمہارے لیے اس کی مثل موجود

Marfat.com

ہے' میرا خیال ہے کہ تم ان سب چیزوں کا حساب کرو جو تمہاری اُن کے پاس ہیں' میں حلال نہیں سمجھتا کہ تمہارے پاس کسی کی کوئی امانت ہو یا اُدھار لی ہوئی کوئی چیز ہو۔ اب ہم نہ تو فرعونیوں کو اُن کی کوئی چیز واپس کریں گے اور نہ ہی اُن کی کوئی چیز اپنے پاس رکھیں گے۔ پس آپ نے ایک گڑھا کھودا اور ہر گروہ کو الگ الگ حکم جاری فرمایا کہ جس کے پاس کوئی سامان یا کوئی زیور ہے تو وہ اس گڑھے میں ڈال دے۔ . آپ نے اس پر آگ جلا کر اسے راکھ کر دیا۔ اور فرمایا: اب یہ نہ ہمارا رہا اور نہ اُن کا رہا' سامری کا تعلق اُس گروہ سے تھا جو گائے کی پوجا کرنے والے تھے اور ان کے پڑوسی (موسیٰ) تھے۔ اُن کا تعلق بنی اسرائیل سے نہ تھا۔ سو جب بنی اسرائیل شک کا شکار ہوئے تو وہ بھی موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ شک کرنے لگا۔ اس نے نشانات محسوس کیے تو اس میں سے کچھ (مٹی) لے لیا۔ پس وہ حضرت ہارون علیہ السلام کے پاس سے گزرا تو حضرت ہارون علیہ السلام نے اُس سے فرمایا: اے سامری! جو کچھ تیرے ہاتھ میں ہے اسے پھینک کیوں نہیں دیتا' حالانکہ وہ اس کو اس طرح چھپائے ہوئے تھا کہ اس پر کسی کی نظر نہ پڑے۔ اس نے کہا: یہ رسول کے نشانِ قدم کی خاک ہے جو تمہارے پاس سے گزر کے سمندر کی طرف چلا گیا ہے۔ سو میں اس میں سے ایک ذرّہ بھی نہ پھینکوں گا مگر اس صورت میں کہ آپ اللہ سے دعا کریں کہ جب میں اسے پھینکوں تو وہ کام ہو جائے جس کا میں ارادہ رکھتا ہوں۔ سو

Marfat.com

حضرت ہارون علیہ السلام نے اس کے حق میں دعا کی' اس نے کہا: میں تو ایک بچھڑا بنانا چاہتا ہوں' سو جو کچھ سامان' زیور' تانبا اور لوہا اُس گڑھے میں موجود تھے' اس نے اکٹھا کرلیا اور ایک ایسا بچھڑا تیار کیا جو اندر سے خالی تھا' اس میں رُوح نہ تھی لیکن وہ گائے کی طرح ڈکارتا تھا۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے: میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اس بچھڑے کی اپنی سرے سے کوئی آواز نہ تھی۔ بس اُس کے پیچھے سے ہوا داخل ہوتی تھی جو اُس کے آگے سے منہ کی طرف سے نکلتی تھی اور ایک آواز آتی تھی۔ (اس کی وجہ سے) بنی اسرائیل گروہوں میں بٹ گئے' پس ان میں سے ایک گروہ نے کہا: اے سامری! یہ کیا ہے؟ سو اسے تُو ہی سب سے زیادہ جانتا ہے۔ اس نے کہا: یہ تمہارا رب ہے لیکن موسیٰ علیہ السلام نے تمہیں گمراہ کیا (صحیح رب کا پتہ نہیں دیا) اور ایک گروہ بولا: ہم سامری کی اس بات کو اس وقت تک جھوٹا نہ کہیں گے جب تک موسیٰ علیہ السلام ہمارے پاس واپس نہیں آ جاتے۔ پس اگر یہ ہمارا رب ہے تو ہم اسے ضائع نہ کریں گے' اس کے بارے اپنے عجز کا اظہار کریں گے' جب ہم نے اسے دیکھ لیا ہے اور اگر یہ ہمارا رب نہیں تو ہم موسیٰ علیہ السلام کی پیروی کریں گے۔ ایک گروہ نے کھلے لفظوں میں کہا: یہ شیطانی کام ہے' نہ یہ ہمارا رب ہے نہ ہم اس پر ایمان لائیں گے اور نہ ہی تصدیق کریں گے۔ لیکن بچھڑے کے بارے میں جو کچھ سامری نے کہا' ایک گروہ کے دلوں میں اس کی بات گھر کر گئی اور اُنہیں اسی

Marfat.com

کا نشہ چڑھ گیا اور اُنہوں نے علی الاعلان تکذیب کی۔ سو حضرت ہارون علیہ السلام نے ان سے فرمایا: ''اے میری قوم! تم تو اس سے فتنہ میں مبتلا ہو گئے ہو اور اس میں کوئی شک نہیں کہ تمہارا رب تو وہ ہے جو بے حد مہربان ہے''۔ معاملہ اس طرح نہیں (جس طرح تم نے سمجھا ہے) اُن لوگوں نے کہا: موسیٰ علیہ السلام کو کیا ہوا؟ اُنہوں نے ہم سے تیس دن کا وعدہ کیا پھر وہ لوٹ کر ہمارے پاس نہیں آئے حالانکہ چالیس دن گزر گئے ہیں۔ سو اُن میں سے جو بے وقوف تھے' اُنہوں نے کہا: لگتا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام اپنے رب تک پہنچنے کا راستہ بھول گئے ہیں' سو وہ اپنے رب کو تلاش کرتے پھر رہے ہوں گے۔ سو جب موسیٰ علیہ السلام سے ان کے رب نے کلام فرمایا اور اُن سے کہا جو کچھ کہا (خدا جانے یا موسیٰ جانے) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے تشریف لے جانے کے بعد قوم جس فتنہ میں مبتلا ہوئی' آپ علیہ السلام کو اس کی خبر دی گئی۔ سو موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کی طرف اس حال میں آئے کہ غصہ میں بھی تھے اور اُن کی حالت پر افسوس کر رہے تھے۔ سو موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے جو کچھ کہا وہ آپ لوگوں نے قرآن کی زبان میں سن لیا ہے (اور وہ یہ ہے: کیا تمہارے رب نے تم سے عمدہ وعدہ نہیں کیا تھا تو کیا طویل مدت گزر گئی ہے اس وعدہ پر یا تم یہ چاہتے ہو کہ تم پر غضب اُترے تمہارے رب کی طرف سے' اس لیے تم نے توڑ ڈالا میرے ساتھ کیا ہوا وعدہ) اور اپنے بھائی کو سر کے بالوں سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچا اور تختیاں اُن کے سامنے رکھ دیں' پھر اُن

Marfat.com

کے بھائی نے اُن سے معذرت کی اور اپنے لیے مغفرت
کی دعا کی (یا موسیٰ علیہ السلام نے ان کے لیے مغفرت مانگی)
اس کے بعد آپ علیہ السلام سامری کی طرف متوجہ ہوئے اور
اُس سے فرمایا: تمہیں کس چیز نے یہ کام کرنے پر اُبھارا؟
اس نے جواب دیا: میں نے رسول کی سواری کے نشانِ
قدم کی خاک سے مٹھی بھر لی اور اُس کے بارے غور وفکر
کیا اور اس طرح میرے لیے میرے نفس نے یہ بات
سیدھی کر دی۔ (آپ نے غصہ سے) فرمایا: جا چلا جا!
پس تیرے لیے اس زندگی میں تو یہ (سزا) ہے کہ تُو کہتا
پھرے گا کہ مجھے کوئی ہاتھ نہ لگائے اور تیرے لیے ایک
اور وعدہ (عذاب) بھی ہے جس کی خلاف ورزی نہ ہوگی
اور ذرا دیکھ اپنے اُس خدا کی طرف جس پر تُو جم کر بیٹھا
رہا (اُس کا کیا حشر ہوتا ہے) ہم اسے لاڈالیں گے پھر
ہم اس سمندر میں اس (کی راکھ) کو بہا دیں گے۔ اور
اگر یہ معبود برحق ہوتا تو' سو بنی اسرائیل نے یقین حاصل
کیا اور رشک کرتے ہوئے خوش ہوئے' وہ لوگ جن کا
نظریہ اس کا بارے میں حضرت ہارون علیہ السلام کی مانند تھا'
ان میں سے ایک جماعت نے موسیٰ علیہ السلام سے عرض کی:
اپنے رب سے دعا کرو کہ وہ ہمارے لیے توبہ کا دروازہ
کھول دے جو کچھ ہم نے کیا ہے' ہم اس سے توبہ کرتے
ہیں۔ سو وہ ہمارے اُس بُرے عمل کو مٹا دے جس کے ہم
مرتکب ہوئے ہیں۔ سو (توبہ کا طریقہ یہ اپنایا کہ)
موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم میں سے اس کے لیے ستر آدمیوں
کا انتخاب کیا جو بچھڑے کی عبادت کر کے شرک میں مبتلا

Marfat.com

نہ ہوئے تھے تاکہ وہ پہاڑ کو لائیں۔ پس آپ علیہ السلام اُن کو لے کر چلے تاکہ سب کے لیے اپنے رب سے توبہ کا سوال کریں۔ اُن سے زمین پر زلزلہ طاری ہو گیا۔ سو اللہ کے نبی کو اپنی پوری قوم اور اُن کے نمائندہ وفد سے حیا آ گئی' جب اُن کے ساتھ وہ کچھ کچھ ہونے لگا جو ہونے لگا۔ سو آپ علیہ السلام نے اپنے رب کی بارگاہ میں یوں عرض کی: ''اے میرے رب! اگر تُو چاہتا تو ان لوگوں کو اس کام کا ارتکاب کرنے سے پہلے ہی مار ڈالتا اور خود مجھے ہی لیکن کیا تُو ہمیں ایک ایسے کام کے سبب ہلاک فرمانا چاہتا ہے جو ہم میں سے چند بے وقوفوں نے کیا ہے'' حالانکہ اُن میں وہ لوگ بھی تھے جن کو اللہ نے بروقت مطلع کر دیا تھا اس پر جو اس پر ایمان کی وجہ سے بچھڑے کی محبت ان کے دلوں میں گھر کر چکی تھی' سو اسی وجہ سے زمین کانپنے لگی۔ سو فرمایا: میری رحمت ہر چیز پر وسیع ہے' سو میں اپنی رحمت ان لوگوں کے لیے خاص کر دوں گا جنہوں نے تقویٰ اختیار کیا' زکوٰۃ دیتے رہے اور ان لوگوں کو اپنی رحمت عطا کروں گا جو ہماری آیتوں پر ایمان لاتے ہیں' وہ لوگ جو اس رسولِ اُمّی کی اتباع کرتے ہیں جنہیں وہ اپنے پاس تورات وانجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں۔ آپ نے عرض کی: اے میرے رب! میں نے اپنی قوم کے لیے تجھ سے توبہ کا سوال کیا ہے' تُو نے فرمایا ہے: بے شک تیری رحمت میری قوم کے علاوہ کسی اور قوم کے لیے خاص ہے۔ سو کاش! تُو مجھے مہلت دے یہاں تک کہ میں اُس ہستی کی اُمت میں زندہ ہو کر

Marfat.com

اُٹھوں جن پر تُو نے بے شمار رحمتیں فرمائی ہیں۔ سو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ان کی توبہ یہ ہے کہ اُن میں سے ہر آدمی ہر اُس کو قتل کرے جو اُسے ملے خواہ اس کا والد ہو یا بیٹا۔ سو وہ اُسے اپنی تلوار سے قتل کرے اور اس بات کی پرواہ نہ کرے کہ اُس نے کس کو قتل کیا ہے۔ آئے وہ لوگ جو موسیٰ و ہارون علیہما السلام پر مخفی تھے' اُن کے گناہوں پر اللہ نے مطلع نہ فرمایا تھا' اُنہوں نے آ کر اپنے گناہوں کا اعتراف کیا اور وہ کام کیا جس کا اُنہیں حکم دیا گیا' سو اللہ نے قاتل و مقتول دونوں کو معاف فرما دیا۔ پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام اُن سب کو لے کر ارضِ مقدس کی طرف چلے اور جب اُن کا غصہ ختم ہو گیا تو تختیاں بھی اُٹھالیں' سو آپ نے اُن سب کو وہ حکم سنایا جو آپ کو سنایا گیا تھا کہ وہ چند وظائف ادا کریں۔ یہ چیز اُن پر گراں گزری (یعنی وظائف پڑھنے اُن کا مشکل لگے) اور اُنہوں نے اس کے اقرار سے انکار کیا' سو اللہ نے اُن پر پہاڑ کو اسی طرح کھڑا کر دیا گویا کہ وہ بادل (چھتری) ہے۔ وہ اُن سے قریب ہو گیا یہاں تک کہ اُنہیں اس بات کا خوف ہوا کہ پہاڑ اُن پر گر پڑے گا۔ سو اُنہوں نے کتاب اللہ کو اپنے دائیں ہاتھوں میں تھاما اس حال میں کہ وہ پہاڑ اور زمین کی طرف اپنے کان لگائے ہوئے تھے' کتاب اُن کے ہاتھوں میں تھی۔ وہ پہاڑ کی طرف دیکھ رہے تھے اور ساتھ ہی یہ خوف طاری تھا کہ کہیں پہاڑ اُن پر گر پڑے' پھر وہ چلتے چلتے ارضِ مقدس تک پہنچ گئے' سو اُنہوں نے وہاں ایک شہر دیکھا جس میں ایک ایسی جابر قوم موجود تھی

Marfat.com

جن کی شکلیں ایسی مکروہ تھیں جو دیکھنے کے قابل نہ تھیں
اور ان کے پھلوں کے بارے میں اُنہوں نے امرِ عجیب
کا تذکرہ کیا کہ وہ بڑے بڑے تھے۔ سو اُنہوں نے
(حضرت موسیٰ علیہ السلام سے) کہا: اے موسیٰ! بے شک اس
میں تو جبّار قوم رہتی ہے اُن کے مقابلے میں ہماری
طاقت ہیچ ہے۔ بس ہم تو اس شہر میں داخل نہ ہوں گے
جب تک وہ موجود ہیں۔ پس اگر وہ اس سے نکل جائیں
تو ہم داخل ہو سکتے ہیں۔ اُن میں سے دو آدمیوں نے کہا
جو جبار لوگوں سے ڈر رہے تھے کہ ہم موسیٰ علیہ السلام پر ایمان
لائے' سو وہ آپ علیہ السلام کی طرف نکلے تو دونوں نے کہا: ہم
اپنی قوم سے واقف ہیں۔ تم صرف ان کے جسموں اور
ان کی تعداد کو دیکھ کر ڈر رہے ہو کیونکہ نہ تو اُن کے پاس
مضبوط دل ہیں اور نہ طاقت و ہمت ہے۔ سو وہ اندر
داخل ہوئے تو اُن پر دروازہ بند کر دیا گیا' سو اگر تم داخل
ہوئے تو تمہیں غالب ہو گے۔ راویوں کی ایک قوم کا
قول ہے کہ اُن کا تعلق موسیٰ علیہ السلام کی قوم سے تھا اور
حضرت سعید بن جبیر سے ایک روایت کے حوالے سے
یہ گمان کیا گیا کہ وہ دونوں جابر قوم سے تھے جو موسیٰ علیہ السلام
پر ایمان لائے۔ ان کا قول ہے کہ "من الذین
یخافون" سے مراد وہ لوگ ہیں جن سے بنی اسرائیل
ڈر رہے تھے۔ اُنہوں نے کہا: اے موسیٰ! ہم کبھی بھی اس
شہر میں داخل نہ ہوں گے جب تک وہ گروہ وہاں موجود
ہے' سو آپ جائیں اور آپ کا رب' سو تم دونوں مل کر
(اُن سے) جنگ کرو' ہم تو بس یہیں بیٹھے ہیں۔ سو

Marfat.com

اُنہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو غصہ دلایا' آپ نے اُن کے لیے بددعا کی اور انہیں فاسق و فاجر کہا حالانکہ اس سے پہلے آپ نے اُن کے لیے کبھی بددعا نہ فرمائی تھی' اب اس وجہ سے کی کہ اُنہوں نے نافرمانی کی اور بُرائی کا ارتکاب کیا یہاں تک کہ انہیں یہ دن دیکھنا پڑا۔ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ کی عرض کو شرفِ قبول بخشا اور اُن لوگوں کو اُسی طرح فاسق کہا جس طرح موسیٰ علیہ السلام نے اُنہیں فاسق فرمایا تھا اور چالیس دن تک اُن لوگوں کو مقدس زمین میں نہ پہنچنے دیا' وہ زمین میں اِدھر اُدھر گھومتے رہے (حتیٰ کہ) وہ ہر روز صبح (ایک ہی جگہ) کرتے تھے (جبکہ پوری رات سفر کرتے) پس وہ چلتے ہی رہے' انہیں چین نصیب نہ ہوا' پھر بادلوں نے انہیں تیہ میں گھیر لیا اور ان پر من وسلویٰ اُتارا۔ انہیں ایسے کپڑے عطا کیے جو نہ میلے ہوتے تھے اور نہ پھٹتے تھے' ان کے درمیان ایک مربع شکل کا پتھر بنا دیا اور موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا' سو اُنہوں نے اُس پتھر کو اپنے عصا سے مارا' تو اُس سے بارہ چشمے نکلے' ہر کونے میں تین چشمے تھے اور ان میں سے ہر گروہ نے اپنا چشمہ پہچان لیا' جس سے اُنہوں نے پینا تھا' وہ جہاں بھی کوچ کر کے جاتے وہیں اُس پتھر کو پاتے اُسی جگہ جہاں وہ ایک دن پہلے ہوتا تھا۔ یہ حدیث حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے لے کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک مرفوع ہے (یعنی درمیان میں کوئی راوی حذف نہیں) اور یہ بات میرے نزدیک تصدیق شدہ ہے کہ جناب معاویہ نے حضرت ابن عباس سے بلاواسطہ سنا ہے اور یہ حدیث

Marfat.com

بیان کی' پس اُنہوں نے اس بات سے انکار کیا کہ فرعونی وہ شخص تھا جس نے موسیٰ علیہ السلام پر مقتول کا راز افشاء کیا۔ اُنہوں نے کہا: کیسے افشاء کیا حالانکہ نہ اُسے علم تھا اور نہ اُس پر کوئی ایسی بات ظاہر تھی' ہاں! مگر وہ اسرائیلی تھا جو وہاں حاضر تھا اور اُس نے اُسے مشاہدہ کیا۔ سو حضرت ابن عباس غصہ ہوئے اور حضرت معاویہ کا ہاتھ پکڑ کر حضرت سعد بن مالک زہری تک لے گئے اور کہا: اے ابواسحاق! کیا آپ کو وہ دن یاد ہے جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے موسیٰ علیہ السلام کے مقتول کا بیان فرمایا' فرعونیوں میں سے جس کو اسرائیلی نے قتل کیا تو اس بات پر موسیٰ علیہ السلام پر اسرائیلی نے افشاء کیا' یا فرعونی نے؟ تو اُنہوں نے فرمایا: اس کو فرعونی نے افشاء کیا جو اُس نے اسرائیلی سے سنا جو وہاں حاضر تھا اور اُس نے خود مشاہدہ کیا۔

**2611** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى قَالَ: قُرِءَ عَلَى بِشْرِ بْنِ الْوَلِيدِ: أَخْبَرَكُمْ أَبُو يُوسُفَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: " نَهَانِي خَلِيلِي عَنْ ثَلَاثٍ، وَأَمَرَنِي بِثَلَاثٍ: نَهَانِي أَنْ أَنْقُرَ، نَقْرَ الدِّيكِ، وَأَنْ أَلْتَفِتَ الْتِفَاتَ الثَّعْلَبِ، أَوْ أُقْعِيَ إِقْعَاءَ السَّبُعِ، وَأَمَرَنِي بِالْوِتْرِ قَبْلَ النَّوْمِ، وَصَوْمِ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَصَلَاةِ الضُّحَى "

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے دوست نے تین چیزوں سے منع کیا اور تین چیزوں کا حکم دیا۔ جس سے منع کیا وہ یہ ہیں: (۱) مرغ کی طرح ٹھونگا مارنے سے (یعنی نماز میں) (۲) لومڑی کی طرح اِدھر اُدھر دیکھنے سے (۳) کتے کی طرح کلیوں کو بچھانے سے' یہ سب باتیں نماز میں کرنے سے۔ جن چیزوں کا حکم دیا: (۱) وتر سونے سے پہلے ادا کرنے کا (۲) ہر ماہ تین

**2611**- الحديث في المقصد العلي برقم: **289** . وأخرجه أحمد جلد**2**صفحه**311** من طريق يحيى بن آدم' حدثنا شريك' عن يزيد بن أبي زياد' عن مجاهد' عن أبي هريرة . وأخرجه أحمد جلد**2**صفحه**265** من طريق محمد بن فضيل' عن يزيد بن أبي زياد' عمن سمع أبا هريرة' عن أبي هريرة .

Marfat.com

روزے رکھنے کا (۳) چاشت کی نماز کا۔

**2612** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى قَالَ: قُرِءَ عَلَى بِشْرٍ، أَخْبَرَكُمْ أَبُو يُوسُفَ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، وَالْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَائِمًا، ثُمَّ يَجْلِسُ ثُمَّ يَقُومُ فَيَخْطُبُ . فَزَادَ ابْنُ أَبِي لَيْلَى حَرْفًا، قَالَ: فَجَلَسَ جُلُوسًا خَفِيفًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کے دن کھڑے ہوکر خطبہ دیتے تھے' پھر بیٹھ جاتے پھر کھڑے ہوکر بقیہ خطبہ دیتے۔ ابن لیلیٰ نے ایک حرف کا اضافہ کیا ہے کہ آپ (درمیان میں) مختصر طور پر بیٹھتے تھے۔

**2613** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى قَالَ: قُرِءَ عَلَى بِشْرٍ: أَخْبَرَكُمْ أَبُو يُوسُفَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوًا مِنْ ذٰلِكَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

**2614** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى قَالَ: قُرِءَ عَلَى بِشْرٍ: أَخْبَرَكُمْ أَبُو يُوسُفَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، وَأَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ سُلَيْكًا الْغَطَفَانِيَّ، جَاءَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، فَقَالَ: أَصَلَّيْتَ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ تَجَوَّزْ فِيهِمَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سلیکا الغطفانی آیا اس حالت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کا خطبہ دے رہے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نے نماز پڑھی ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو رکعتیں ادا کرو' اس میں قرأت مختصر کرو۔

**2615** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى قَالَ: قُرِءَ عَلَى

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

**2612**- الحديث سبق برقم: **2485** فراجعه .

**2613**- أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: **5256** . والنسائي جلد **3** صفحه **110** . وابن ماجة رقم الحديث: **1106** من طريق سفيان . وأخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: **5257** . والنسائي جلد **3** صفحه **110,109** من طريق اسرائيل . وأخرجه الطيالسي رقم الحديث: **691** . وأحمد جلد **5** صفحه **101** .

**2614**- الحديث سبق في مسند جابر بن عبد الله في عدة مواضع فراجعه .

**2615**- اخرجه مالك في الموطأ رقم الحديث: **13** من طريق عبد الله بن دينار' ونافع بهذا السند . ومن طريقه: أخرجه

Marfat.com

بِشْرٍ: أَخْبَرَكُمْ أَبُو يُوسُفَ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: صَلَاةُ اللَّيْلِ مَثْنَى مَثْنَى، فَإِذَا خِفْتَ الصُّبْحَ فَأَوْتِرْ بِوَاحِدَةٍ، إِنَّ اللّٰهَ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ لِأَنَّهُ وَاحِدٌ

فرمایا: رات کو نماز دو دو رکعتیں ہیں جب تجھے خوف ہو صبح ہونے کا، ایک رکعت کے ساتھ وتر کرلو۔ بے شک اللہ تعالیٰ طاق ہے اور طاق پسند کرتا ہے کیونکہ وہ اکیلا ہے۔

**2616** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى قَالَ: قُرِءَ عَلَى بِشْرٍ: أَخْبَرَكُمْ أَبُو يُوسُفَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، بِنَحْوٍ مِنْ ذَلِكَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بھی اسی طرح کی روایت کرتے ہیں۔

**2617** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى قَالَ: قُرِءَ عَلَى بِشْرٍ: أَخْبَرَكُمْ أَبُو يُوسُفَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ أَدْرَكَ رَكْعَةً مِنَ الْجُمُعَةِ صَلَّى إِلَيْهَا أُخْرَى

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو جمعہ کی ایک رکعت ملی، دوسری رکعت اس کے ساتھ ملائے۔

**2618** - حَدَّثَنَا أَبُو يَعْلَى قَالَ: قُرِءَ عَلَى بِشْرٍ: أَخْبَرَكُمْ أَبُو يُوسُفَ، عَنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

---

البخاری رقم الحديث: **990** . ومسلم رقم الحديث: **749** . وأبو داؤد رقم الحديث: **1326** . والنسائی جلد**3**صفحه**233** . والبيهقی جلد**3**صفحه**21** . والدارمی جلد**1**صفحه**372,340** .

**2616**- الحديث سبق برقم: **2615** فراجعه .

**2617**- الحديث في المقصد العلی برقم: **368** . وأورده الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد**2**صفحه**192** وقال: رواه أبو يعلیٰ، وفيه: الحجاج بن أرطاة وفيه كلام . وأخرجه الدارقطنی جلد**2**صفحه**10** من طريق عبد القدوس بن بكر، عن الحجاج بهذ السند .

**2618**- أخرجه الدارقطنی فی السنن جلد**2**صفحه**13** من طريقين عن يحيیٰ بن سعيد، عن نافع بهذا السند . وأخرجه النسائی جلد**1**صفحه**274** . وابن ماجة رقم الحديث: **1123** . والدارقطنی جلد**2**صفحه**12** . من طرق عن بقية ابن الوليد، عن يونس بن يزيد، عن الزهری، عن سالم، عن ابن عمر، عن النبی صلی الله عليه وسلم .

Marfat.com

نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، مِثْلَ ذَلِكَ

**2619** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى قَالَ: قُرِءَ عَلَى بِشْرٍ: أَخْبَرَكُمْ أَبُو يُوسُفَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُحَرَّرِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّهُ نَهَى أَنْ يَتْبَعَ الْمَيِّتَ صَوْتٌ أَوْ نَارٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا: جنازہ کے پیچھے آواز (رونے) یا اس کے ساتھ آگ لے جانے سے۔

**2620** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى قَالَ: قُرِءَ عَلَى بِشْرٍ: أَخْبَرَكُمْ أَبُو يُوسُفَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنْ زُبَيْدٍ الْأَيَامِيِّ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: شَغَلَ الْمُشْرِكُونَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلَوَاتِ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ حَتَّى ذَهَبَ سَاعَةٌ مِنَ اللَّيْلِ، ثُمَّ أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالًا فَأَذَّنَ وَأَقَامَ، ثُمَّ صَلَّى الظُّهْرَ، ثُمَّ أَمَرَهُ فَأَذَّنَ وَأَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ، ثُمَّ أَمَرَهُ فَأَذَّنَ وَأَقَامَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ، ثُمَّ أَمَرَهُ فَأَذَّنَ وَأَقَامَ فَصَلَّى الْعِشَاءَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مشرکین نے چار نمازوں سے مشغول رکھا، ظہر، عصر، مغرب اور عشاء۔ یہاں تک کہ رات کا ایک حصہ چلا گیا۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا حضرت بلال کو کہ اذان دو اور اقامت کہو۔ پھر ظہر کی نماز پڑھائی پھر اذان اور اقامت کا حکم دیا عصر کی نماز پڑھائی، پھر اذان اور اقامت کا حکم دیا مغرب کی نماز پڑھائی، پھر اذان اور اقامت کا حکم دیا عشاء کی نماز پڑھائی۔

**2621** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى قَالَ: قُرِءَ عَلَى بِشْرِ بْنِ الْوَلِيدِ، أَخْبَرَكُمْ أَبُو يُوسُفَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ

حضرت عبداللہ بن ثعلبہ العذری رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے شہداء احد سے فرمایا: میں تم پر قیامت کے دن گواہی دوں گا تمام پر شہادت کی،

---

**2619**- الحديث في المقصد العلي برقم: **453** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **29** وقال: رواه أبو يعلى، وفيه عبد الله بن المحرر، ولم أجد من ذكره .

**2620**- الحديث في المقصد العلي برقم: **219** .

**2621**- أخرجه أحمد جلد **5** صفحه **431** . والنسائي جلد **4** صفحه **78**، جلد **6** صفحه **29** من طرق عن الزهري بهذا السند . وهذا الحديث مكانه مسند عبد الله بن ثعلبة العذري .

Marfat.com

الْعُذْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَّهُ قَالَ لِلشُّهَدَاءِ يَوْمَ أُحُدٍ: أَنَا الشَّهِيدُ عَلَى هَؤُلَاءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، زَمِّلُوهُمْ بِجِرَاحَاتِهِمْ وَدِمَائِهِمْ وَلَا تُغَسِّلُوهُمْ

ان کو ان کے زخموں اور خونوں کے ساتھ لپیٹ دو اور انہیں غسل نہ دو۔

**2622** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى قَالَ: قُرِءَ عَلَى بِشْرِ بْنِ الْوَلِيدِ، أَخْبَرَكُمْ أَبُو يُوسُفَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: أَنَّهُ قَالَ: كَتَبَ إِلَيْهِ نَجْدَةُ يَسْأَلُهُ: هَلْ لِلْعَبْدِ مِنَ الْمَغْنَمِ سَهْمٌ؟ وَهَلْ كُنَّ النِّسَاءُ يَحْضُرْنَ الْحَرْبَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ وَمَتَى يَجِبُ لِلصَّبِيِّ السَّهْمُ فِي الْمَغْنَمِ؟، وَعَنْ سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبَى، قَالَ: فَكَتَبَ إِلَيْهِ ابْنُ عَبَّاسٍ أَنَّهُ لَا حَقَّ لِلْعَبْدِ فِي الْمَغْنَمِ، وَلَكِنْ يُرْضَخُ لَهُ، وَكَتَبَ أَنَّ النِّسَاءَ كُنَّ يَخْرُجْنَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُدَاوِينَ الْجَرْحَى، وَأَنَّهُ يُرْضَخُ لَهُنَّ، وَأَنَّهُ لَا حَقَّ لِلصَّبِيِّ فِي الْمَغْنَمِ حَتَّى يَحْتَلِمَ، وَكَتَبَ إِلَيْهِ فِي سَهْمِ ذَوِي الْقُرْبَى أَنَّ عُمَرَ عَرَضَ عَلَيْنَا أَنْ يُزَوِّجَ مِنْهُ أَيِّمَنَا وَيَقْضِيَ مِنْهُ عَنْ مَغْرَمِنَا فَأَبَيْنَا ذَلِكَ عَلَيْهِ إِلَّا أَنْ يُسَلِّمَهُ كُلَّهُ، وَأَبَى ذَلِكَ

حضرت عطاء بن رباح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میری طرف نجدہ نے خط لکھا یہ پوچھنے کے لیے کہ کیا غلام کے لیے مالِ غنیمت میں سے حصہ ہے؟ کیا عورتیں جنگ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حاضر ہوتی تھیں؟ بچہ کے لیے مالِ غنیمت میں سے کتنا حصہ ہے؟ اور قریبی رشتہ دار کے لیے کتنا حصہ ہے؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کو جواباً خط لکھا کہ غلام کے لیے مالِ غنیمت میں سے کوئی حصہ نہیں ہے لیکن اس سے تھوڑا دے دو اور لکھا کہ عورتیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلتی تھیں اور زخمیوں کو دواء دیتی تھیں اُن کے لیے بھی تھوڑا سا حصہ ہوتا تھا' بچوں کے لیے بالغ ہونے تک مالِ غنیمت میں سے کوئی حصہ نہیں ہے اور لکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ داروں کے لیے حصہ ہے' حضرت عمر ہم کو حصہ دیتے تھے کہ ہمیں ہمارے بچوں کی شادی کرنے کے لیے اور ہمارا قرض ادا کرنے کے لیے' ہم نے انکار کر دیا مگر سارے لینے کا مطالبہ کیا تو اُنہوں نے انکار کر دیا۔

**2623** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى قَالَ: قُرِءَ عَلَى

حضرت یزید بن ھرمز فرماتے ہیں کہ میں نے نجدہ

---

2622- الحديث سبق برقم: 2544 فراجعه .

2623- الحديث سبق برقم: 2622,2544 فراجعه .

Marfat.com

بِشْرٍ: أَخْبَرَكُمْ أَبُو يُوسُفَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ، وَالزُّهْرِيِّ، وَإِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ هُرْمُزَ، أَنَّهُ قَالَ: أَنَا كَتَبْتُ، كِتَابَ ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَى نَجْدَةَ كَتَبْتَ إِلَيَّ تَسْأَلُنِي عَنْ قَتْلِ الْوِلْدَانِ، وَأَنَّ عَالِمَ مُوسَى قَتَلَ وَلِيدًا، وَقَدْ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ الْوِلْدَانِ، فَلَوْ كُنْتَ تَعْلَمُ فِي الْوِلْدَانِ مَا كَانَ يَعْلَمُ عَالِمُ مُوسَى كَانَ ذَلِكَ، وَكَتَبْتَ أَنَّ النِّسَاءَ هَلْ كُنَّ يَحْضُرْنَ الْحَرْبَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيُرْضَخُ لَهُنَّ وَلَا يُضْرَبُ لَهُنَّ بِسَهْمٍ بِالْفَيْءِ، وَقَدْ كُنَّ يَحْضُرْنَ الْحَرْبَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيُرْضَخُ لَهُنَّ وَلَا يُضْرَبُ لَهُنَّ بِسَهْمٍ . زَادَ إِسْمَاعِيلُ فِي الْحَدِيثِ، وَكَتَبْتَ تَسْأَلُنِي عَنِ الْعَبِيدِ هَلْ كَانُوا يَحْضُرُونَ الْحَرْبَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهَلْ كَانَ يُضْرَبُ لَهُمْ بِسَهْمٍ فَكَتَبَ إِلَيْهِ بِالْعَبِيدِ، كَمَا كَتَبَ فِي النِّسَاءِ، وَكَتَبْتَ تَسْأَلُنِي عَنِ الْيَتِيمِ مَتَى يَخْرُجُ مِنَ الْيُتْمِ، فَإِذَا احْتَلَمَ خَرَجَ مِنَ الْيُتْمِ، وَضُرِبَ لَهُمْ بِسَهْمٍ

کی طرف حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا خط لکھا تھا' میری طرف لکھا یہ پوچھنے کے لیے کہ بچوں کے قتل کے متعلق حالانکہ حضرت خضر علیہ السلام نے بچوں کو قتل کیا تھا حالانکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بچوں کے قتل کرنے سے منع کیا ہے' باوجودیکہ آپ حضرت خضر علیہ السلام کے متعلق جانتے تھے اور لکھا کہ کیا عورتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ میں شریک ہوتی تھیں' ان کے لیے حصہ ہوتا تھا اور اُن کے لیے مالِ فئی سے حصہ نہیں ہوتا تھا' بے شک وہ عورتیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک ہوتی تھیں اور ان کے لیے حصہ ہوتا تھا۔ اسماعیل نے حدیث میں اضافہ کیا کہ مجھ سے پوچھا ہے کہ غلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ میں حاضر ہوتے تھے اور کیا ان کے لیے حصہ ہوتا تھا؟ آپ نے جواباً لکھا غلاموں کے متعلق وہی جو عورتوں کے متعلق لکھا تھا' مجھ سے پوچھا: یتیم پن کب ختم ہوتا ہے؟ تو جب بالغ ہو جائے تو وہ یتیم پن اُس سے ختم ہو جاتا ہے اور ان کے لیے حصہ مقرر کیا جاتا رہا ہے۔

**2624** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى: قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ أَبِيهِ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو لیلۃ القدر کی رات ایمان اور ثواب کی نیت

2624- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 503,423,408 . والبخاري رقم الحديث: 1901 . ومسلم رقم الحديث: 760 . والحميدي رقم الحديث: 1007 . والنسائي جلد 8 صفحه 118 . وأبو داؤد رقم الحديث: 1372 . والدارمي جلد 2 صفحه 26 . والطيالسي رقم الحديث: 862 .

Marfat.com

عَـنْ قَتَـادَةَ، عَـنْ أَنَـسٍ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيّ صَـلَّـى الـلّٰـهُ عَـلَيْـهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَامَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ اِيمَانًا وَاحتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

سے قیام کرے، اس کے پہلے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔

**2625** - حَدَّثَنَا أَبُو يَعْلَى: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَـالِكٍ، حَـدَّثَـنَـا عَبْـدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُثْمَانَ أَبُو بَحْرٍ الْبَـكْـرَاوِيُّ، حَـدَّثَـنَـا بَحْرُ بْنُ مَرَّارٍ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِى بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّى فِى نَعْلَيْهِ

حضرت ابی بکرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو نعلین شریف میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔ (اگر صاف ہو گندگی وغیرہ نہ ہوتو جائز ہے لیکن بہتر ہے کہ اتار کر پڑھے)

**2626** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا جُبَارَةُ بْنُ مُغَلِّسٍ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، وَأَبُو شِهَابٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَـنِ الشَّعْبِـيِّ، عَـنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْـهِ وَسَلَّـمَ أُتِـىَ بِـدَلْوٍ مِنْ زَمْزَمَ، وَهُوَ يَطُوفُ، فَشَرِبَ وَهُوَ قَائِمٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس آب زم زم لایا گیا ایک ڈول اس حالت میں کہ آپ ﷺ طواف کر رہے تھے، آپ ﷺ نے کھڑے ہونے کی اسے نوش فرمایا۔

**2627** - أَخْبَـرَنَـا أَبُـو يَعْلَى، حَدَّثَنَا جُبَارَةُ، حَـدَّثَـنَـا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِى إِسْحَاقَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، بِمِثْلِ ذٰلِكَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اسی کی مثل روایت ہے۔

**2628** - أَخْبَـرَنَـا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: قُرِءَ عَلَى بِشْـرِ بْنِ الْوَلِيدِ أَخْبَرَكُمْ أَبُو يُوسُفَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ

حضرت سعید مولیٰ شقران ہو مولیٰ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے تھے کہ

---

**2625**- الحديث فى المقصد العلى: **339** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **54** وقال: رواه أبو يعلىٰ والبزار' وفيه بحر بن مرار أحد من اختلط .

**2626**- اسناد المؤلف فيه: جبارة بن مغلس' وهو ضعيف جدًا . والحديث سبق تخريجه برقم: **2402** فراجعه .

**2627**- الحديث سبق برقم: **2626,2402** فراجعه .

**2628**- أخرجه مالك رقم الحديث: **27** عن عمر بن يحيٰى بهذا النسند . ومن طريق مالك: أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **7** . ومسلم رقم الحديث: **700** . وأبو داؤد رقم الحديث: **1226** . والنسائى رقم الحديث: **741** . والبيهقى جلد **2** صفحه **4** .

Marfat.com

يَحْيَى الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ سَعِيدٍ، مَوْلَى شُقْرَانَ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ ابْنَ عُمَرَ، حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي عَلَى حِمَارٍ وَهُوَ مُتَوَجِّهٌ إِلَى خَيْبَرَ

حضور ﷺ نے گدھے پر نماز پڑھی (نفلی) اس حال میں کہ اس کا منہ خیبر کی جانب تھا۔

**2629** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: قُرِءَ عَلَى بِشْرِ بْنِ الْوَلِيدِ، أَخْبَرَكُمْ أَبُو يُوسُفَ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ امْرَأَةً سَأَلَتْهَا عَنِ الْحَائِضِ تَقْضِي الصِّيَامَ وَلَا تَقْضِي الصَّلَاةَ، فَقَالَتْ لَهَا: أَحَرُورِيَّةٌ أَنْتِ؟ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَقْضِي الصِّيَامَ، وَلَا نَقْضِي الصَّلَاةَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک عورت نے پوچھا: حالت حیض میں روزوں کی قضاء ہے اور نماز کی قضاء نہیں ہے، ایسا کیوں ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: تو احرور یہ ہے؟ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ہوتی تھیں ہم روزوں کی قضاء کرتے تھے اور نماز کی قضاء نہیں کرتے تھے۔

**2630** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: قُرِءَ عَلَى بِشْرِ بْنِ الْوَلِيدِ، أَخْبَرَكُمْ أَبُو يُوسُفَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: أَوَّلُ مَا فُرِضَتِ الصَّلَاةُ رَكْعَتَيْنِ، فَزِيدَ فِي صَلَاةِ الْحَضَرِ، وَتُرِكَتْ صَلَاةُ السَّفَرِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ سب سے پہلے نماز فرض دو رکعتیں کی گئی۔ پھر اس کے بعد مقیم کی نماز میں اضافہ کیا گیا اور سفر کی نماز کو چھوڑ دیا گیا (یعنی اس حالت پر جس حالت پر فرض ہوئی تھیں)۔

**2631** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: قُرِءَ عَلَى

حضرت عبداللہ بن مالک ابن بحینہ فرماتے ہیں

---

**2629**- اسناد المؤلف فيه: ليث بن أبي سليم، صدوق، اختلط بأخرة ولم يتميز حديثه فترك . والحديث صحيح: أخرجه أحمد جلد 6صفحه143,120,94 . والبخاري رقم الحديث: 321 من طرق عن همام . وأخرجه أحمد جلد6صفحه97 . والنسائي جلد 4صفحه191 . وابن ماجة رقم الحديث: 631 من طرق عن سعيد بن أبي عروبة كلاهما عن قتادة قال: حدثتني معاذة أن امرأة قالت لعائشة .

**2630**- سند المؤلف فيه: طلحة بن كيسان وهو مجهول كما في الميزان والجرح . واسحاق بن عبد الله لعله هو ابن أبي فروة وهو ضعيف . والحديث صحيح: أخرجه مالك في الموطأ رقم الحديث: 9 . من طريق صالح بن كيسان، عن عروة بهذا السند .

Marfat.com

بِشْرٍ: أَخْبَرَكُمْ أَبُو يُوسُفَ، عَنِ الْأَجْلَحِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ذَكْوَانَ، عَنِ الْأَعْرَجِ، أَنَّهُ قَالَ: أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَالِكِ بْنِ بُحَيْنَةَ: أَنَّهُ رَأَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى مِنَ اللَّيْلِ فَلَمْ يَجْلِسْ فِي السَّجْدَتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ، فَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ مَكَانَهُ

کہ انہوں نے حضور ﷺ کو دیکھا، رات کو آپ ﷺ پہلے دوسجدوں کے درمیان نہیں بیٹھے، آپ ﷺ نے اس کی جگہ پر دوسجدے سہو کے کیے۔

**2632** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخَيْلُ مَعْقُودٌ بِنَوَاصِيهَا الْخَيْرُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: گھوڑے کی پیشانی پر قیامت تک بھلائی ہی بھلائی رہے گی۔

**2633** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخَيْرُ مَعْقُودٌ بِنَوَاصِي الْخَيْلِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: گھوڑے کی پیشانی پر قیامت تک بھلائی ہی بھلائی رہے گی۔

**2634** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: گھوڑے کی پیشانی پر قیامت تک بھلائی ہی بھلائی

---

**2632**- اسناد المؤلف ضعيف' محمد بن جامع العطار: ضعفه أبو حاتم وترك التحديث عنه. وقال: أبو زرعة: ليس بصدوق. وأخرجه البخاری جلد 1 صفحه 514,399 من طريق مالك وعبيد الله كلاهما عن نافع به. وأخرجه مسلم جلد 2 صفحه 132.

**2633**- وأخرجه مسلم رقم الحديث: 987 من طريق محمد بن عبد الله بن بزيع' حدثنا يزيد بن زريع بهذا السند. وأخرجه أحمد جلد 2 صفحه 383,262. ومسلم رقم الحديث: 987. والترمذی رقم الحديث: 1636. وابن ماجة رقم الحديث: 2788. والبيهقی جلد 4 صفحه 81 من طرق عن سهيل بن أبي صالح به.

**2634**- الحديث سبق برقم: 2633,2632 فراجعه.

Marfat.com

عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخَيْرُ مَعْقُودٌ بِنَوَاصِي الْخَيْلِ

رہے گی۔

**2635** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيٌّ أَبُو مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْغَنَوِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: رَأَيْتُ رَأْسَ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ أُتِيَ بِهِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ زِيَادٍ، وَرَأَيْتُ رَأْسَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ أُتِيَ بِهِ الْمُخْتَارُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ، وَرَأَيْتُ رَأْسَ الْمُخْتَارِ أُتِيَ بِهِ مُصْعَبُ بْنُ الزُّبَيْرِ، وَرَأَيْتُ رَأْسَ مُصْعَبٍ أُتِيَ بِهِ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَرْوَانَ قَالَ أَبُو يَعْلَى: مَا كَانَ لِهَؤُلَاءِ عَمَلٌ إِلَّا الرُّءُوسُ

حضرت ابو عبدالرحمٰن الغنوی، عبد الملک بن عمیر سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کا سر مبارک دیکھا، اس کو عبداللہ بن زیاد کے پاس لایا گیا تھا اور میں نے عبداللہ بن زیادہ کے سر کو دیکھا وہ مختار بن ابی عبید کے پاس لایا گیا تھا، میں نے مختار کا سر دیکھا اس کو مصعب بن زبیر کے پاس لایا گیا تھا، میں نے مصعب بن زبیر کا سر دیکھا اس کا سر عبدالملک بن مروان کے پاس لایا گیا تھا۔ امام ابویعلیٰ فرماتے ہیں: ان تمام کا جو انجام ہوا' وہ سر ہی لائے گئے تھے۔

**2636** - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُقْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، قَالَ: صَنَعْتُ طَعَامًا فَدَعَوْتُ سُلَيْمَانَ الْأَعْمَشَ، فَبَلَغَنِي عَنْهُ أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ وَضَّاحًا دَعَانَا عَلَى عِرْقٍ عَائِرٍ، وَرُمَّانٍ حَامِضٍ ، قَالَ: فَلَقِيتُ رَقَبَةَ بْنَ مَسْقَلَةَ فَشَكَوْتُهُ إِلَيْهِ، فَقَالَ: أَكْفِيكَ ، فَلَقِيَهُ فَقَالَ: " يَا أَبَا مُحَمَّدٍ، دَعَاكَ أَخٌ مِنْ إِخْوَانِنَا فَأَكْرَمَكَ، ثُمَّ تَقُولُ عَلَى عِرْقٍ عَائِرٍ وَرُمَّانٍ حَامِضٍ: أَمَا وَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُكَ إِلَّا شَرِسَ الطَّبِيعَةِ، دَائِمَ الْقُطُوبِ، سَرِيعَ

حضرت امام ابوعوانہ فرماتے ہیں کہ میں نے کھانا تیار کیا' سلیمان الاعمش کی دعوت کی' ان کی طرف سے مجھے یہ بات معلوم ہوئی کہ اُنہوں نے کہا ہے کہ وضاح نے میری دعوت کی ہے جس میں سی عرق اور کھٹے انار پیش کیا ہے۔ فرماتے ہیں: پس میں اس سلسلہ میں عقبہ بن مسقلہ سے ملا اور ان کے سامنے اُن کی شکایت کی تو اُنہوں نے میری طرف سے' اُن سے بات کرنے کی حامی بھرلی' پس اُنہوں نے اُن سے ملاقات کر کے کہا: تیرے مسلمان بھائیوں میں سے ایک بھائی نے تیری

**2635**- الخبر في المقصد العلي برقم: **1365** . أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**9**صفحه**196** . وقال: رواه الطبراني وأبو يعلى بنحوه......ورجال الطبراني ثقات . وأورده ابن حجر في المطالب العالية: **4519** .

**2636**- الخبر في المقصد العلي برقم: **1026** . وأورده الهيثمي في جلد **8**صفحه**180** وقال: رواه أبو يعلى باسناد حسن .

Marfat.com

الْـمَلَلِ، مُسْتَخِفًّا بِحُقُوقِ الزَّوْرِ، كَأَنَّكَ تُسْعَطُ الْخَرْدَلَ إِذَا سُئِلْتَ الْحِكَايَةَ"

دعوت کی اپنی طاقت کے مطابق تیری عزت کی' پھر آپ کہتے ہیں کہ اُنہوں نے سی عرق اور کھٹا انار کھلایا پلایا ہے' قسم ہے میں نے تیرے جیسا خراب مزاج' جلدی اُکتا جانے والا اور ملاقات کے حقوق کو پامال کرنے والا نہیں دیکھا۔

**2637** - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: لَقَّنْتُ سَلَمَةَ بْنِ عَلْقَمَةَ، فَحَدَّثَنِي بِهِ فَرَجَعَ عَنْهُ، ثُمَّ قَالَ: إِذَا أَرَدْتَ أَنْ يُكَذِّبَ صَاحِبُكَ فَلَقِّنْ

حضرت حماد بن زید فرماتے ہیں کہ میں نے سلمہ بن علقمہ سے ملاقات کی مجھے انہوں نے بیان کیا، وہ اس سے واپس آ گئے، پھر فرمایا: جب تو ارادہ کرے اپنے ساتھی کو جھٹلانے کا، اس کو تلقین کر۔

**2638** - حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ قَاسِمٍ الْأَنْصَارِيُّ، مِنْ وَلَدِ رِفَاعَةَ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو مُصْعَبٍ إِسْمَاعِيلُ بْنُ قَيْسِ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، حَدَّثَنَا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، قَالَ: اسْتَأْذَنَ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْهِجْرَةِ، فَقَالَ لَهُ: يَا عَمِّ، أَقِمْ مَكَانَكَ الَّذِي أَنْتَ بِهِ فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَخْتِمُ بِكَ الْهِجْرَةَ كَمَا خَتَمَ بِيَ النُّبُوَّةَ

حضرت سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ہجرت کی اجازت مانگی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اے چچا! اپنی جگہ ٹھہریئے جس جگہ آپ ہیں۔ بے شک اللہ تعالیٰ آپ کے لیے ہجرت ختم کر دے گا۔ جیسے میرے آنے سے نبوت ختم کر دی گئی۔

**2639** - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ شُعْبَةَ، يَقُولُ: إِنَّ

حضرت شعبہ فرماتے ہیں کہ یہ بات تم کو اللہ کے ذکر سے، نماز سے اور صلہ رحمی سے روکتی ہے، کیا تم باز

---

**2637**- الخبر في المقصد العلي برقم: **77** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **149** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله ثقات . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **3033** . والخطيب في الكفاية: **149** .

**2638**- الحديث في المقصد العلي برقم: **1393** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **9** صفحه **269,268** وقال: رواه أبو يعلى' وفيه: أبو مصعب اسماعيل بن قيس' وهو متروك .

**2639**- الخبر في المقصد العلي برقم: **90** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **165** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله موثقون .

Marfat.com

هَذَا الْحَدِيثُ يَصُدُّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ، وَعَنِ الصَّلَاةِ، وَعَنْ صِلَةِ الرَّحِمِ، فَهَلْ أَنْتُمْ مُنْتَهُونَ؟

آجاؤ گے؟

**2640** - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا بِشْرٌ، قَالَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، حَدَّثَنِي ذَكْوَانُ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ، جَاءَ يَسْتَأْذِنُ عَلَى عَائِشَةَ، وَهِيَ فِي الْمَوْتِ، قَالَ: فَجِئْتُ وَعِنْدَ رَأْسِهَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، فَقُلْتُ: هَذَا ابْنُ عَبَّاسٍ يَسْتَأْذِنُ عَلَيْكِ؟، قَالَتْ: دَعْنِي مِنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فَلَا حَاجَةَ لِي بِهِ وَلَا بِتَزْكِيَتِهِ، قَالَ: فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: يَا أُمَّتَاهُ، إِنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَبَّاسٍ مِنْ صَالِحِي بَنِيكِ يُرِيدُ أَنْ يُسَلِّمَ عَلَيْكِ، قَالَتْ: فَأْذَنْ لَهُ إِنْ شِئْتَ، قَالَ: فَجَاءَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَقَعَدَ، فَقَالَ: أَبْشِرِي فَوَاللَّهِ مَا بَيْنَكِ وَبَيْنَ أَنْ تُفَارِقِي كُلَّ نَصَبٍ وَتَلْقَيْ مُحَمَّدًا وَالْأَحِبَّةَ إِلَّا أَنْ تُفَارِقَ رُوحُكِ جَسَدَكِ، قَالَتْ: أَيْضًا يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ: كُنْتِ أَحَبَّ نِسَاءِ رَسُولِ اللَّهِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَمْ يَكُنْ يُحِبُّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا طَيِّبًا، سَقَطَتْ قِلَادَتُكِ يَوْمَ الْأَبْوَاءِ فَأَصْبَحَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَنْزِلِ يَلْتَقِطُهَا، وَأَصْبَحَ النَّاسُ لَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ فَأَنْزَلَ اللَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى أَنْ تَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا فَكَانَ ذَلِكَ مِنْ سَبَبِكِ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ

حضرت ذکوان فرماتے ہیں کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ تشریف لائے حضرت ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے اجازت چاہی اس بیماری میں جس میں آپ نے وصال فرمایا تھا۔ میں آپ کے پاس آیا اور آپ کے سر کے پاس حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر تھے۔ میں نے عرض کی: یہ ابن عباس ہیں (آپ رضی اللہ عنہا کی عیادت کرنے کے لیے) آپ رضی اللہ عنہا کے پاس آنے کی اجازت طلب کر رہے ہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: چھوڑ دو مجھے، ابن عباس رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے (یعنی میں بیمار ہوں اور مجھ میں ہمت نہیں ہے)۔ مجھے ان کی کوئی ضرورت نہیں ہے اور نہ اُن کے پاس۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی، اے امی جان بے شک عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما آپ رضی اللہ عنہا کے نیک فرزندوں میں سے ہے، وہ آپ رضی اللہ عنہا کو سلام کرنا چاہتے ہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اس کو اجازت دے دو اگر تو چاہتا ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما تشریف لائے۔ اس کے بعد بیٹھ گئے۔ عرض کی: اللہ کی قسم! آپ کو خوشخبری ہو۔ آپ کے درمیان اور ان کے درمیان جو دنیا سے چلے گئے ان سے ملاقات کا اتنا وقت رہ گیا جتنا روح کا جسم سے جدا ہونے کا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہا نے بھی کہا: اے ابن عباس! یہ بھی ہوگا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے

---

**2640**- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **276** رقم الحديث: **2496** قال: حدثنا معاوية بن عمرو' قال: حدثنا زائدة . وفي جلد **1** صفحه **349** رقم الحديث: **3262** قال: حدثنا عبد الرزاق' قال: أخبرنا معمر .

Marfat.com

لِهَـٰذِهِ الْأُمَّةِ مِنَ الرُّخْصَةِ، ثُمَّ أَنْزَلَ اللّٰهُ بَرَاءَ تَكِ مِنْ فَوْقِ سَبْعِ سَمَاوَاتٍ، فَأَصْبَحَ لَيْسَ مَسْجِدٌ مِنْ مَسَاجِدِ اللّٰهِ يُذْكَرُ فِيهِ اللّٰهُ إِلَّا تُتْلَى فِيهِ بَرَاءَ تُكِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَآنَاءَ النَّهَارِ، قَالَتْ: دَعْنِي مِنْكَ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ، فَوَاللّٰهِ لَوَدِدْتُ أَنِّي كُنْتُ نَسْيًا مَنْسِيًّا

عرض کی: آپ حضور ﷺ کی تمام ازواج پاک سے زیادہ محبوب تھیں' حضور ﷺ آپ ہی کو پسند کرتے تھے، آپ رضی اللہ عنہا کا ابواء کے دن ہار گر گیا تھا۔ حضور ﷺ نے اسی جگہ صبح کہا۔ صحابہ کرام نے اس کو تلاش کیا۔ لوگوں نے صبح اس حالت میں کی کہ ان کے پاس پانی تک نہیں تھا۔ اللہ تعالیٰ نے حکم نازل فرمایا کہ تم پاک مٹی سے تیمم کرلو۔ یہ بھی آپ رضی اللہ عنہا کے سبب ہوا تھا۔ اللہ عزوجل نے رخصت فرمائی اس امت پر۔ پھر اللہ عزوجل نے آپ رضی اللہ عنہا کی برأت نازل فرمائی۔ سات آسمانوں کے اوپر سے کوئی مسجد نہیں ہوگی جس میں اللہ کا ذکر کیا جاتا ہو مگر وہاں پر آپ رضی اللہ عنہا پر برأت کی آیتیں نازل ہونے والی پڑھی نہ جاتی ہوں دن و رات۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے ابن عباس! مجھے چھوڑ دیں، اللہ کی قسم! میں چاہتی ہوں کہ میں بھولی بسری ہو جاتی۔

**2641** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ، حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ ابْنُ أَخِي خَلَّادِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ خَلَّادِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُولُ: بَيْنَمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، أَتَاهُ رَجُلٌ مِنْ بَنِي لَيْثِ بْنِ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ مَنَاةَ بْنِ كِنَانَةَ يَتَخَطَّى النَّاسُ حَتَّى اقْتَرَبَ إِلَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَقِمْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے، آپ ﷺ صحابہ کرام کو جمعہ کا خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ نبی لیث بن بکر بن عبد مناة بن کنانہ کا ایک آدمی آیا۔ لوگوں کی گردنیں پھلانگتا ہوا یہاں تک کہ آپ ﷺ کے قریب ہو گیا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھ پر حد قائم کیجیے۔ حضور ﷺ نے اس کو فرمایا: بیٹھ جا! بیٹھ جا! وہ بیٹھ گیا۔ پھر دوسری مرتبہ کھڑا ہوا، آپ ﷺ نے فرمایا: بیٹھ جا، وہ تیسری مرتبہ کھڑا ہوا

**2641**- الحديث في المقصد العلي برقم: **834** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **6** صفحه **266** وقال: قلت: رواه أبو داؤد وغيره باختصار .

Marfat.com

عَلَيَّ الْحَدَّ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْلِسْ فَجَلَسَ، ثُمَّ قَامَ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ: اجْلِسْ ثُمَّ قَامَ فِي الثَّالِثَةِ، فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ، فَقَالَ: وَمَا حَدُّكَ؟ قَالَ: أَتَيْتُ امْرَأَةً حَرَامًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرِجَالٍ مِنْ أَصْحَابِهِ فِيهِمْ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، وَالْعَبَّاسُ، وَزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ، وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ: انْطَلِقُوا بِهِ فَاجْلِدُوهُ مِائَةَ جَلْدَةٍ وَلَمْ يَكُنِ اللَّيْثِيُّ تَزَوَّجَ، قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَلَا تَجْلِدُ الَّتِي خَبَثَ بِهَا؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ائْتُونِي بِهِ مَجْلُودًا فَلَمَّا أُتِيَ بِهِ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَاحِبَتُكَ؟ قَالَ: فُلَانَةُ، امْرَأَةٌ مِنْ بَنِي بَكْرٍ، فَدَعَا بِهَا فَسَأَلَهَا عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَتْ: كَذَبَ وَاللّٰهِ، مَا أَعْرِفُهُ، وَإِنِّي مِمَّا قَالَ لَبَرِيئَةٌ، اللّٰهُ عَلَى مَا أَقُولُ مِنَ الشَّاهِدِينَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ شَهِدَ عَلَى أَنَّكَ خَبُثْتَ بِهَا؟ فَإِنَّهَا تُنْكِرُ فَإِنْ كَانَ لَكَ شُهَدَاءُ جَلَدْتُهَا حَدًّا، وَإِلَّا جَلَدْنَاكَ حَدَّ الْفِرْيَةِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا لِي شُهَدَاءُ فَأَمَرَ بِهِ فَجُلِدَ حَدَّ الْفِرْيَةِ ثَمَانِينَ جَلْدَةً

آپ ﷺ نے فرمایا: بیٹھ جا، آپ ﷺ نے پوچھا کیا حد چاہتا ہے؟ اس نے عرض کی میں نے ایک عورت کے ساتھ زنا کیا ہے۔ حضور ﷺ نے اپنے صحابہ سے فرمایا جو وہاں موجود تھے۔ حضرت علی، حضرت عباس، حضرت زبیر بن حارثہ، عثمان بن عفان رضی اللہ عنہم سے فرمایا: اس کو لے چلو اور اس کو سو کوڑے مارو۔ اس لیثی نے شادی نہیں کی تھی۔ عرض کی: یا رسول اللہ! کیا اس کو کوڑے ماریں اس کے خبث کی وجہ سے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے پاس کوڑا لاؤ۔ جب آپ ﷺ کے پاس لایا گیا تو حضور ﷺ نے فرمایا: تیرا ساتھی کون ہے؟ یعنی جس کے ساتھ زنا کیا۔ اس نے عرض کیا: فلانی بنی بکر کی عورت۔ آپ ﷺ نے اس کو بلوا کر اس سے اس کے متعلق پوچھا؟ اس عورت نے کہا: یہ جھوٹ بولتا ہے۔ میں اس کو نہیں جانتی ہوں، یہ جو کہہ رہا ہے میں اس سے بری ہوں۔ اللہ کی قسم! میرے پاس گواہ نہیں ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کون ہے جو گواہی دے اس پر کہ اس نے زنا کیا ہے؟ یہ عورت تو انکار کر رہی ہے۔ اگر تیرے پاس گواہ نہیں ہے تو میں تم کو چھوڑ دوں اس کو حد لگاتا ہوں۔ ورنہ حد فریہ لگاتا ہوں۔ عرض کی: یا رسول اللہ! میرے پاس گواہ نہیں ہے، آپ ﷺ نے اس کو حد فریہ لگوائی ۸۰ کوڑے۔

**2642** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ دَاوُدَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: صوامع والے اصحاب کو نہ مارو۔

2642- الحديث سبق برقم: 2543 فراجعه .

Marfat.com

بْنِ حُصَيْنٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقْتُلُوا أَصْحَابَ الصَّوَامِعِ

**2643** - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا خُصَيْفٌ، حَدَّثَنَا مِقْسَمٌ، مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ (وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَغُلَّ) (آل عمران: 161) فِي قَطِيفَةٍ حَمْرَاءَ فُقِدَتْ يَوْمَ بَدْرٍ، فَقَالَ بَعْضُ النَّاسِ: لَعَلَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَهَا فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَغُلَّ وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ) (آل عمران: 161 )"

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بدر کے دن سرخ رنگ کی چادر نہ پائی گئی جو مشرکین سے ملی تھی۔ لوگوں نے کہا، ہوسکتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لے لی ہو۔ اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''کسی نبی (علیہ السلام) کے لیے مناسب نہیں کہ وہ خیانت کرے جو خیانت کرے گا وہ قیامت کے لیے آئے گا'' (آل عمران)

**2644** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَرَّتْ شَاةٌ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ فَلَمْ يَقْطَعْ صَلَاتَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک بکری حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے سے گزری نماز کی حالت میں آپ کے اور قبلہ کے درمیان سے' آپ نے نماز نہیں چھوڑی۔

**2645** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ أَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، قَالَ:

حضرت حبیب بن ابی ثابت فرماتے ہیں کہ حضرت حسان بن ثابت نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت کے یہ

---

**2643**- الحديث سبق برقم: **243** فراجعه .

**2644**- الحديث في المقصد العلي برقم: **316** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **63** وقال: رواه أبو يعلى وفيه: أشعث بن سوار ضعفه جماعة ووثقه ابن معين .

**2645**- الحديث في المقصد العلي برقم: **34** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **24** وقال: رواه أبو يعلى' وهو مرسل . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **2995** . والذهبي في سير النبلاء جلد **2** صفحه **519,518** من طريق عبدة بن سليمان بهذا السند' وقال: هذا مرسل .

Marfat.com

أَنْشَدَ حَسَّانُ بْنُ ثَابِتٍ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْيَاتًا، فَقَالَ:

(البحر الطويل)

شَهِدْتُ بِإِذْنِ اللّٰهِ أَنَّ مُحَمَّدًا ... رَسُولُ الَّذِي فَوْقَ السَّمَاوَاتِ مِنْ عَلُ

وَأَنَّ أَبَا يَحْيَى وَيَحْيَى كِلَاهُمَا ... لَهُ عَمَلٌ فِي دِينِهِ مُتَقَبَّلُ

وَأَنَّ أَخَا الْأَحْقَافِ إِذْ قَامَ فِيهِمُ ... يَقُولُ بِذَاتِ اللّٰهِ فِيهِمْ وَيَعْدِلُ

فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَأَنَا

اشعار پڑھے:

''میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد رسول ہیں سات آسمان کے اوپر بھی عل سے'

ابویحییٰ اور یحییٰ دونوں ان کا عمل دین میں قابلِ قبول ہے'

احقاف کا بھائی جب اُن میں کھڑا ہوا اللہ کی رضا کے لیے اور عدل کیا''۔

اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا: اور میں!

**2646** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ سِنَانٍ، عَنْ أَبِي سَعْدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَرْسَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ فَأَبْطَأَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَا حَبَسَكَ؟، قَالَ: كُنْتُ حِينَ أَتَانِي رَسُولُكَ عَلَى الْمَرْأَةِ، فَقُمْتُ فَاغْتَسَلْتُ فَقَالَ: وَمَا كَانَ عَلَيْكَ أَلَّا تَغْتَسِلَ مَا لَمْ تُنْزِلْ قَالَ: فَكَانَ الْأَنْصَارُ يَفْعَلُونَ ذَلِكَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں حضور ﷺ نے انصار کے ایک آدمی کو بلوانے کے لیے بھیجا۔ اس نے کچھ آنے پر دیر کر دی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تجھے کس نے روکا تھا؟ اس نے عرض کی: جس وقت آپ ﷺ کا بھیجا ہوا آیا تھا میں اپنی بیوی کے پاس تھا، میں کھڑا ہوا اور میں نے غسل کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تجھ پر کیا تھا کہ تو نے غسل کیوں کیا جب اترا ہی کچھ نہیں تھا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! انصار ایسے ہی کرتے ہیں۔

**2647** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ،

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو کفن دیا گیا، سرخ چادر میں اور ایک قمیض تھی۔

---

**2646**- الحديث في المقصد العلي رقم: **172** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **265** وقال: رواه أبو يعلى والبزار وفيه أبو سعد البقال ضعيف . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **204** .

**2647**- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **253** رقم الحديث: **2284** قال: حدثنا عفان' قال: حدثنا عبد الواحد' قال: حدثنا الحجاج بن أرطاة . وفي جلد **1** صفحه **313** رقم الحديث: **2863** قال: حدثنا عبد الرزاق' قال: حدثنا سفيان' عن ابن أبي ليلى .

Marfat.com

عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كُفِّنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حُلَّةٍ حَمْرَاءَ، كَانَ يَلْبَسُهَا وَقَمِيصٍ

**2648** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ جُوَيْبِرٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: (إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشَى) (النجم: 16) قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ: رَأَيْتُهَا حَتَّى اسْتَثْبَتُّهَا، ثُمَّ حَالَ دُونَهَا فَرَاشُ الذَّهَبِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل کے ارشاد کے متعلق ہے: ''إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشَى'' کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے اس کو دیکھا یہاں تک کہ میں ثابت قدم رہا' پھر سونے کا فرش حائل ہوگیا۔

